لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
جلد: 19 | اتوار 20 ستمبر 2026ء 1448ھ 7 ربیع الثانی 6 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 238
www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ۝ (سورۃ البقرہ)

بھارت کے یکطرفہ اقدامات متنازع جموں و کشمیر کی حیثیت تبدیل نہیں کرسکتے، پاکستان

جموں و کشمیر سے متعلق بھارتی دعوے مسترد، انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بند کرنے کا مطالبہ‘ نام نہاد بھارتی سرکاری نقشوں اور یک طرفہ خودمختاری کے دعوؤں کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، ترجمان دفتر خارجہ

عالمی برادری بھارت کو کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کا وعدہ پورا کرنے پر مجبور کرے اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کا احترام یقینی بنائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے مقبوضہ جموں وکشمیر سے متعلق بھارتی دعوے مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ نام نہاد بھارتی سرکاری نقشوں اور یک طرفہ خودمختاری کے دعوؤں کی کوئی قانونی حیثیت نہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے اپنے بیان میں کہا کہ بھارت کے یک طرفہ اقدامات مقبوضہ کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں کر سکتے۔ دفترِ خارجہ کے ترجمان کے مطابق مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود قدیم ترین (بقیہ نمبر 2)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ارکان اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز ملاقات کر رہے ہیں

قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

آزاد کشمیر کی ترقی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائیگا وزیراعظم

آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس حوالے سے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے، امیر مقام سے گفتگو

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر نے وزیراعظم کو آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان سے متعلق امور، بالخصوص جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر نے آزاد کشمیر میں حالیہ انتخابات کے حوالے سے بھی وزیراعظم کو بریفنگ دی۔ وزیراعظم (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اقتصادی وزیر احمد چیمہ سے آئی سکلز اسیسمنٹ کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ فورسز میں لڑائی، 24 گھنٹوں میں 68 ہلاکتیں

سعودی فضائی حملوں اور زمینی لڑائی میں ان کے 40 جنگجو ہلاک ہوئے، یہ اعداد دونوں فریقوں کے دعووں پر مبنی ہیں

طائف میں ایک ڈرون کو روکنے کے بعد گرنے والے ملبے سے ایک شخص ہلاک اور دو زخمی ہوئے

ریاض (ویب ڈیسک) یمن میں حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ حکومتی فورسز کے درمیان شدید جھڑپوں میں 24 گھنٹوں کے دوران کم ازکم 68 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ یمنی حکومتی عہدیدار نے بتایا کہ حوثیوں کے میزائل اور ڈرون حملوں میں جنوب مغربی علاقوں میں 23 حکومتی فوجی مارے گئے، جبکہ حوثی فوجی ذرائع نے دعویٰ کیا کہ سعودی فضائی حملوں اور زمینی لڑائی میں ان کے 40 جنگجو ہلاک ہوئے، یہ اعداد دونوں فریقوں کے دعووں پر مبنی ہیں۔ سعودی حکام کے مطابق طائف میں ایک ڈرون کو روکنے کے بعد گرنے والے ملبے سے ایک شخص ہلاک اور دو زخمی ہوئے، (بقیہ نمبر 18)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کوہاٹ پولیس لائنز میں خودکش حملے کی پرزور مذمت

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کوہاٹ میں پولیس لائنز میں خودکش حملے کی پرزور مذمت کی- وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 20)

پاکستان علماء کونسل کی کوہاٹ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

دہشتگردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہو کر مقابلہ کرنا ہوگا‘ چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی

لاہور (این این آئی) پاکستان علماء کونسل نے کوہاٹ میں ہونے والے دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ انسانوں کو قتل کرنے والے مسلمان (بقیہ نمبر 19)

مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دیے جائیں، ایم کیو ایم کا وزیراعظم کو خط

نسرین جلیل کا مالی خودمختاری کیلئے خصوصی انتظامات کا مطالبہ، خط کی کاپیاں وزیر خزانہ، آئی ایم ایف اور عالمی بینک کو بھی ارسال

صوبوں کے لیے قومی مالیاتی کمیشن میں اپنائے گئے مالی مساوات کے اصول مقامی حکومتوں تک بھی توسیع دیے جائیں

کراچی (آئی این پی) ایم کیو ایم پاکستان نے مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کے مطالبے پر وزیراعظم شہباز شریف کو خط لکھ دیا۔ رہنما ایم کیو ایم پاکستان نسرین جلیل کی (بقیہ نمبر 21)

RAHAT
PERFORMING LIVE
CONCERT START
100
1400
2895
21000

لاہور: چیئرمین پی سی بی محسن نقوی قذافی سٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پنجاب اسمبلی کو سی پی اے گرین میس اعزاز، مسلسل تین برس میں تین عالمی اعزازات حاصل

لاہور (آئی این پی) جنوبی افریقہ کے قانون ساز دارالحکومت کیپ ٹاؤن میں جاری 69 ویں کامن ویلتھ پارلیمانی (بقیہ نمبر 24)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا نشتر ہسپتال کا وزٹ

پیٹ سی ٹی سائیکلوٹرون، کینسر ٹریٹمنٹ کیلئے کوابلیشن سنٹر کا افتتاح، سینٹر کا دورہ، مشین کا جائزہ لیا

لاہور کے بعد ملتان میں آنے والی چین میں رائج کرائیو ابلیشن مشین کے ذریعے محض سوئی استعمال کر کے کینسر رسولیوں کو ختم کر دیا جاتا ہے

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ملتان کے نشتر ہسپتال میں پیٹ-سی ٹی سائیکلوٹرون، کینسر ٹریٹمنٹ کے لئے کوابلیشن سنٹر کا افتتاح کر دیا- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نشتر ہسپتال میں کوابلیشن سینٹر کا دورہ کیا اور مشین کا جائزہ لیا- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیٹ-سی ٹی سائیکلوٹرون سنٹر کا دورہ کیا- سائیکلوٹرون مشین کے پروسیجر کا معائنہ کیا اور (بقیہ نمبر 23)

میر رضا کیس، جوڈیشل کمیشن کا سینئر پولیس افسران سے تحریری جواب لینے کا فیصلہ

سابق تفتیشی افسر شبیر لغاری کا بیان ریکارڈ، بزنس پارٹنر احمد کو اہل خانہ سے ملاقات کے بعد حلف نامہ جمع کرانے کی اجازت

کراچی (آئی این پی) میر رضا کیس کی تحقیقات کے لیے قائم جوڈیشل کمیشن نے سینئر پولیس افسران کو طلب کرنے کے بجائے ان سے تحریری جواب لینے کا فیصلہ کر لیا۔ جوڈیشل کمیشن نے گزشتہ روز کی سماعت کا حکم نامہ جاری کر دیا، جس کے مطابق کارروائی کے دوران سابق تفتیشی افسر شبیر لغاری کا بیان ریکارڈ کیا گیا جبکہ میر رضا کے بزنس پارٹنر احمد کا موقف بھی سنا گیا۔

آل پاکستان تنظیم مغل
92

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان مریدکے میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں، مغل برادری اور مریدکے کی عوام سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت کے پی ٹی اور پپری ریلوے لنک کی بحالی

1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا

پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈوئل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم ٹاسک فورس کی جانب سے اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی جاری ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت ریلوے اور بندرگاہی انفرااسٹرکچر بہتر بنا کر کارگو ترسیل مؤثر بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈوئل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت 25 بڑے ریلوے و سڑکوں کے پل اور 6 فلائی اوورز و گریڈ سپریٹرز تعمیر کیے جائیں گے۔ منصوبے میں 100 فیصد تخطیطی (بقیہ نمبر 36)

روس اور چین نے ایران پر پابندیوں کی نگرانی کیلئے امریکی قرارداد ویٹو کر دی

سلامتی کونسل کی ایک رپورٹ کے مطابق کونسل کے ان دونوں مستقل رکن ممالک نے اگست کے اواخر میں قرارداد کا متن پیش کیے جانے کے وقت ہی اس مسودے کی مخالفت کر دی تھی

2015 کے ایران جوہری معاہدے جسے جوائنٹ کمپری ہینسو پلان آف ایکشن (JCPOA) بھی کہا جاتا ہے کے تحت تشکیل دیا گیا

نیویارک (نیٹ نیوز) سلامتی کونسل کے اجلاس میں روس اور چین نے ایران پر پابندیوں کی نگرانی سے متعلق امریکی قرارداد ویٹو کر دی۔ سلامتی کونسل میں ایران پابندیوں کی نگرانی کمیٹی کی مدت بڑھانے کی قرارداد مسترد کر دی، روس اور چین نے ایران کے خلاف سنیپ بیک میکانزم کی مخالفت کی۔ سلامتی کونسل کی ایک رپورٹ کے مطابق کونسل کے ان دونوں مستقل رکن ممالک نے اگست کے اواخر میں قرارداد کا متن پیش کیے جانے کے وقت ہی اس مسودے کی مخالفت کر دی تھی۔ دونوں ممالک نے ایران کے خلاف بین الاقوامی پابندیاں بحال کرنے کے نام نہاد ’اسنیپ بیک میکانزم‘ پر اپنے شدید تحفظات اور مخالفت کا اظہار کیا تھا۔ واضح رہے کہ 2015 کے ایران جوہری معاہدے جسے جوائنٹ کمپری ہینسو پلان آف ایکشن (JCPOA) بھی کہا جاتا ہے کے تحت تشکیل دیا گیا یہ میکانزم اس معاہدے کے کسی بھی فریق کو یہ اختیار دیتا ہے کہ اگر اسے (بقیہ نمبر 37)

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن بورڈ ممبران کا اجلاس، 5 نکاتی ایجنڈے پر غور

محکمہ صنعت و تجارت و سرمایہ کاری پنجاب صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور برآمدات بڑھانے کیلئے رواں سال ایک بڑا پروگرام شروع کر رہا ہے

چھوٹی اور بڑی صنعتوں کے فروغ کیلئے 5 ارب روپے تک کا آسان قرض دیا جائے گا

منڈی بہاوالدین میں نئی انڈسٹریل اسٹیٹ بنائی جا رہی ہے جسکا سنگ بنیاد اکتوبر کے پہلے ہفتے میں رکھا جائے گا

پنجاب کی 23 سمال انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتی انفراسٹرکچر کی بہتری کا بڑا پروگرام شروع کیا جا رہا ہے‘ وزیر صنعت و تجارت پنجاب

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے بورڈ ممبران کا 138 واں اجلاس منعقد ہوا۔ پسک ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں 5 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ ایم ڈی پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن مبین الٰہی نے ایجنڈا آئٹمز بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ بورڈ نے صنعتی ترقی اینڈ ایکسپورٹ پروگرام پر محکمہ صنعت و تجارت و سرمایہ کاری (بقیہ نمبر 38)

چین کا ترقیاتی تجربہ نچلی سطح پر اختیارات، عوامی شمولیت اور بہتر طرزِ حکمرانی کی اہمیت اجاگر کرتا ہے‘ ملک محمد احمد خاں

چین نے اقتصادی و سماجی ترقی کے ساتھ عالمی سطح پر امن، تعاون اور مشترکہ ترقی کے پیغام کو بھی فروغ دیا ہے‘ سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (آئی این پی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی 75 سالہ دوستی باہمی اعتماد اور تعاون کی مضبوط بنیاد ہے، جسے آئندہ 75 برس میں مشترکہ ترقی، معاشی تعاون اور عوامی خوشحالی کے مزید مؤثر مواقع میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، چین کا ترقیاتی سفر اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ نچلی سطح پر اختیارات، عوامی شمولیت اور بہتر طرزِ حکمرانی کے (بقیہ نمبر 31)

Pakistan
KN
ABN

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کرتے ہوئے

اسحاق ڈار سے ترک سفیر، برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقاتیں، علاقائی صورتحال پر مشاورت

مسائل کے حل اور پائیدار امن کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اعلیٰ سطحی رابطوں کے بعد تعاون میں پیشرفت جاری ہے۔ سفیر ترکیہ

اسلام آباد (نیٹ نیوز) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ترکیہ کے سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر نے ملاقاتیں کیں جن میں خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا دفتر خارجہ کے مطابق ترکیہ کے سفیر عرفان سے خطے کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ مسائل کے حل اور پائیدار امن کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اس ملاقات میں پاکستان، ترکیہ کے درمیان دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے پر بات چیت ہوئیں، ترک سفیر نے مختلف دوطرفہ ادارہ جاتی میکنزمز پر پیشرفت سے (بقیہ نمبر 30)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا 10 خوارج ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین، شہید جوانوں کو خراج عقیدت

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہنگو اور شمالی وزیرستان میں کارروائیوں کے دوران 10 خوارج ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیوں میں شہید ہونے والے سکیورٹی فورسز کے جوانوں کے لئے (بقیہ نمبر 28)

27 ستمبر کو پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کیخلاف درخواست پر تفصیلی فیصلہ جاری

اسلام آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی، عدالت عالیہ

اسلام آباد (خبر نگار) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 27 ستمبر کو پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے خلاف درخواست پر تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی۔ جمعہ کو عدالت کی جانب سے جاری کردہ 37 صفحات پر مشتمل حکم نامے کے مطابق ایسی سرگرمی جس سے (بقیہ نمبر 27)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد گوجرانوالہ میں نجی یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کینسر، امراض قلب میں مبتلا مریضوں کو 1 ارب 77 کروڑ

20 لاکھ روپے کی مفت ادویات کی فراہمی کی جا چکی ہیں‘ خواجہ سلمان رفیق

وزیر صحت کی زیر صدارت اہم اجلاس، متعلقہ حکام کو رجسٹرڈ مریضوں تک ادویات کی فراہمی بارے شکایات کا فوری طور پر ازالہ کرنے کی ہدایت

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں کینسر اور امراضِ قلب میں مبتلا مریضوں تک مفت ادویات کی فراہمی کے حوالہ سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود خان نے شرکت کی۔ اس موقع پر سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ احمد کمال مان، ایڈیشنل سیکرٹری پرو (بقیہ نمبر 29)

16 سال سے کم عمر بچوں کو سوشل میڈیا کے ممکنہ نقصانات

سے محفوظ رکھنے کیلئے اسمبلی سے قرارداد کی منظوری خوش آئند ہے‘ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن

سوشل میڈیا اکاؤنٹس کیلئے عمر کی حد کا تعین، عمر کی تصدیق کا مؤثر نظام، انٹرنیٹ کے محفوظ استعمال کیلئے قانون سازی وقت کی اہم ضرورت ہے

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر برائے پارلیمانی امور مجتبیٰ شجاع الرحمٰن نے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں 16 سال سے کم عمر بچوں کو سوشل میڈیا کے ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھنے کے لیے قرارداد کی منظوری خوش آئند ہے، سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے لیے عمر کی حد کا تعین، عمر کی تصدیق کا مؤثر نظام اور انٹرنیٹ کے محفوظ استعمال کے لیے قانون سازی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

عوام کو محفوظ رکھنے کیلئے پیشگی اقدامات یقینی بنانے کیلئے مسلسل کوشاں ہیں

خواجہ سلمان رفیق

پاکستان کو شدید موسمیاتی تبدیلیوں کا سامنا

سپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کے افسران نے پی ڈی ایم اے پنجاب کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے خصوصی طور پر شرکت

ڈی جی پی ڈی ایم اے محمد سیف انور جپہ و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروسز، فارن سروسز، پاکستان پولیس سروس و دیگر سروسز کے افسران وفد میں شامل تھے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر تقریباً 50 ارب روپے کی خطیر رقم سے شہریوں کے نقصانات کا ازالہ کیا گیا

لاہور (آئی این پی) سپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کے افسران نے پی ڈی ایم اے پنجاب کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی جی پی ڈی ایم اے محمد سیف انور جپہ و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروسز، فارن سروسز، پاکستان پولیس سروس و دیگر سروسز کے افسران وفد میں شامل تھے۔ افسران نے پری فلڈ اور پوسٹ فلڈ اقدامات بارے معلومات حاصل کیں۔ وفد نے قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام بارے آگاہی بھی حاصل کی۔ وفد نے پی ڈی ایم اے کنٹرول روم کا بھی

مردان، خشک کنوئیں میں دم گھٹنے سے 3 افراد جاں بحق

مردان (آئی این پی) مردان کے علاقے مچھی جعفر آباد میں خشک کنوئیں میں دم گھٹنے سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق افراد میں باپ، بیٹا اور پڑوسی شامل ہیں،

5 اگست 2019 کے بھارتی اقدامات کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کو ختم نہیں کر سکتے، پاسبان حریت

مظفر آباد (آئی این پی) 5 اگست 2019 سے مقبوضہ جموں کشمیر میں جاری بھارتی فوجی محاصرے کو 2600 دن مکمل ہونے پر پاسبان حریت جموں کشمیر کے زیر اہتمام دارالحکومت

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نیشنل سپورٹس سٹی میں پی سی بی کی جانب سے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام میں کھلاڑیوں سے ملاقات کر رہے ہیں

انسداد دہشت گردی ترامیمی بل کیخلاف درخواست، لاہور ہائیکورٹ نے دلائل طلب کر لئے

عدالت کی جانب سے درخواست کے قابل سماعت ہونے پر آئندہ سماعت پر دلائل دینے کی ہدایت

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب اسمبلی سے پاس ہونے والے انسداد دہشت گردی ترامیمی بل کی منظوری کے خلاف دائر درخواست کے قابل سماعت ہونے سے متعلق دلائل طلب کر لئے۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری نے پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر معین الدین قریشی کی درخواست پر سماعت کی۔ اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی کی جانب سے (بقیہ نمبر 35)

عمر عبداللہ کا مقبوضہ کشمیر کی ریاستی حیثیت بحالی کا ایک بار پھر مطالبہ

پارلیمنٹ اور سپریم کورٹ میں بھی یہ یقین دہانی دی گئی تھی، لیکن حلقہ بندی اور انتخابات کے باوجود ریاستی حیثیت آج تک بحال نہیں کی گئی

انتخابات کے بعد ریاستی حیثیت بحال کر دی جائے گی، لیکن تحریری طور پر کچھ نہیں دیا گیا۔

سرینگر (آئی این پی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر کے کٹھ پتلی وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت بحال کرنے کا مطالبہ دہراتے ہوئے کہا ہے کہ اب تک انہیں صرف زبانی یقین دہانیاں دی گئی ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق، عمر عبداللہ نے امرتسر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہیں بتایا گیا تھا کہ انتخابات کے بعد ریاستی حیثیت بحال کر دی جائے گی، لیکن تحریری طور پر کچھ نہیں دیا گیا۔ انہوں نے لداخ کی قیادت کو بھی مشورہ دیا کہ وہ اپنے مطالبات کے لیے جدوجہد میں حکومت کی زبانی یقین دہانیوں پر انحصار نہ کریں۔

غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم

محکمہ داخلہ پنجاب کے فارن نیشنل سکیورٹی سیل کی موثر کارروائیاں جاری

پاکستان سے مجموعی طور پر 2,760,653 جبکہ پنجاب سے 142,820 غیر قانونی مقیم افغان باشندے واپس بھجوائے گئے

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلا کی مہم میں محکمہ داخلہ پنجاب کے فارن نیشنل سکیورٹی سیل کی موثر کارروائیاں جاری ہیں، حکومتی پالیسی کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو گرفتار کر کے ہولڈنگ سینٹرز میں لایا جا رہا ہے، جہاں ضروری دستاویزی عمل مکمل کرنے کے بعد انہیں وطن واپس بھجوایا جا رہا ہے

پاکستان کے عوام کی بدحالی کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

20 ستمبر کو کراچی سے ٹرین مارچ شروع ہوگا، ہم 23 اور 24 ستمبر کو اسلام آباد پہنچ جائیں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

حکومت عوام کو کوئی ریلیف دینے کو تیار نہیں، تیل کی قیمت جو عالمی مارکیٹ میں کم ہوئی اسے پاکستان میں کم نہیں کیا گیا،

حکومت جو پیکیج دے رہی ہے وہ ناکافی ہے، اکثریت کو سبسڈی نہیں مل رہی، حکومت نے مشکل حالات میں بھی لوگوں کی جیبوں پر ڈاکا ڈالا ہے، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ 20 ستمبر کو ٹرین مارچ شروع ہوگا ہم 23 اور 24 ستمبر کو اسلام آباد پہنچ جائیں گے، ہم ہاتھ لگانے نہیں ریلیف لینے آ رہے ہیں، حکومت عوام کو کوئی ریلیف دینے کو تیار نہیں، تیل کی قیمت جو عالمی مارکیٹ میں کم ہوئی اسے پاکستان میں کم نہیں کیا گیا، حکومت جو پیکیج دے رہی ہے وہ ناکافی ہے، اکثریت کو سبسڈی نہیں مل رہی، حکومت نے مشکل حالات میں بھی لوگوں کی جیبوں پر ڈاکا ڈالا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو کوئی ریلیف دینے کو تیار نہیں، (بقیہ نمبر 32)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اپنے آبائی حلقے شیخوپورہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

محمود عباس اقوام متحدہ سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے خطاب کریں گے، فلسطینی صدر

غزہ (آئی این پی) فلسطینی صدارت نے کہا ہے کہ فلسطینی صدر محمود عباس اگلے ہفتے نیویارک میں ہونے والے اجلاسوں میں شرکت کے لیے امریکی وزارت خارجہ کی جانب (بقیہ نمبر 33)

سعودی عرب کو جدید ایف 35 جنگی طیارے دینے کی راہ ہموار، امریکا نے منظوری دیدی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا نے سعودی عرب کو 48 جدید F-35 لائٹننگ ٹو جنگی طیارے فروخت کرنے کی ممکنہ منظوری دے دی مجوزہ دفاعی معاہدے کی مالیت 24.3 (بقیہ نمبر 34)

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

گیمبر اوکاڑہ کینٹ مقامی تاجر عابد علی فریدی ان لینڈ ریونیو کمشنر طلعت محمود ان لینڈ ریونیو اسسٹنٹ کمشنر غلام حسین دولتانہ سے گرین پلیٹ وصول کرتے ہوئے ایڈوکیٹ سیف اللہ شاکر بھی ہمراہ ہیں

گیمبر میں کمشنران لینڈ ریونیو اوکاڑہ اور ایڈیشنل کمشنران لینڈ ریونیو اوکاڑہ کی آمد، خصوصی ٹیکس اسکیم حاصل کرنے پر تاجروں کو گرین پلیٹ پیش کی گئیں

گیمبر اوکاڑہ کینٹ (رانا عبدالستار نقیبی) گیمبر میں کمشنران لینڈ ریونیو اوکاڑہ اور ایڈیشنل کمشنران لینڈ ریونیو اوکاڑہ کی آمد، خصوصی ٹیکس اسکیم حاصل کرنے پر تاجروں کو گرین پلیٹ پیش کی گئیں ایف بی آر حکام نے گیمبر کا دورہ کیا، جہاں خصوصی ٹیکس اسکیم حاصل کرنے پر تاجروں کو گرین پلیٹ پیش کی گئی۔ اس موقع پر کمشنران لینڈ ریونیو اوکاڑہ طلعت محمود، ایڈیشنل کمشنر ان لینڈ ریونیو اوکاڑہ غلام حسین دولتانہ۔ اسسٹنٹ کمشنران لینڈ ریونیو مسعود الحسن اور ایڈوکیٹ سیف اللہ شاکر بھی موجود تھے انہوں نے تاجر عابد فریدی کو خصوصی ٹیکس اسکیم حاصل کرنے پر گرین پلیٹ پیش کی۔ ایف بی آر حکام نے اس موقع پر گفتگو (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر انسداد تجاوزات مہم کے تحت سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر اصغر علی کی کچہری بازار میں دکانوں کی چیکنگ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر انسداد تجاوزات مہم کے تحت سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر اصغر علی کی کچہری بازار میں دکانوں کی چیکنگ، انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ مقررہ حدود کے اندر رہتے ہوئے کاروبار کریں اور دکانوں کے سامنے سامان رکھ کر پیدل گزرگاہوں اور سڑک پر رکاوٹ پیدا نہ کریں۔ ایس ڈی ای او پیرا نے موقع پر دکانداروں کو انسداد تجاوزات قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے اور انتظامیہ سے تعاون کرنے کی ہدایات بھی دیں۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے بازاروں میں مقررہ حدود کی پابندی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ انسداد تجاوزات مہم کا مقصد شہریوں کے لیے بہتر اور کشادہ راستوں کی فراہمی اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنا ہے۔ سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر نے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

سمال شاپ فکسڈ ٹیکس سکیم کے تحت چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانا اولین ترجیح ہے، رایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ایف بی آر تحسین صادق تارڑ

کاموکے (نامہ نگار) سمال شاپ فکسڈ ٹیکس سکیم کے تحت چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانا اولین ترجیح ہے، ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ایف بی آر تحسین صادق تارڑ نے تاجروں کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام سمال شاپ فکسڈ ٹیکس سکیم کے حوالے سے مقامی تاجروں کے لیے ایک اہم آگاہی تقریب کا مدینہ مارکیٹ کے ایک نجی ہال میں انعقاد کیا گیا جس میں ایف بی آر افسران نے تاجر برادری کو سکیم کے خدوخال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ تقریب میں ایف بی آر گوجرانوالہ کے ایڈیشنل کمشنر تحسین صادق تارڑ، ڈپٹی کمشنر سید عبید الرحمان، سینئر آڈیٹر سجاد ورک، مرکزی انجمن تاجران کے صدر شیخ منیر احمد، جنرل سیکرٹری تنویر سندھو، صدر جنرل سٹور مرچنٹس ذکاء اللہ ذیب، سیٹھ نثار، سیٹھ اکرام اور شیخ عامر نذیر سمیت تاجر نمائندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایف بی آر افسران نے کہا کہ سمال شاپ فکسڈ ٹیکس سکیم کا بنیادی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

حاجی راؤ محمد اجمل خاں کی کوہاٹ پولیس لائنز کے قریب مسجد پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

دیپالپور (امام دین+نامہ نگار) سابق رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 137 دیپالپور و سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں نے کوہاٹ پولیس لائنز کے قریب مسجد پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ نماز کے دوران مسجد اور پولیس لائنز کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور انسانیت دشمن فعل ہے پوری قوم شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے اور شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں اور دیگر شہریوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس، سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں کوہاٹ میں شہید ہونے والے اہلکاروں نے عوام کے تحفظ اور ملک کی سلامتی کے لیے اپنی جانوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

ریونیو کیس مینجمنٹ سسٹم (RCMS) کے نفاذ کے خلاف اوکاڑہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے مکمل ہڑتال

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ریونیو کیس مینجمنٹ سسٹم (RCMS) کے نفاذ کے خلاف اوکاڑہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے آج مکمل ہڑتال کی جا رہی ہے۔ وکلاء نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو (SMBR) کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے عدالتی امور کا بائیکاٹ کیا۔ وکلاء کے مطابق حکومتی نوٹیفکیشن کے تحت ریونیو سے متعلق تمام عدالتی مقدمات آن لائن دائر کیے جائیں گے جبکہ مقدمات کی فزیکل دائرگی کا طریقہ کار ختم کر دیا گیا ہے۔ وکلاء نے اس اقدام پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نئے نظام کے نفاذ سے قبل قانونی برادری کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے تھا۔ اوکاڑہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے وکلاء کا کہنا ہے کہ وہ ریونیو کیس مینجمنٹ سسٹم کے خلاف اپنا احتجاج جاری رکھیں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

میاں عبدالمجید جتالہ کو ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ممبر بننے پر عوامی سماجی حلقوں اور شہریوں سمیت دوست احباب اور مسلم لیگی ساتھیوں کی جانب سے دلی مبارکباد کا سلسلہ جاری

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماء پنجاب اسمبلی کے ٹکٹ ہولڈر MPA PP-244 میاں عبد المجید جتالہ کو ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ممبر بننے پر عوامی سماجی حلقوں اور شہریوں سمیت دوست احباب اور مسلم لیگی ساتھیوں کی جانب سے دلی مبارکباد کا سلسلہ جاری DCC رکن کا عہدہ سنبھالنے پر چشتیاں کے عوام کی جانب سے اظہار تشکر اس موقع پر سینئر جرنلسٹ و صراف رانا عمران افضل، چوہدری افضل، چوہدری حسن اختر، شیخ یونس، چوہدری زاہد، چوہدری سیف کونسلر، چوہدری جاوید ایڈووکیٹ سمیت دیگر دوستوں نے میاں عبدالمجید جتالہ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھاتے ہوئے عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اس موقع پر میاں عبدالمجید جتالہ نے اعتماد کرنے پر وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

رکن صوبائی اسمبلی سید مدد علی شاہ نے اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں احمد شیر گوندل کے ہمراہ لالہ موسیٰ کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا

لالہ موسیٰ (بیورو چیف) رکن صوبائی اسمبلی سید مدد علی شاہ نے اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں احمد شیر گوندل کے ہمراہ لالہ موسیٰ کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور وزیر اعظم کی خصوصی پٹرول ریلیف اسکیم کے تحت قائم سہولت ڈیسک کا معائنہ کیا۔ انہوں نے رجسٹریشن کے عمل، شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سبسڈی کے تحت پٹرول کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ عملے کو شہریوں کی رہنمائی اور رجسٹریشن کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایات بھی جاری کی گئیں۔

ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی کارروائی، پتلو موٹر سائیکل چور گینگ کے سرغنہ سمیت 3 ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی کارروائی، پتلو موٹر سائیکل چور گینگ کے سرغنہ سمیت 3 ملزمان گرفتار مال مسروقہ 6 لاکھ روپے نقد دو عدد موٹر سائیکل اور دو عدد سمارٹ فون برآمد۔ مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی قیادت میں ڈی ایس پی پسرور کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو نے ہیومن انٹیلیجنس آپریشن کے دوران مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے بدنام زمانہ موٹر سائیکل چور پتلو گینگ کے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا ملزمان میں محمد امین، محمد خضر اور فیضان علی شامل ہیں ملزمان کے قبضہ سے 6 لاکھ روپے نقدی، 2 موٹر سائیکلیں اور 2 موبائل فون برآمد کر لیے۔ پولیس کے مطابق برآمد ہونے والے مبینہ مالِ مسروقہ کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

لکوٹ روڈ پر بورے کے اسٹاپ کے قریب رکشے کی موٹر سائیکل کو ٹکر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ روڈ پر بورے کے اسٹاپ کے قریب رکشے کی موٹر سائیکل کو ٹکر، حادثے میں 15 سالہ لڑکی سمیت دو افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں 15 سالہ آمنہ ولد شیراز اور 20 سالہ عبداللہ ولد اشرف، سکنہ پسرور، زخمی ہوئے، جبکہ عبداللہ کی حالت ہوش میں ہے۔ اطلاع ملتے ہی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

گورنمنٹ کالج وومن یونیورسٹی میں آگاہی سیمینار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ کالج وومن یونیورسٹی میں آگاہی سیمینار، ڈی پی او کیپٹن (ر) دوست محمد کی شرکت۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی زیر نگرانی خواتین و بچوں کے تحفظ کے حوالے سے جاری آگاہی مہم کے سلسلے میں سیالکوٹ پولیس نے گورنمنٹ کالج وومن یونیورسٹی سیالکوٹ میں سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار میں ڈی پی او سیالکوٹ، وائس چانسلر ڈاکٹر شازیہ بشیر، اساتذہ اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے خطاب کرتے ہوئے خواتین اور بچوں کے تحفظ، ہراسگی کی روک تھام اور محفوظ تعلیمی و سماجی ماحول کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے طالبات کو اپنے حقوق اور حفاظتی تدابیر سے آگاہ رہنے اور کسی بھی دھمکی، ہراسگی یا استحصال کی صورت میں بروقت مدد حاصل کرنے کی ترغیب دی۔ انہوں نے خواتین و بچوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

مہنگائی نے عام آدمی سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی ہے، خالد وسیم

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کنونیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ مہنگائی نے عام آدمی سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی ہے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بار بار اضافے نے عوام کے لیے سینکڑوں نئے چیلنجز پیدا کر دیے ہیں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ہی اشیائے ضروریہ ٹرانسپورٹ اور دیگر بنیادی ضروریات زندگی کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا جاتا ہے تاہم جب پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں کمی کی جاتی ہے تو اس کا فائدہ عام آدمی تک منتقل نہیں ہوتا حکومت کی جانب سے ماضی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تقریباً ڈیڑھ سو روپے تک کمی کی گئی لیکن اس کے باوجود اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اسی تناسب سے کمی دیکھنے میں نہیں آئی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ جن عناصر نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں سابقہ اضافے کے دوران کرایوں اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ کیا وہ اب دوبارہ پٹرولیم مصنوعات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر8)

ڈسکہ تھانہ سٹی انسپکٹر نعمان احمد بٹر کی منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کارروائی، ڈھائی کلو سے زائد چرس برآمد، دو ملزمان گرفتار


ڈسکہ تھانہ سٹی
پنجاب پولیس
منشیات کے خلاف بڑی کارروائی
دو ملزمان سے مجموعی طور پر
ڈھائی کلو سے زائد چرس برآمد
ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈسکہ
انسپکٹر نعمان احمد بٹر
ملزمان گرفتار، مقدمہ درج
NAUMAN
INSPECTOR
برآمد شدہ چرس
2.5 کلو+
منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی
منشیات سے پاک معاشرہ ہم سب کی ذمہ داری
Drug Free Pakistan

ڈسکہ (رانا وحید خان ڈویژنل بیورو چیف ڈسکہ) تھانہ سٹی ڈسکہ پولیس نے منشیات کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کر کے مجموعی طور پر ڈھائی کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈسکہ انسپکٹر نعمان احمد بٹر کی سربراہی میں پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان آصف عرف بھلو، سکنہ محلہ اسلام آباد ڈسکہ، اور محمد وقاص، ساکن سمبڑیال روڈ ڈسکہ، کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے مجموعی طور پر ڈھائی کلو سے زائد 2760 گرام چرس برآمد ہوئی، جسے قبضہ پولیس میں لے کر ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ پولیس کی جانب سے ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے، جبکہ منشیات کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔ شہری حلقوں کے مطابق منشیات کے خلاف مؤثر کارروائیاں نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنے اور معاشرے کو جرائم سے پاک کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ منشیات کے سدباب کے لیے پولیس اور عوام کا باہمی تعاون بھی ناگزیر ہے۔ تھانہ سٹی ڈسکہ پولیس کا کہنا ہے کہ منشیات کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ADIG سید احمد رضا عرف پپو شاہ کے والد گرامی کی وفات پر صحافتی تعزیتی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد

شیر گڑھ (نامہ نگار) ADIG سید احمد رضا عرف پپو شاہ کے والد گرامی کی وفات پر صحافتی تعزیتی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد؛ دعائے مغفرت کی گئی ؛ تفصیلات کیمطابق شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ م، قائداعظم پریس کلب حجرہ، جناح پریس کلب چوک شاہ مقیم، نیو حجرہ پریس کلب قلعہ سوندھا سنگھ، پاکستان پریس کلب راجوال، اتحاد پریس کلب رینالہ، جاوید نگر پریس کلب حبیب آباد، بہاول شیر پریس کلب حجرہ، امید پریس کلب چوک شاہ مقیم، ہم خیال پریس کلب حجرہ، سمیت دیگر پریس کلبز کا مشترکہ تعزیتی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد ہوا اجلاس میں تمام تنظیمات کے عہدیداران (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر10)

جن ممالک کا لٹریسی ریٹ زیادہ ہے وہ ممالک اتنی ہی تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہیں، ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف لاء کالج پاکپتن کے پرنسپل نوجوان قانون دان ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جن ممالک کا لٹریسی ریٹ زیادہ ہے وہ ممالک اتنی ہی تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہیں دنیا میں جتنی بھی اقوام نے ترقی کی ہے وہ صرف اور صرف تعلیم اور ٹیکنالوجی کی بنیاد پر اس مقام پر پہنچے ہیں اور پاکستان بھی اس راستے پر گامزن ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے لٹریسی ڈے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ تعلیم کے بغیر کسی بھی معاشرے کی ترقی ناممکن ہے، بھٹہ مزدوروں ورکشاپ اور 8 ہزار سے زائد جیلوں میں موجود قیدیوں، خواجہ سراؤں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنا چاہیے تاکہ تمام طبقات معاشرے کی بہتری میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں، شرح خواندگی میں اضافے کیلئے عوامی سطح پر شعور آگاہی ناگزیر ہے، پاکستان انسٹیٹیوٹ آف لاء کالج پاکپتن کے پرنسپل نوجوان قانون دان ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ یونسکو نے 1966 میں باقاعدہ عالمی یوم خواندگی منانے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

بڈیانہ سکول جانے والے دو کمسن بھائیوں اور ان کی 14 سالہ بہن کے مبینہ اغوا کا معاملہ، بروقت کارروائی قلیل وقت میں بچے برآمد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بڈیانہ سکول جانے والے دو کمسن بھائیوں اور ان کی 14 سالہ بہن کے مبینہ اغوا کا معاملہ ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی بروقت کارروائی قلیل وقت میں بچے برآمد کر کے ورثاء کے حوالے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق بڈیانہ سکول جانے والے دو کمسن بھائی اور ان کی 14 سالہ بہن کے اغواء کا تھانہ بڈیانہ میں مقدمہ درج ہونے کے بعد پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے تینوں بچوں کو تلاش کر لیا۔ بچوں کے والد عبدالرحمٰن کے مطابق تینوں بچے صبح سکول گئے تھے تاہم واپس گھر نہ پہنچے، جس پر انہیں خدشہ ہوا کہ نامعلوم افراد نے بچوں کو اغوا کر لیا ہے اور تھانہ بڈیانہ میں مقدمہ درج کروایا گیا۔ ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو نے پولیس ٹیم کے ہمراہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایت	99202881
واپڈا شکایت سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو بی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی/بلڈ بینک	35417440

اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فیصل شہزاد چیمہ کی زیرِ نگرانی ریونیو افسران کا اہم اجلاس منعقد

دیپالپور (امام دین+نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فیصل شہزاد چیمہ کی زیرِ نگرانی ریونیو افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اپنا کھیت اپنا روزگار، پلس پراجیکٹ، ریونیو ریکوری سمیت محکمہ مال سے متعلق مختلف امور پر جاری اقدامات، پیشرفت اور مقررہ اہداف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں متعلقہ ریونیو افسران نے اپنے اپنے شعبہ جات میں ہونے والی پیشرفت، جاری سرگرمیوں اور زیرِ التوا امور کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ کو تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ ہدایات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق پالیسیوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو ریونیو سے متعلق امور میں بلاوجہ مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے اور عوامی ریلیف سے متعلق تمام اقدامات کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے ریونیو ریکوری کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

پورا پاکستان پاک فوج کی قربانیوں کا مقروض ہے، ملکی سلامتی پاک فوج کی بدولت ہے، پیر قاری غیاث القمر حسین

پاکپتن (نامہ نگار) پورا پاکستان پاک فوج کی قربانیوں کا مقروض ہے، ملکی سلامتی پاک فوج کی بدولت ہے، ان خیالات کا اظہار معروف روحانی شخصیت پیر قاری غیاث القمر حسین سجادہ نشین آستانہ عالیہ الوردی شریف نے مریدین، عمائدین علاقہ اور مختلف وفود سے ملاقات میں کیا، انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملائے، ہمیشہ سرحدوں کی حفاظت کی، پاک فوج کے جوانوں نے ملک کی خاطر اپنی جانیں نچھاور کی، جنگ ہو، دہشت گردی ہو، سیلاب ہو، پاک فوج نے ہمیشہ ملک پاکستان کی خدمت کیلئے اپنا کردار ادا کیا، ہمیں اپنے بچوں کو پاک فوج میں بھرتی کرنا چاہیے اور بچوں میں جذبہ پیدا کرنا چاہیے کہ وہ مستقبل میں اپنے ملک کی خدمت اور دفاع کیلئے ہر ممکن قدم اٹھائیں، انہوں پاکستان، سعودیہ، ترکی معاہدہ پر فیلڈ مارشل چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر14)

اوکاڑہ اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ کی زیر نگرانی ریونیو افسران کا اجلاس

خواتین و بچوں کے تحفظ کی آگاہی مہم جاری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خواتین و بچوں کے تحفظ کی آگاہی مہم، ایس پی انویسٹی گیشن محمد حسیب راجہ کا شاداب گرلز کالج میں لیکچر دیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایات پر خواتین و بچوں کے تحفظ کے حوالے سے جاری آگاہی مہم کے تحت ایس پی انویسٹی گیشن محمد حسیب راجہ نے شاداب گرلز کالج میں طالبات کو آگاہی لیکچر دیا۔ لیکچر میں خواتین و بچوں کے تحفظ، ہراسگی سے بچاؤ، ذاتی حفاظت اور سوشل میڈیا کے محفوظ و ذمہ دارانہ استعمال کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی۔ طالبات کو کسی بھی نامناسب رویے، دھمکی یا ہراسگی کی صورت میں خاموش رہنے کے بجائے قابلِ اعتماد افراد اور متعلقہ اداروں سے بروقت مدد حاصل کرنے کی ترغیب دی گئی۔ اس موقع پر تحفظ کے لیے آگاہی، خود اعتمادی اور بروقت اطلاع کی اہمیت اجاگر کی گئی اور محفوظ تعلیمی و سماجی ماحول کی تشکیل میں تعلیمی اداروں، والدین اور پولیس کے مشترکہ کردار پر زور دیا گیا۔ جاری مہم کے تحت ضلع بھر کے مختلف تعلیمی اداروں میں آگاہی لیکچرز اور سیمینارز کا سلسلہ جاری ہے، جس کا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

فوری انصاف کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے اور فوری انصاف کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے شہریوں کی شکایات اور مسائل سنانے کے لیے ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے آئے ہوئے شہریوں کے مسائل کو تفصیلاً سنا اور ان کی فوری دادرسی کے لیے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ڈی پی او کمپلینٹ سیل کو ہدایت کی کہ شہریوں کو فراہم کی جانے والی دادرسی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور تمام درخواستوں پر کی جانے والی پیشرفت کی فالو اپ رپورٹ باقاعدگی سے پیش کی جائے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے ان کے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں۔ انہوں نے عوام پر زور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

اوکاڑہ اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ کی زیرنگرانی ریونیو افسران کا اجلاس منعقد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ کی زیرنگرانی ریونیو افسران کا اجلاس، اجلاس میں اپنا کھیت اپنا روزگار، پلس پراجیکٹ اور ریونیو ریکوری کے سلسلہ میں جاری اقدامات اور پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ افسران نے اپنے شعبہ جات میں ہونے والی پیشرفت بارے بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے افسران کو ہدایت کی کہ حکومتی ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور عوامی ریلیف سے متعلق اقدامات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

اینٹی کرپشن ٹیم چنیوٹ نے کارروائی کرتے ہوئے محکمہ مال کے پٹواری نذر عباس کو مبینہ طور پر 15 ہزار روپے رشوت وصول کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) اینٹی کرپشن ٹیم چنیوٹ نے کارروائی کرتے ہوئے محکمہ مال کے پٹواری نذر عباس کو مبینہ طور پر 15 ہزار روپے رشوت وصول کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق چک نمبر 126 ج ب کے رہائشی ذاکر حسین ولد انور نے شکایت کی تھی کہ پٹواری نذر عباس نے وراثتی انتقال درج کرنے کے عوض 15 ہزار روپے رشوت طلب کی۔ رپورٹ کے مطابق اینٹی کرپشن چنیوٹ کے سرکل آفیسر ثناء اللہ نے سول جج چنیوٹ وقار احمد کی نگرانی میں ٹریپ ریڈ کیا، جس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

توجہ برائے نمائندگان نیوز ایجنٹ
MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر
نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں
0331-4667648
0321-4618852

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کا اہم اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں طلباء و طالبات کو دستیاب سہولیات، کوالٹی ایجوکیشن کے فروغ، تعلیمی معیار میں بہتری اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن وقاص احمد گل، ڈی او سیکنڈری ڈاکٹر مختار احمد سمیت دیگر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر محکمہ تعلیم کے افسران کی جانب سے تعلیمی اداروں کی صورتحال، تدریسی و انتظامی امور اور مختلف اقدامات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے کہا کہ معیاری تعلیم کی فراہمی اور سرکاری تعلیمی اداروں میں طلباء و طالبات کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو تعلیمی اداروں میں صفائی ستھرائی، پینے کے صاف پانی، واش رومز، فرنیچر سمیت دیگر ضروری سہولیات کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ چنیوٹ پولیس کی خصوصی کاوش سے شہدائے پولیس کی فیملیز، پولیس اہلکاروں کی سہولت کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ چنیوٹ پولیس اور یونیفائیڈ گروپ آف کالجز کے درمیان باہمی یادداشت کے معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ ڈی پی او آفس تقریب کے دوران ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف اور سی ای او چوہدری جہانگیر نے ایم او یو پر دستخط کیے۔ ایم او یو کے تحت شہدائے پولیس کے بچوں کو مفت تعلیم دی جائے جائے گی۔ ایم او یو کے تحت حاضر سروس پولیس اہلکاروں اور ان کے بچوں کو پچاس فیصد رعایت دی جائے گی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اہلکاروں اور ان کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے ضروری اقدامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے ضلع قصور کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے ضلع قصور کا تفصیلی دورہ کیا

قصور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے ضلع قصور کا تفصیلی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا، اے سی قصور ثاقب ترازی و دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے خوبصورتی و بحالی کے منصوبوں کا معائنہ، جاری کاموں پر اطمینان کا اظہار، دورے کے دوران کمشنر لاہور ڈویژن نے نیو بس ٹرمینل، حالیہ دنوں مکمل ہونے والے فوڈ کورٹس بلدیہ چوک و اپروچ روڈ، مزار حضرت بابا بلھے شاہ؟ اور رورل ہیلتھ سنٹر گنڈا سنگھ والا کا معائنہ کیا اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، جاری و مکمل ہونے والے ترقیاتی کاموں، صفائی ستھرائی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

تھانہ صدر چونیاں کی حدود میں نویں جماعت کی طالبہ کے ساتھ مبینہ زیادتی کا واقع

قصور (بیورو رپورٹ) تھانہ صدر چونیاں کی حدود میں نویں جماعت کی طالبہ کے ساتھ مبینہ زیادتی کا واقع۔ متاثرہ لڑکی کے والد نے ملزم کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے پولیس کو تحریری درخواست دے دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوٹ شاہ محمد سٹرال کے رہائشی لیاقت علی ولد صدیق نے پولیس کو دی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ ان کی 17 سالہ بیٹی، جو نویں جماعت کی طالبہ ہے، کو ہمسائے کی خاتون نے روٹیاں پکانے کے بہانے اپنے گھر بلایا۔ اس دوران وہاں پہلے سے موجود ملزم نوید ولد لتافت علی نے زبردستی ان کی بیٹی کو کمرے میں لے جا کر چارپائی پر گرایا اور زیادتی کا نشانہ بنایا۔ درخواست گزار کے مطابق لڑکی کے شور و واویلا کرنے پر پڑوسی موقع پر پہنچ گئے، جنہیں دیکھ کر ملزم اپنی والدہ کی مدد سے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ واقعہ کے بعد رشتے داروں کی جانب سے صلح کی کوششیں کی جاتی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

اوکاڑہ عدم برداشت پاکستان کا اہم مسئلہ ہے تعلیمی اداروں میں بچوں اور نوجوانوں کی تربیت کے لیے ورکشاپس کا انعقاد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ عدم برداشت پاکستان کا اہم مسئلہ ہے تعلیمی اداروں میں بچوں اور نوجوانوں کی تربیت کے لیے ورکشاپس کا انعقاد انتہائی ضروری ہے، رائے خالد سرور کھرل ایڈووکیٹ تفصیلات کے مطابق رائے خالد سرور کھرل ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ عدم برداشت پاکستان کا ایک اہم معاشرتی مسئلہ بن چکا ہے، جس کے خاتمے کے لیے نوجوان نسل کے ساتھ ساتھ بچوں کی اخلاقی و سماجی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ تعلیمی اداروں میں برداشت، رواداری، احترامِ انسانیت اور مثبت رویوں کے فروغ کے لیے باقاعدہ ورکشاپس اور تربیتی نشستوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مقامی سکول میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رائے خالد سرور کھرل ایڈووکیٹ نے کہا کہ معاشرے میں بڑھتی ہوئی عدم برداشت کے باعث معمولی اختلافات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

express
TV TODAY
92 NEWS
GEO

ساہیوال ریجن میں بہترین کارکردگی پر انچارج پٹرولنگ پوسٹ چوک مرلے سب انسپکٹر چوہدری سہیل برکت کو سرٹیفکیٹ ایوارڈ سے نواز دیا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) ساہیوال ریجن میں بہترین کارکردگی پر انچارج پٹرولنگ پوسٹ چوک مرلے سب انسپکٹر چوہدری سہیل برکت کو سرٹیفکیٹ ایوارڈ سے نواز دیا گیا، سیاسی سماجی حلقوں کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری، تفصیلات کے مطابق ساہیوال، پاکپتن اوکاڑہ کی 29 پٹرولنگ پولیس چوکیوں میں اعلیٰ کارکردگی پرفارم کرنے پر ایس پی پٹرولنگ ہائی وے پولیس ساہیوال ریجن غازی محمد عمر فاروق، ڈی ایس پی پٹرولنگ ہائے پولیس پاکپتن اسرار حسین اویسی نے انچارج پٹرولنگ پوسٹ چوک مرلے چوہدری سہیل برکت کو سرٹیفکیٹ ایوارڈ سے نوازا، اس موقع پر ایس پی پٹرولنگ ہائی وے پولیس ساہیوال ریجن غازی محمد عمر فاروق نے کہا کہ محنتی اور ایماندار آفیسر ادارے کی عزت کا باعث بنتے ہیں، دوسری طرف سینئر صحافی مختار پڑھیار، سابق صدر پریس کلب پاکپتن و دیگر نے ساہیوال ریجن میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

انجینئر محمد عثمان بھٹی کا بطور ایس ڈی او لیسکو چارج سنبھالنا خوش آئند ہے؛ الحاج عبدالجبار بھٹی

شیر گڑھ (نامہ نگار) انجینئر محمد عثمان بھٹی کا بطور ایس ڈی او لیسکو چارج سنبھالنا خوش آئند ہے ؛ الحاج عبدالجبار بھٹی ؛ رپورٹ کیمطابق معتبر شخصیات ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی، الحاج عبدالجبار بھٹی، سردار محمد نواز بھٹی، سردار غلام عباس بھٹی، سردار محمد احمد بھٹی، رائے مکرم حسین، محمد امجد بھٹی، میاں محمد سرور وٹو، سید علی جاوید شاہ بخاری، چوہدری سجاد ایڈووکیٹ ڈاکٹر قاضی سلمان لطیف، محمد شہباز ASI، و دیگران نے لیسکو ڈیپارٹمنٹ کے قابل آفیسر انجینئر محمد عثمان بھٹی کو سٹی سب ڈویژن نمبری 11421 میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر انسداد تجاوزات مہم کے تحت سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر اصغر علی کی کچہری بازار میں دکانوں کی چیکنگ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر انسداد تجاوزات مہم کے تحت سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر اصغر علی کی کچہری بازار میں دکانوں کی چیکنگ، انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ مقررہ حدود کے اندر رہتے ہوئے کاروبار کریں اور دکانوں کے سامنے سامان رکھ کر پیدل گزرگاہوں اور سڑک پر رکاوٹ پیدا نہ کریں۔ ایس ڈی ای او پیرا نے موقع پر دکانداروں کو انسداد تجاوزات قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے اور انتظامیہ سے تعاون (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

1122 کا قیام، ماڈل سپورٹس کمپلیکس، سیوریج، سڑک کی منظوری سے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی؛ عاشق کرمانی، راؤ سعد اجمل کے نعروں کی گونج

شیر گڑھ (نامہ نگار) 1122 کا قیام، ماڈل سپورٹس کمپلیکس، سیوریج، سڑک کی منظوری سے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی؛ عاشق کرمانی، راؤ سعد اجمل کے نعروں کی گونج؛ تفصیلات کیمطابق معتبر حلقوں سے ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی، سید حسن اختر شاہ کرمانی، سید رضا حیدر شاہ کرمانی، سید علی جواد شاہ کرمانی، سید حسن شاہ کرمانی، سید عمران شاہ کرمانی، سید قیصر المعروف جوجی شاہ، سید حسن شاہ کرمانی سابق (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

موسموں کے بدلتے رُخ اور سائنس



موسموں کی تبدیلی کا مسئلہ برس ہا برس سے چلا آرہا ہے اور ماہرین اس کے پوشیدہ رازوں کو جاننے کی کوشش بھی کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ اس پر کئی رپورٹس اور جریدے بھی شائع ہو چکے ہیں۔ چند برس قبل لندن سے شائع ہونے والے ایک جریدے میں ایک رپورٹ شائع ہوئی تھی، جس میں کہا گیا تھا کہ موسموں کی تبدیلی پوری دُنیا میں انسانی صحت کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہے۔ آنے والے برسوں میں اس کا بہت سے علاقوں پر اثر ہوگا اور کروڑوں انسانوں کی صحت اور زندگی کو خطرہ لاحق ہوگا۔ اس کی وجہ سے سمندروں کی سطح بڑھ جائے گی، طوفان اور سیلاب آئیں گے، بیماریاں پھیلیں گی اور قدرتی وسائل میں کمی آجائیگی۔

اِن عوامل کی وجہ سے بہت سے علاقے تباہ ہو جائیں گے۔ امریکہ میں کی جانے والی ایک سائنسی تحقیق کی رپورٹ کے مطابق اس بات کے واضح شواہد ملے ہیں کہ ماحول دشمن انسانی سرگرمیوں سے ماحولیاتی تبدیلیاں واقع ہورہی ہیں۔

''فیڈرل کلائمیٹ چینج'' نامی سائنسی منصوبہ یہ کہ مطابق کئی برسوں سے وقوع پذیر ہونے والی موسمیاتی و ماحولیاتی تبدیلیاں صرف قدرتی عمل کا نتیجہ نہیں ہیں۔

مذکورہ رپورٹ کے مطابق زمین کی سطح اور نچلی فضا کا درجہ حرارت بڑھ گیا ہے۔ تاہم سائنس دانوں کے مطابق اس تحقیق کے مزید تجزیے کیلئے بہتر ڈیٹا کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگرچہ زمین کی سطح کا درجہ حرارت مسلسل بڑھ رہا ہے لیکن اس کے مقابلے میں زمین کی نچلی فضا کا درجہ حرارت اس شرح سے نہیں بڑھ رہا جو کہ بہت خطرناک بات ہے۔

اور یہ حقیقت ماحولیاتی طبیعیات کے اصولوں یا قدرتی عمل کے برعکس ہے۔ ماہرین کے مطابق زمین کی نچلی فضا کے درجہ حرارت کا مشاہدہ نہایت پے چیدہ عمل ہے، جس میں غلطی کی کافی گنجائش ہوسکتی ہے۔ پہلے زمانے میں لوگ آسمان کی کیفیات دیکھ کر موسم کے بارے میں اندازے لگاتے تھے۔ لیکن آج ماہرینِ موسمیات کے پاس مختلف اور جدید قسم کے حساس و پیچیدہ آلات موجود ہیں۔

1854 میں ایک فرانسیسی بحری جنگی جہاز اور کئی تجارتی جہاز شدید طوفان کی لپیٹ میں آکر تباہ ہو گئے تھے۔ موسمیاتی ریکارڈ پر کی گئی تحقیق سے پتہ چلا ہیکہ اس تباہی سے دو دن پہلے یہ طوفان یورپ کے شمال مغرب سے جنوب مشرق تک کے علاقے کو تہس نہس کر چکا تھا۔ اگر طوفان کی حرکات کا تعیّن کرنے کا کوئی نظام موجود ہوتا تو جہازوں کو اس بارے میں پہلے سے مطلع کیا جاسکتا تھا۔

لہٰذا، تب سے فرانس میں طوفان سے لوگوں کو پہلے سے آگاہ کرنے کی قومی خدمات کا آغاز کیا گیا اور یوں جدید علمِ موسمیات کی ابتدا ہوئی۔ تاہم سائنس دانوں کو دیگر مقامات سے موسمی معلومات حاصل کرنے کیلیے فوری رابطے کے نظام کی ضرورت تھی۔ کچھ عرصے قبل سموئیل مورس کا ایجادکردہ الیکٹرک ٹیلی گراف (تار برقی) اس کام کے لیے نہایت موثر ثابت ہوا۔ اس کی مدد سے پیرس آبزرویٹری کے لئے 1863ء میں جدید طرز کے پہلے موسمی نقشے کو شائع کرنا ممکن ہوا اور 1872 تک برطانیہ کا محکمہ موسمیات بھی ایسے نقشے تیار کرنے لگا۔

ماہرینِ موسمیات کو جتنی زیادہ معلومات موصول ہوتی رہیں، وہ موسم کی پے چیدگی سے واقف ہوتے چلے گئے اور نت نئے ترسیمی آلات بناتے رہے، تاکہ موسمی نقشے اضافی معلومات مہیا کرسکیں۔

آج کل پوری دُنیا کے سیکڑوں موسمیاتی اسٹیشنز ریڈیائی موسم پیما غبارے فضا میں چھوڑتے ہیں جو موسمی حالات کے بارے میں معلومات زمین پر بھیجتے ہیں۔ اس مقصد کے لے ریڈار بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

ماہرینِ موسمیات ریڈیائی لہریں بادلوں کی جانب بھیجتے ہیں، جو ان میں موجود پانی کے قطروں اور برف سے منعکس ہو کر واپس آتی ہیں اور یوں طوفانوں کی شدت اور سمت کا تعیّن کرنا ممکن ہوتا ہے۔ درست موسمیاتی پیش گوئی کے ضمن میں 1960ء میں سائنس دانوں کو بہت بڑی کامیابی حاصل ہوئی تھی جب پہلا موسمی سیارہ ٹی وی کیمرے کے ساتھ خلا میں چھوڑا گیا۔ آج اس سے کہیں زیادہ جدید بہت سے موسمی سیارے زمین کے چاروں طرف گردش کررہے ہیں۔

آج ہمارے لیے یہ جاننا تو قدرے آسان ہے کہ اس وقت موسم کیسا ہے، مگر چند گھنٹوں بعد، اگلے دن یا آنے والے ہفتے میں موسم کیسا ہوگا، اس کی پیش گوئی کرنا ذرا مشکل کام ہے۔ پہلی عالمی جنگ کے بعد، برطانوی ماہرِ موسمیات لوئیس رچرڈسن نے خیال پیش کیا تھا کہ موسم طبیعیاتی قوانین کے تابع ہے، اس لیے وہ ریاضیات کی مدد سے موسم کی پیش گوئی کر سکتا ہے۔ لیکن اس کے وضع کردہ فارمولے اتنے پے چیدہ اور اعداد و شمار کا سلسلہ اس قدر وسیع اور وقت طلب تھا کہ انہیں استعمال کرکے پیش گوئی کرنے والوں کے کسی نتیجے پر پہنچنے سے پہلے ہی موسم گزر جاتا تھا۔

بعد میں ماہرین نے ہر چھ گھنٹے پر موسمی اعداد و شمار جمع کرنے کا طریقہ استعمال کیا۔ فرانسیسی ماہر موسمیات رانے شابو کے مطابق درست پیش گوئی کے لیے زیادہ سے زیادہ ہر تیس منٹ بعد پیائش کی جانی چاہئے۔ تاہم کمپیوٹر کی ایجاد سے اب بڑے بڑے اعداد و شمار کا تیزی سے حساب کرنا ممکن ہوگیا۔ ماہرینِ موسمیات نے زمین کی سطح کو گرڈ میں تقسیم کر دیا ہے۔ اس وقت برطانوی محکمہ موسمیات جو عالمی نقشہ استعمال کر رہا ہے، اُس پر گرڈ پوائنٹس کا درمیانی فاصلہ تقریباً 80 کلومیٹر کے فاصلے کی نمائندگی کرتا ہے۔

دی ورلڈ بک انسائیکلو پیڈیا کے مطابق، کمپیوٹر جو فارمولا استعمال کرتا ہے، وہ محض موسم کی مختلف حالتوں کی بابت سطحی معلومات ہوتی ہیں۔ لہٰذا اس میں کسی حد تک مہارت کا عمل دخل بھی ضروری ہے۔ اس ضمن میں موسمیاتی پیش گوئی کرنے والے کا کردار اہم ہے۔ وہ اس بات کا تعیّن کرنے کیلئے تجزیہ کرتا ہے کہ حاصل ہونے والی معلومات کی اہمیت کیا ہے۔ اس سے وہ زیادہ صحیح پیش گوئی کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

مثلاً جب بحرِ شمالی کی ٹھنڈی ہوائیں یورپی خطے میں داخل ہوتی ہیں تو اکثر ہلکے سے بادل چھا جاتے ہیں۔ یہ بادل برِّاعظم یورپ میں بارش کی علامت ہو سکتے ہیں یا پھر سورج کی تپش کی وجہ سے درجۂ حرارت میں ایک ڈگری کے فرق سے بھی بخارات بن کر اُڑ سکتے ہیں۔ پیش گوئی کرنے والے کی معلومات اور ایسی صورت حال سے متعلق اُس کا سابقہ تجربہ اُسے مستند بناتا ہے۔ علم و فن کا یہ امتزاج درست پیش گوئیاں کرنے کے لیے لازمی ہے۔

برطانوی محکمہ موسمیات 24 گھنٹے کی پیش گوئی کے 86 فی صد درست ہونے کا دعویٰ کرتا ہے، جب کہ یورپین سینٹر فار میڈیم رینج ویدر فورکاسٹس سے حاصل ہونے والے ریکارڈز 80 فی صد تک درست ہوتے ہیں، لہٰذا 1970 کی دہائی کے اوائل میں کی جانے والی دوروزہ پیش گوئیوں کے مقابلے میں یہ زیادہ قابلِ اعتماد ہیں۔

ماہری موسمیات کا کہنا ہے کہ موسمی نظام بہت پے چیدہ ہوتے ہیں۔ سو فی صد درست پیش گوئی کرنے کیلئے موجودہ تمام پیائشیں لینا ناممکن ہے۔ وسیع سمندر میں موسم کا حال معلوم کرنے والا کوئی اسٹیشن نہیں ہے، جہاں سے معلومات بہ ذریعہ سیٹلائٹ زمینی اسٹیشنز کو براہ راست بھیجی جاسکیں۔ علاوہ ازیں، سائنس داں موسم تشکیل دینے والے تمام قدرتی عوامل کو تا حال پوری طرح سمجھ نہیں پائے ہیں۔

تاہم موسم کے بارے میں پیش گوئی کرنے کے نظام مسلسل بہتر بنائے جا رہے ہیں۔ مثال کے طور پر کچھ عرصہ پہلے تک موسمیاتی پیش گوئی کا انحصار زیادہ تر فضائی مشاہدے پر ہوتا تھا۔ لیکن کرہ آرض کا 71 فی صد حصہ سمندر پر مشتمل ہے۔ اس لیے سطح سمندر پر تیرنے والے آلات کے نظام کی مدد سے گلوبل اوشین آبزرونگ سسٹم پانی کے درجۂ حرارت میں ہلکی سی اضافے کی بابت بھی معلومات فراہم کرتا ہے، جو دُور دراز کے علاقوں کے موسم میں تبدیلی پیدا کرنے کا سبب ہوتا ہے۔ ☆☆☆

جوانی لوٹانے کیلئے سائنسدانوں کی کوشش



کیلی فورنیا میں ایک چھوٹے پیمانہ کے طبی تجربہ میں پہلی مرتبہ یہ معلوم ہوا ہے کہ جسم کی (epigenetic) تولیدی گھڑی جو کسی فرد کی حیاتیاتی عمر بتاتی ہے اس کو دوائوں کے ذریعہ معکوس کیا جاسکتا ہے. اس تجربہ میں 9 صحت مند رضاکاروں نے ایک سال تک تین دوائوں کی کاکٹیل استعمال کی تھی. جس میں دو ذیابیطس کی دوائوں اور ایک گروتھ ہارمون (harmone growth) کا ملغوبہ شامل تھا. اس کے استعمال سے ان کی حیاتیاتی عمر میں ڈھائی سال کی کمی ہوگئی تھی. جو کسی شخص کے جینوم (genome) کے نشانوں کی پیمائش سے معلوم ہوسکتی ہے. اس تجربہ میں حصہ لینے والوں کے مدافعتی نظام (system immune) میں بھی جوانی کی واپسی کے آثار نظر اتے تھے. یہ نتائج تو تجربہ کرنے والوں کے لیے بھی حیران کن تھے، کیوں کہ یہ ابتدائی نتائج ہیں اور اس تجربہ میں بہت کم افراد شامل تھے جن کا کنٹرول بھی تجربہ کرنے والوں کے پاس نہیں تھا. کیلی فورنیا میں کیے جانے والے تجربے کے نتیجے میں بعض افراد کی حیاتیاتی عمر میں کمی کے آثار ملے ہیں

لاس اینجلس میں قائم یونیورسٹی میں جینیاتی ماہر اسٹیو ہاورتھ کے مطابق تولیدی گھڑی میں سست روی کی اُمید تو تھی لیکن اس کے معکوس ہونے کا خیال نہیں تھا۔ انہوں نے اس تجربے کی تولیدی گھڑی کا تجزیہ بھی کیا ہے۔ جرمنی کی یونیورسٹی آف چین کے سیل بایولوجسٹ وولف گانگ ویگز کا کہنا ہیکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ کاکٹیل کا اثر ہوا ہے لیکن فی الحال یہ نتائج پتھر کی طرح ٹھوس نہیں ہیں، کیوں کہ یہ مطالعہ بہت چھوٹا تھا اور پوری طرح کنٹرول بھی نہیں کیا گیا تھا۔ یہ تولیدی گھڑی جسم کے تولیدی جینوم پر انحصار کرتی ہے جو کیمیائی تبدیلیوں پر مشتمل ہے جیسے میتھائل گروپ ہے۔ جو ڈی این اے کی نشاندہی کرتا ہے۔ ان نشاندہوں کے پیٹرن زندگی کے سفر میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ جن سے کسی شخص کی حیاتیاتی عمر معلوم ہوتی ہے جو اس کی تاریخی عمر سے پیچھے یا آگے ہوسکتی ہے۔ سائنسدان تولیدی گھڑی کی تعمیر کے لیے جینوم کے درمیان ایک ڈی این اے سیٹ منتخب کرتے ہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں تولیدی گھڑی کی تحقیق کے بانی ہاورتھ نے چند انتہائی درست تولیدی گھڑیاں تعمیر کی ہیں۔ حال میں کیا گیا تجربہ یہ معلوم کرنے کے لیے کیا گیا تھا کہ انسانوں میں گروتھ ہارمون کو محفوظ طور پر تھائی مس غدود کے ٹشوز کو واپس بنانے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

یہ غدود سینہ میں پھیپڑوں اور چھاتی کی ہڈی کے درمیان ہوتا ہے۔ جو نظام مدافعت کا درست طریقے سے کام کرنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ خون کے سفید خلیات ہڈی کے گودے میں بنتے ہیں۔ اور تھائی مس غدود کے اندر میچور (mature) ہوتے ہیں۔ جہاں وہ خصوصی ٹی سیل بن جاتے ہیں، جس کے بعد وہ جسم میں انفیکشن اور کینسر کے خلاف جنگ کرتے ہیں۔ لیکن یہ غدود بلوغت کے بعد سکڑنا شروع ہو جاتا ہے۔ اور پھر چربی کی زیادتی کی وجہ سے بند ہو کر کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ ماہرین کے مطابق جانوروں اور چند انسانوں پر تجربات سے معلوم ہوا ہے کہ گروتھ ہارمون اس غدود کی درستی سے اس کی فعالیت کو تحریک دیتا ہے۔ لیکن اس ہارمون کے استعمال سے ذیابیطس ہوسکتی ہے۔ اس لیے اس تجربہ میں ذیابیطس کی دو بڑے پیمانے پر استعمال ہونے دوائیں استعمال کی گئی تھیں۔ جن کو TRIM کا نام دیا گیا تھا۔

تھائی مس غدود کی درستی، فعالیت اور مدافعتی نظام کی بحالی کے ساتھ تخفیف انسولین کا ایک تجربہ 51 سے 65 سال کے سفید فام اشخاص پر کیا گیا تھا، جس کو امریکی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن نے 2015ء میں منظور کیا تھا، جسے امیونسٹ (Immunist) گریگوری فاہی کی سربراہی میں کیا گیا تھا جو لاس اینجلس کی انٹروین امیون کمپنی کے مشترک بانی اور چیف سائنٹیفک افسر ہے۔ اس تجربے کو چند ماہ بعد کیلی فورنیا کے پاؤ آلٹو میں قائم اسٹینفورڈ میڈیکل سینٹر میں انجام دیا گیا تھا۔

فاہی کی تھائی مس غدود سے دل چسپی 1986ء سے شروع ہوئی تھی۔ جب انہیں یہ معلوم ہوا کہ چند سائنس دانوں نے گروتھ ہارمون کے خلیات کی چوہوں میں پیوند کاری کی تھی، جس کے سبب ان کے مدافعتی نظام کی بحالی شروع ہوگئی تھی۔ فاہی کو یہ دیکھ کر حیرانی ہوئی تھی کہ اس کو کسی نے بھی کلینک میں نہیں آزمایا تھا۔ اس کے ایک عشرے بعد اس نے اپنی 46 سال کی عمر میں ایک مہینہ تک گروتھ ہارمون اور DHEA خود استعمال کی تھی اور اپنے تھائی مس غدود میں کچھ بحالی کے آثار دیکھے تھے۔

TRIM کے تجربہ میں سائنسدانوں نے علاج کے دوران اس میں حصہ لینے والے اشخاص کے خون کے نمونے حاصل کئے تھے، جس سے یہ معلوم ہوا تھا کہ ہر ایک کے خون کے خلیات کے نمبروں میں اضافہ ہوا تھا۔ تحقیق کرنے والوں نے تھائی مس غدود کی (resonance magnetic MIR(imaging بھی لی گئی تھی، تا کہ یہ معلوم ہو سکے کہ تجربہ سے پہلے تھائی مس کے غدود کی کیا صورت تھی اور تجربے کے مکمل ہونے کے بعد کیا تبدیلی آئی تھی۔

حصہ لینے والے 7 افراد میں چربی کی جگہ پر تھائی مس غدود کے ٹشو بحال ہوگئے تھے۔ تجربے میں حصہ لینے والوں کی تولیدی گھڑیوں پر دواؤں کے اثرات معلوم کرنے کا خیال بعد میں آیا تھا۔ یہ کلینکل اسٹڈی اس وقت اختتام پذیر ہوئی تھی جب فاہی نے ہاروتھ سے تجربے کا تجزیہ کرنے کے لیے ملاقات کی تھی۔

ہاورتھ نے رضاکاروں کی حیاتیاتی عمر دریافت کرنے کے لیے 4 مختلف تولیدی گھڑیاں استعمال کی تھیں، جس سے معلوم ہوا تھا کہ حصہ لینے والے تمام شخصوں میں قابل ذکر عمر کی واپسی ہوئی تھی۔

چونکہ سائنس دان ہر شخص میں ہونے والی انفرادی تبدیلیوں کا جائزہ لے سکتے تھے ! جو ہر شخص میں بہت مضبوط تھا اس لیے وہ اس کے نتائج کی بابت بہت پراُمید تھے! ہاورتھ کا کہنا تھا کہ آج کل تحقیق کرنے والے میٹ فارمن دوا کو بڑھتی ہوئی عمر کی بیماریوں جیسے کینسر اور دل کی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے استعمال کررہے ہیں۔

فاہی کا کہنا ہے کہ یہ ممکن ہے کہ کاکٹیل کی تینوں دوائیں اپنے مخصوص میکنزم کے ذریعہ علیحدہ علیحدہ حیاتیاتی عمر پر اثر انداز ہورہی ہوں۔ انٹروین امیون کمپنی ایسا منصوبہ بنارہی ہے، جس کے ذریعہ بڑے پیمانہ پر یہ تجربہ کیا جائے گا، جس میں مختلف عمر اور نسلی گروپ کے مردوں کے ساتھ خواتین بھی شامل ہوں گی۔

تھائی مس غدود کی درستی سے بحالی ان لوگوں میں کارآمد ہوسکتی ہے۔ جن کا مدافعتی نظام ضرورت سے کم فعل انجام دے رہا ہے جن میں بوڑھے افرا بھی شامل ہیں، کیوں کہ 70 سال کی عمر سے اوپر کے افراد کی اموات کا بڑا سبب نمونیہ اور دوسری انفیکشن بیماریاں ہوتی ہیں۔

ایڈنبرگ میں ہیریٹ واٹ یونیورسٹی کینسر امیونسٹ سیم پامر کا کہنا ہے کہ خون میں امیون سیل (مدافعتی خلیات) کا پھیلنا بہت حیرت انگیز کام ہے، جس کے اثرات بہت دور رس ہیں جو نہ صرف انفیکشن کی بیماریوں کے لئے سود مند ہوگا بلکہ یہ کینسر اور بڑھتی ہوئی عمر کی عام بیماریوں کے خلاف بھی موئثر علاج ثابت ہوگا۔

☆☆☆

خلائی دوربین ہبل کا نیا کارنامہ



ہمارے نظام شمسی سے ماورا ہیئت دانوں نے ایک غیر زمینی سیارہ (ایکسو پلانٹ) کے ماحول میں کچھ ایسے اشاریے دریافت کئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں پر پانی کی بارش ہوئی ہے۔ انتہائی دور فاصلے پر کسی سیارے کے ماحول میں جس کا قطر ہماری زمین سے صرف دو گنا ہے۔ پانی کے سالموں کی موجودگی ایک نئی بات ہے۔ اس سیارہ کو 18b-K2 کا نام دیا گیا ہے اور یہ کہکشاں میں ہماری زمین سے 110 نوری سال کے فاصلے پر ہے۔ جب کہ اس کا اپنے ستارے (سورج) سے فاصلہ بھی آبادی کے قابل زون میں ہے۔ یہ علاقہ ستارے سے دور وہ فاصلہ ہوتا ہے، جس میں پانی رقیق حالت میں رہ سکتا ہے۔ اس لیے اس کی ہائیڈروجن سے پُر ماحول میں کسی خلائی زندگی کے ارتقاء کا امکان ہوسکتا ہے۔ کینیڈا کی مونٹریال یونیورسٹی کے سیاراتی ہیئت داں بیورن بینیکے کا کہنا ہے کہ کسی سیارے سے متعلق ایسی دریافت ایک پر جوش بات ہے۔ یونیورسٹی کالج لندن (یوسی ایل) کے سیاراتی ہیئت دان انگلوس تسیر اس کے مطابق یہ دریافت بہت دل چسپ ہے، کیوں کہ اس سیارے کا قطر بھی کرہ ارض سے صرف دو گنا ہے اور اتنے زیادہ چھوٹے سیاروں کے ماحول کی بابت معلومات بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ سائنس دانوں کے مطابق اس سے قبل پانی کی دریافت دیوقامت گیس کے عظیم سیاروں کے ماحول میں بھی ہوچکی ہے۔ لیکن انتہائی فاصلے پر موجود سیارے جتنے چھوٹے ہوتے جاتے ہیں ان کی بابت معلومات کا حصول بھی اتنا ہی دشوار ہوتا جاتا ہے۔ ماہرین اس حد کو پار کرنے کے لئے نیپچون سے چھوٹے لیکن کرہ آرض سے بڑے سیاروں کا جائزہ لینے کی کوشش کررہے ہیں۔ جبکہ یہ بات باعث حیرت ہے کہ ابھی تک دریافت کردہ ہزاروں سیاروں میں یہ پیائش عام ہے۔ بینیکے اور اس کے ساتھیوں نے 18b-K2 کا جائزہ لینے کا فیصلہ اس لیے کیا تھا، کیوں کہ یہ اس کی حد میں آتا ہے۔ چناں چہ انہوں نے جب ہبل کی خلائی دوربین سے اس کا جائزہ لیا تھا، ان مواقع پر اس کے اپنے ستارے (سورج) کے سامنے آنے سے وقتی طور پر اس کی روشنی 8 مرتبہ مدھم ہوگئی تھی۔

سائنسدانوں نے جائزہ لیا کہ ستارے کی روشنی کے رنگ میں سیارے کے ماحول سے گذرتے ہوئے کیا تبدیلی آئی تھی اور پھر اس کا اسپٹزر خلائی دوربین سے حاصل ہونیوالے ڈیٹا سے موازنہ کیا جو روشنی کی ویولینتھ (wavelegth) کی پیائش کرتی ہے، جس کے بعد سائنسدان اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ سیارے کے ماحول میں نہ صرف پانی کے بخارات پائے جاتے ہیں بلکہ وہ رقیق پانی میں بھی تبدیل ہوجاتے ہیں۔ یہ پہلا موقع ہے کہ سائنسدانوں نے کسی انتہائی دور چھوٹے سے سیارہ پر پانی کی ایسی سائیکل دیکھی ہے۔ جب وہ گیس سے رقیق میں بدلتا ہے اور بعد میں رقیق پھر گیس میں بدل جاتی ہے۔ یونیورسٹی کالج لندن کی ٹیم اپنے جائزہ کے بعد 3 ممکنہ نتائج پر پہنچی ہے۔ ان کے خیال سے ان میں سے کوئی بھی ایک ہوسکتا ہے البتہ فی الوقت تو تینوں ہی برابر کے وزن دار ہیں۔ پہلا امکان یہ ہے کہ سیارہ بادل کے بغیر ہو اور اسکا ماحول 20 فی صد سے 50 فی صد تک پانی پر مشتمل ہو۔ دوسرے اور تیسرے ممکنہ نتیجے میں اس کے ماحول میں بادل اور آبی بخارات کی مقدار مختلف ہوسکتی ہے، کیوں کہ سیارے کے ماحول میں پانی کی مقدار 0.01 فی صد سے 12.5 فی صد تک ہوسکتی ہے۔ لیکن صرف پانی کی موجودگی کا یہ مطلب نہیں ہے کہ زندگی کی تلاش کے لیے یہ سیارہ بہت اچھی جگہ ہے، جس کی نشان دہی کرہ آرض کے قریب ترین پڑوسی سیارہ زہرہ سے معلوم ہوتی ہے۔ یہ زمین کے برابر کا سیارہ اپنے ستارہ کے آبادی کے قابل زون میں واقع ہے جو ایک زمانہ میں آبی بخارات کے ماحول کا مالک تھا لیکن سورج کی شعاعوں نے اس کو پانی سے محروم کرکے اس کو ایک بنجر سیارے میں بدل دیا ہے۔ سائنس دان کو اُمید ہے کہ 18b-K2 بھی آبادی کے لحاظ سے ایسا ہی سیارہ ہو۔ غالباً اس کا امکان بہت زیادہ ہے کہ زندگی کو ہم جس طرح سمجھتے ہیں یہ اس طرح آباد نہ ہو۔ یہ بات میری لینڈ بالٹیمور میں اسپیس ٹیلی اسکوپ انسٹی ٹیوٹ میں سیاراتی ہیئت دان حنا ویک نے کہی تھی۔ ڈبلن کے ٹرینٹی کالج کے ایسٹروفزسٹ نیل گبسن کا کہنا ہے کہ کسی سیارے کے ماحول میں پانی کی موجودگی بڑی خوش آئند ہے اور مستقبل میں کیے جانے والے مزید جائزے مثلاً جیمز ویب اسپیس ٹیلی اسکوپ کے منصوبے 2021 کا جائزہ یہ طے کردے گا کہ انتہائی دور کی یہ چھوٹی سی دنیا حقیقتاً کیسی ہے۔

ٹریفک جام سے بچنے کا بہترین طریقہ چیونٹیوں سے سیکھئے!

چیونٹیاں کہنے کو تو کیڑے مکوڑوں میں شمار ہوتی ہیں لیکن یہ اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں بے مثال نظم و ضبط کا مظاہرہ کرتی ہیں جو ان کی چھوٹی بستیوں (کالونیوں) سے کر ہجوم کی صورت میں ایک سے دوسری جگہ حرکت کرنے تک میں دکھائی دیتا ہے۔ کسی جگہ سے گزرنے والی چیونٹیوں کی تعداد چاہے کتنی ہی زیادہ کیوں نہ ہو، [illegible] ایک دوسرے کا راستہ [illegible] آمدورفت میں ٹریفک جام کا کوئی مسئلہ ہوتا ہے۔ لیکن ایک معمولی سا کیڑا یہ غیر معمولی کام کیسے کرلیتا ہے؟ یہ جاننے کیلیے فرانسیسی اور امریکی سائنسدانوں نے کچھ دلچسپ تجربات کیے۔ انہوں نے ''ارجنٹینا اینٹس'' کہلانے والی ننھی منی چیونٹیوں کو مختلف تنگ اور چوڑے راستوں سے گزار کران کی حکمتِ عملی کا مشاہدہ کیا۔ اس تجربے کیلئے انہوں نے ارجنٹینا چیونٹیوں کی ایک کالونی سے کچھ فاصلے پر چیونٹیوں کے کھانے کی کچھ چیزیں رکھ دیں جبکہ اس جگہ تک صرف ایک چھوٹا سا پل عبور کرکے ہی پہنچا جاسکتا تھا۔ تجربے کی غرض سے 5 ملی میٹر، 10 ملی میٹر اور 20 ملی میٹر چوڑے مختلف پل بنائے گئے جن پر ایک وقت میں 400 سے لے کر 25600 چیونٹیوں کی گنجائش تھی۔ 170 مرتبہ دوہرائے گئے ان مشاہداتی تجربات میں طاقتور کیمرا استعمال کرتے ہوئے تمام مناظر فلمائے گئے۔ جب ان تمام مناظر کا باریک بینی سے تجزیہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ جگہ تنگ ہو یا کشادہ، وہاں سے گزرنے والی چیونٹیوں کی تعداد کم ہو یا زیادہ، کسی بھی صورت میں ان کی آمدورفت بڑے ہموار انداز سے جاری رہتی ہے۔ اس کے برعکس، اگر کسی سڑک پر گنجائش کے اعتبار سے صرف 40 فیصد جگہ پر بھی گاڑیاں آجائیں تو ٹریفک آہستہ ہونے لگتا ہے اور اس سے زیادہ بڑھنے پر بتدریج ٹریفک جام ہوجاتا ہے۔ ارجنٹینا چیونٹیوں میں معاملہ اس کے برعکس رہا۔ یوں لگتا ہے جیسے انہیں ٹریفک جام پر کنٹرول کرنے میں خصوصی مہارت حاصل ہے کیونکہ گزرگاہ کے 80 فیصد حصے پر بھی چیونٹیوں کا ہجوم جمع ہونے کے باوجود، اس پر چیونٹیوں کے گزرنے کی رفتار میں کوئی کمی نہیں آئی۔ معلوم ہوا کہ جب ان کی گزرگاہ قدرے کم مصروف ہو تو چیونٹیاں اپنی رفتار بڑھانے لگتی ہیں، یہاں تک کہ پوری گزرگاہ پر چیونٹیوں کا ایک ہجوم حرکت کرنے لگتا ہے۔ اسی طرح کسی راستے سے گزرنے والی چیونٹیوں کا ہجوم بہت زیادہ ہونے کی صورت میں مزید چیونٹیاں کچھ ٹھہر کر اس راستے پر آتی ہیں تاکہ آمدورفت متاثر نہ ہو۔ دوسری جانب، ہجوم کی حالت میں اس راستے سے گزرنے والی چیونٹیاں بھی اپنی رفتار کچھ آہستہ کرلیتی ہیں تاکہ وہ آپس میں ٹکرانے سے اور ایک دوسرے کا وقت برباد کرنے سے محفوظ رہیں۔ آن لائن ریسرچ جرنل ''ای لائف'' میں شائع ہونے والی اس رپورٹ میں ماہرین کا کہنا ہے کہ اس ساری حکمتِ عملی کے ذریعے چیونٹیاں صرف ایک مقصد حاصل کرنا چاہتی ہیں: اپنی بستی کی بقاء۔ نتیجہ: انسانی معاشروں میں سخت قوانین ہونے کے باوجود اس لیے ٹریفک جام ہوتا ہے کیونکہ ہر شخص کو صرف اپنی فکر ہوتی ہے اور وہ سب سے پہلے اپنی منزل تک پہنچنا چاہتا ہے۔ اگر انسانوں میں بھی چیونٹیوں جیسا اجتماعی شعور آجائے تو نہ صرف ٹریفک جام، بلکہ بہت سے سنگین معاشرتی مسائل کبھی پیدا ہی نہ ہوں۔

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.................(جامع ترمذی)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

بھارتی سرپرستی میں افغان سرزمین سے دہشتگردی روکنا طالبان رجیم کی ذمے داری ہے

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بھارتی سرپرستی میں افغان سرزمین سے دہشتگردی روکنا طالبان رجیم کی ذمے داری ہے۔ عرب نیوز کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ افغان طالبان رجیم سے پاکستان کا ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے کہ وہ افغان سرزمین سے پاکستان کے اندر ہونے والی دہشتگردی کو روکے۔ انہوں نے کہا کہ 80 فیصد خودکش بمبار افغان ہیں۔ افغانستان سے پاکستان آنے والی ہر تشکیل میں افغان شہری موجود ہوتے ہیں۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ اگر افغان طالبان رجیم دوحہ معاہدے کے تحت کیے گئے وعدوں پر عملدرآمد نہیں کرتی تو پاکستان کو اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے۔ بلوچستان کی صورتحال پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں، وہ اپنے نظریے کو بندوق کی نوک پر مسلط کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ دہشتگردی کی سرپرستی بھارت کر رہا ہے اور سوشل میڈیا باہر سے چلایا جارہا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ ریاست کی پالیسی بالکل واضح ہے کہ دہشتگردوں کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوگی۔ سعودی عرب کے حوالے بات کرتے ہوئے ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ پاکستان عملی طور پر سعودی عرب کی مدد کے لیے وہاں موجود ہے اور سفارتی لحاظ سے بھی سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان سعودی قیادت کی ضرورت کے مطابق حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کے لیے کسی حد تک بھی جانے کے لیے مکمل تیار ہے۔ سعودی عرب کی سلامتی کے لیے پاکستان کا عزم غیر مشروط ہے، جو جذباتی، دیرینہ، تاریخی اور اٹوٹ رشتے سے جڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میں کسی کو شک وشبہ نہیں ہونا چاہیے کہ پاکستان کے عوام سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ پاکستان سعودی عرب کے خلاف ہونے والی کسی بھی جارحیت کا دفاع کرنے کے لیے تیار ہے SouthAsians ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان نے نہ صرف مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے بلکہ اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے کے تحت بھی جو وعدے اور عزم کیے ہیں، ان کی پاسداری کی جا رہی ہے۔ پاکستان کی سیاسی وعسکری قیادت مسلسل سعودی قیادت کے ساتھ رابطے میں ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پاکستان کی مسلسل، انتھک اور انتہائی پرخلوص سفارتکاری کے بعد طے پائی۔ پاکستان کی جانب سے سعودی عرب کے ساتھ تعاون اور رابطے کا سلسلہ برقرار ہے۔

ٹائر برسٹ ہونے کے بعد

دھوپ چھاؤں
الیاس محمد حسین
ilyasmohammadhussain@gmail.com

اکثر کار کا ٹائر برسٹ ہونے کے بعد پیش آنے والا حادثہ بہت افسوناک ہوتا ہے گاڑی کی سپیڈ اس وقت 100 کلومیٹر فی گھنٹہ کے قریب ہوتی ہے اور ڈرائیور پیشہ ورانہ مہارتوں سے پوری طرح آشنا نہ ہو تو بہت جانی و مالی نقصان ہوجاتا ہے اس لئے ٹریفک قوانین کے ساتھ ساتھ ڈرائیونگ کی سائنس سے واقفیت ضروری ہے لمبی ڈرائیونگ کے دوران ٹائر برسٹ ہونے کے بعد گاڑی کا اس طرف کھچاؤ بہت زیادہ ہوتا ہے اور اکثر ڈرائیور اس کھچاؤ کو روکنے میں ناکام ہوجاتے ہیں کتنے ہی بڑے بڑے لوگ ہیں کہ جو ان ڈرائیورز کی غلطیوں کی بھینٹ چڑھے ہیں کہ جو نہیں جانتے کہ گاڑی کا ٹائر برسٹ ہونے کے بعد ایک ڈرائیور کا Respond کیا ہوتا ہے۔ ہمیں یہ میسج ان تمام ڈرائیورز تک پہنچانا ہے کہ جو ہمارے فیملی ڈرائیورز ہیں۔۔۔ پبلک، پرائیویٹ سیکٹر کے اداروں میں ڈرائیونگ کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں یا پھر وہ ٹیکسی ڈرائیورز ہیں۔۔ جن کو ہم وقتی سروسز کے لئے ہائر کرتے ہیں۔ گاڑی کا ٹائر برسٹ ہونے کے بعد۔۔۔ بریک ہرگز اپلائی نہیں کرنی چاہیے۔ گاڑی کے کھنچاؤ کو روکنا، اپ کی اولین ترجیح ہوتی ہے۔ دونوں ہاتھوں کی گرفت سے۔ سٹیرنگ کو مضبوطی سے سنبھالیں اور گاڑی کو اسی لین میں رکھنے کی بھرپور کوشش کریں جس لین میں گاڑی کا ٹائر برسٹ ہوا ہے۔ اپ دیکھیں گے کہ 10 سے 15 سیکنڈ کے میں گاڑی انتہائی کھچاؤ سے نکل ائے گی۔۔ اور اپ مزید ایک بہت بڑے حادثے سے بچ جائیں گے۔ یہ بات بھی ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ گاڑی کا ٹائر برسٹ ہونے کے بعد اگر اپ نے بریک اپلائی کی تو گاڑی کنٹرول لیس ہونے کے بعد الٹ جائے گی جس میں بچنے کے امکانات بہت کم ہوتے ہیں۔ ٹائرز کے اندر ہوا کے دباؤ پہ کبھی بھی کمپرومائز نہ کریں۔ جب آپ موٹروے پہ ایک لمبا سفر کرتے ہیں، سفر کرنے شروع کرنے سے پہلے ہوا کا دباؤ چیک کروائیں اور ایک سو کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد پھر کسی ٹائر شاپ پہ رک کے، ہوا کا دباؤ دوبارہ چیک کروائیں کیونکہ مسلسل سفر سے ٹائرز میں ہوا کا دباؤ بڑھ جاتا ہے جو ٹائر پھٹنے جیسے حادثات کو جنم دیتا ہے۔ ٹائر ہمیشہ بہترین کوالٹی کے استعمال کریں، گھسے ہوئے ٹائر، سمگل شدہ ٹائر استعمال شدہ ٹائرز اور expired ٹائرز ہرگز استعمال نہ کریں، اپ کی جان بہت قیمتی ہے۔ یہ بات بھی نہ بھولیں کہ ٹائر برسٹ ہونے کے بعد اپ کی سب سے بڑی ذمہ داری گاڑی کے کھچاؤ کو روکنا ہے اور اس میں اپ سٹیرنگ کو مضبوطی سے grip کر کے اور اپنے اوسان بحال رکھ کے بڑی آسانی سے کر سکتے ہیں۔ تاکہ ٹائر بسٹ ہونے کے بعد ہونے والی قیمتی جانوں کہ ضیاع کو روکا جاسکے آپ نے بہتر مشورہ دیا، لیکن عام اندازے کے مطابق اکثریت ڈرائیورز گاڑی کو بہت ایزی کر کے پکڑے ہوتے ہیں، بلکہ اب تو آٹو سٹور والے اور آن لائن والے ایک موت کی ڈیوائس کی ترغیب دے رہے ہوتے ہیں، میں حیران ہوں نہ پولیس نوٹس لیتی ہے اور نہ ہی کاروالے اس کو نوٹ کرتے ہیں وہ ہے RESTARM کی مشہوری اور فروخت، یعنی ہمیں یہ ترغیب دی جاتی ہے کہ یہ آرم ریسٹ لے لیں اور بائیں ہاتھ کو سٹیرنگ سے ہٹالیں اور اس پر رکھ لیں، حد ہوگئی کل کو کوئی RESTLEG بھی آجائے گا کہ بائیں ٹانگ فارغ پڑی ہے اسے بھی اٹھا کر رکھ لیں، جب ڈرائیور ایک ہاتھ سے اور وہ بھی دو انگلیاں رکھ کر ڈرائیونگ کر رہا ہے تو ایک سیکنڈ میں کیسے گاڑی کو قابو کرسکتا ہے دوسرا ڈرائیونگ سیٹ اکثریت بہت پیچھے کر کے، بازو آگے لمبے کر کے، اور ٹانگیں بھی فل لمبی کر کے چلا رہے ہوتے ہیں، ایسے گاڑی ڈرائیور کے قابو میں نہیں ہوتی میں ہوسکتا درست نہ ہوں مگر اپنا انداز معلومات کے لئے ضروری ہے کہ سیٹ آگے کر کے اتنا قریب بیٹھیں کہ پیٹ سے دو تین انچ پر سٹیرنگ ہو اور دونوں ہاتھوں کو سٹیرنگ پر قابو رکھ کر کراس کی جگہ سے پکڑ کر چلائیں، اور ٹانگ پاؤں اتنی قریب رکھیں کہ ایکسیلیٹر اور بریک پیڈل پر رکھتے ایڑی نہیں اٹھاتا، صرف آگے سے پاؤں دائیں بائیں موڑیں تو اس طرح کانفیڈنس سے ڈرائیونگ کی جائے باقی میری توبہ اللہ نے ہمیں ہر قسم کے حادثات سے محفوظ رکھتا ہے اور دعا کو ذہن میں رکھ کر ڈرائیونگ کریں کہ (مفہوم) اللہ پاک ہے جس نے یہ سواری میرے قابو میں کر دی، میں تو قابو نہیں کر سکتا تھا تو جناب گاڑی انسانی کوشش کے مطابق قابو میں ہو اور اللہ کی مدد مانگ کر چلا جائے پھر جو بھی ہو اسے اللہ کی مرضی سمجھنا چاہیے ہم ضروری تدابیر کر کے ہی اپنے آپ اور اپنے پیاروں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔

بہاولپور کا انتخاب، ملک سیاست میں کس سمت اشارہ ہوگا؟

سلمان احمد قریشی
فکرِ نو
f /salman.qureshi
salmanqureshiokara@gmail.com

بہاولپور کے حلقہ این اے 168 کا ضمنی انتخاب بظاہر قومی اسمبلی کی ایک نشست کا انتخاب ہے مگر اس کے سیاسی اثرات کو صرف بہاولپور شہر کی گلیوں، برادریوں اور مقامی دھڑوں تک محدود کرکے دیکھنا شاید اس انتخاب کے اصل مفہوم کو نظرانداز کرنا ہوگا۔ پاکستان کی سیاست اس وقت ایک ایسے مرحلے سے گزر رہی ہے جہاں ضمنی انتخابات محض خالی نشستیں پُر کرنے کا عمل نہیں رہے بلکہ وہ سیاسی جماعتوں کی مقبولیت، ووٹ بینک کی سمت، عوامی رجحانات اور آئندہ سیاسی صف بندیوں کے اشارے بھی بن چکے ہیں۔ این اے 168 کا معرکہ بھی اسی وسیع تر سیاسی منظرنامے میں دیکھا جانا چاہیے، جہاں ایک طرف مسلم لیگ ن اپنی حکومتی اور تنظیمی طاقت کے ساتھ میدان میں ہے، دوسری طرف چیمہ گروپ ذاتی سیاسی اثر، بہاولپور کی شناخت اور صوبہ بحالی کے بیانیے کو انتخابی طاقت میں تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس مقابلے کی اہمیت اس لیے بھی بڑھ جاتی ہے کہ یہ خطہ صرف ایک انتخابی حلقہ نہیں بلکہ جنوبی پنجاب اور سرائیکی بیلٹ کی سیاست کا اہم مرکز ہے۔ نئے صوبوں کا قیام، جنوبی پنجاب کے انتظامی و سیاسی حقوق، سرائیکی شناخت اور خصوصاً تاریخی صوبہ بہاولپور کی بحالی جیسے سوالات برسوں سے اس خطے کی سیاست پر اثرانداز ہوتے رہے ہیں۔ آنے والے برسوں میں پاکستان میں نئے صوبوں کی بحث دوبارہ شدت اختیار کرتی ہے یا نہیں، اس کا انحصار صرف اسلام آباد کی سیاسی جماعتوں پر نہیں بلکہ جنوبی پنجاب کے ووٹر کے سیاسی مزاج پر بھی ہوگا۔ اس لیے این اے 168 میں صوبہ بہاولپور کا نعرہ محض ایک مقامی انتخابی نعرہ نہیں، بلکہ مرکز اور صوبوں کے درمیان اختیارات، شناخت اور وسائل کی تقسیم کی وسیع تر بحث کا حصہ ہے۔

اسی طرح پاکستان تحریک انصاف کی بدلتی ہوئی انتخابی حکمت عملی بھی اس انتخاب کو غیر معمولی اہمیت دیتی ہے۔ 2024 میں اسی حلقے میں پی ٹی آئی حمایت یافتہ امیدوار کا تقریباً پچاس ہزار ووٹ حاصل کرنا اس بات کا ثبوت تھا کہ بہاولپور میں ایک قابلِ ذکر اینٹی ن لیگ ووٹ موجود ہے۔ آج اگر پارٹی بائیکاٹ کی پوزیشن میں ہے تو اصل سوال یہ نہیں کہ پی ٹی آئی کا ووٹر کس امیدوار کے نام پر مہر لگائے گا، بلکہ یہ ہے کہ وہ پولنگ اسٹیشن تک جائے گا یا نہیں، اور اگر جائے گا تو اس کا ووٹ کس سمت منتقل ہوگا۔ یہی فیصلہ ضمنی انتخاب کے نتیجے کو 2024 کے انتخابی نقشے سے بالکل مختلف بنا سکتا ہے۔ چنانچہ این اے 168 کو اگر صرف ملک منیر اقبال چنڑ اور ولی داد چیمہ کا مقابلہ سمجھا جائے تو تصویر ادھوری رہ جاتی ہے۔ اس انتخاب میں مسلم لیگ ن کا روایتی ووٹ، پی ٹی آئی کا موجودہ سیاسی رویہ، پیپلز پارٹی کا ووٹ بینک، مذہبی جماعتوں کے منظم ووٹر، سرائیکی شناخت، صوبہ بہاولپور بحالی کا جذباتی بیانیہ اور جنوبی پنجاب کی آئندہ سیاسی سمت سب ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بہاولپور کا یہ ضمنی انتخاب ایک نشست سے کہیں بڑا سوال بن چکا ہے۔ کیا جنوبی پنجاب میں روایتی سیاسی خاندان اور جماعتی تنظیم ایک بار پھر فیصلہ کن ثابت ہوں گے، یا بدلتے ہوئے سیاسی مزاج، ناراض ووٹ اور علاقائی شناخت کا بیانیہ ایک نئی سیاسی صف بندی کو جنم دے گا؟ بہاولپور کا قومی اسمبلی حلقہ این اے 168 ایک بار پھر سیاسی توجہ کا مرکز بن چکا ہے۔ یہ محض ایک ضمنی انتخاب نہیں بلکہ بہاولپور کی آئندہ سیاست میں طاقت کے توازن کا امتحان بھی ہے۔ ایک طرف مسلم لیگ ن کے امیدوار ملک منیر اقبال چنڑ ہیں جو مرحوم ایم این اے ملک محمد اقبال چنڑ کے صاحبزادے ہیں جبکہ دوسری طرف چوہدری ولی داد چیمہ ہیں، جنہیں سابق وفاقی وزیر اور این اے 168 کے موجودہ رکن قومی اسمبلی چوہدری طارق بشیر چیمہ نے میدان میں اتارا ہے۔ اس طرح اصل مقابلہ بظاہر دو امیدواروں کا ہے، لیکن پس پردہ کئی بڑے سیاسی ووٹ بینک ایک دوسرے سے ٹکرا رہے ہیں۔ 2024 کے عام انتخابات کا نتیجہ اس مقابلے کو سمجھنے کی بنیادی کنجی ہے۔ این اے 168 میں ملک محمد اقبال چنڑ نے 122,302 ووٹ لے کر کامیابی حاصل کی، جبکہ پی ٹی آئی حمایت یافتہ آزاد امیدوار سمیع اللہ چوہدری 50,360 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ پیپلز پارٹی کے حسین احمد مدنی نے 9,461، تحریک لبیک پاکستان نے 7,644، جماعت اسلامی کے کامران ملک نے 6,702 اور جمعیت علمائے اسلام ف کے محمد صفدر شہباز نے 3,726 ووٹ حاصل کیے۔ حلقے میں کل 447,963 رجسٹرڈ ووٹرز تھے جبکہ صرف 209,393 ووٹ ڈالے گئے، یعنی ٹرن آؤٹ تقریباً 47 فیصد رہا۔ یہ اعداد بظاہر مسلم لیگ ن کی بہت بڑی برتری دکھاتے ہیں مگر ضمنی انتخاب میں 2024 کا نتیجہ جوں کا توں دہرانا آسان نہیں۔ اس وقت سب سے بڑا سوال پی ٹی آئی کے تقریباً 50 ہزار ووٹ کا ہے۔ 2024 میں سمیع اللہ چوہدری نے ایک مضبوط انتخابی بنیاد قائم کی تھی۔ اب اگر پی ٹی آئی بائیکاٹ کی پوزیشن پر ہے تو یہ ووٹ تین حصوں میں تقسیم ہوسکتا ہے ایک حصہ گھروں میں بیٹھ سکتا ہے، دوسرا کسی آزاد امیدوار یا مقامی تعلق کی بنیاد پر ووٹ دے سکتا ہے اور تیسرا حصہ ن لیگ مخالف جذبے کے تحت ولی داد چیمہ کی طرف جا سکتا ہے۔ یہی تیسرا حصہ چیمہ گروپ کے لیے سب سے قیمتی سیاسی سرمایہ ہے۔

اگر پی ٹی آئی کا بڑا حصہ پولنگ سے باہر رہا تو ن لیگ کو فائدہ ہوگا کیونکہ کم ٹرن آؤٹ میں منظم جماعتی ووٹ زیادہ طاقتور ہوجاتا ہے۔ لیکن اگر پی ٹی آئی کا ناراض ووٹر بڑی تعداد میں پولنگ اسٹیشن پہنچ کر ولی داد چیمہ کو ووٹ دیتا ہے تو 2024 کا 72 ہزار سے زائد ووٹوں کا فرق سیاسی طور پر بے معنی ہوسکتا ہے۔ فافن کی ایک اہم نشاندہی یہ بھی ہے کہ 2024 میں اقبال چنڑ کے 122,30 ووٹ دراصل حلقے کے کل رجسٹرڈ ووٹرز کا صرف تقریباً 27 فیصد تھے یعنی ان کی کامیابی واضح تھی مگر پورے انتخابی حلقے کی اکثریت ان کے ووٹروں پر مشتمل نہیں تھی۔ پیپلز پارٹی کا ووٹ بھی اس الیکشن میں غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ 2024 میں حسین احمد مدنی تقریباً ساڑھے نو ہزار ووٹ لے کر تیسرے نمبر پر آئے تھے۔ اب اگر مدنی عملی طور پر منیر اقبال چنڑ کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں تو مسلم لیگ ن کو صرف جماعتی حمایت نہیں بلکہ ایک مقامی انتخابی نیٹ ورک بھی حاصل ہوسکتا ہے۔ تاہم پی پی پی کے ووٹ کو مکمل طور پر ن لیگ کا ووٹ سمجھنا سیاسی طور پر درست نہیں ہوگا کیونکہ ووٹر ہمیشہ پارٹی قیادت کے فیصلے کے مطابق سو فیصد ووٹ منتقل نہیں کرتا۔ دوسری طرف چیمہ گروپ کے لیے پیپلز پارٹی کے جنوبی پنجاب کے سیاسی اثر و رسوخ، خصوصاً مخدوم احمد محمود کی قربت یا حمایت، اہمیت رکھتی ہے۔ لیکن یہاں بھی فرق سمجھنا ہوگا۔ کسی بڑے سیاسی رہنما کی حمایت اور اس جماعت کے پورے ووٹ بینک کی منتقلی دو مختلف چیزیں ہیں۔ چیمہ گروپ اگر پی پی پی کے ناراض یا مخالف دھڑوں، پی ٹی آئی کے ووٹر اور اپنے ذاتی نیٹ ورک کو ایک سمت میں لے آئے تو مقابلہ ضرور سخت ہوسکتا ہے۔ جماعت اسلامی کا 2024 کا تقریباً 6,700 ووٹ اور جے یو آئی کا تقریباً 3,700 ووٹ بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ یہ تعداد بظاہر کم ہے، لیکن کم ٹرن آؤٹ کے ضمنی انتخاب میں تین، چار یا پانچ ہزار ووٹ بھی نتیجہ تبدیل کرسکتے ہیں۔ دونوں جماعتوں کے ووٹر منظم ہیں مگر امیدوار نہ ہونے کی صورت میں ان کا ووٹ کسی ایک امیدوار کو مکمل طور پر منتقل ہونا یقینی نہیں۔ کچھ ووٹر گھر بیٹھیں گے، کچھ مذہبی یا مقامی وابستگی کے تحت فیصلہ کریں گے۔

بہاولپور صوبہ بحالی کا مسئلہ چوہدری طارق بشیر چیمہ کے لیے ایک اہم سیاسی ہتھیار ہے۔ بہاولپور کی تاریخی شناخت، سابق ریاستی حیثیت، جنوبی پنجاب کے حقوق اور صوبہ بحالی کا جذباتی بیانیہ شہر کے ایک حصے میں اب بھی اثر رکھتا ہے۔ اگر چیمہ گروپ اس جذبات کو محض نعرے کے بجائے ووٹ میں تبدیل کرنے میں کامیاب ہوگیا تو ولی داد چیمہ کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ اسی طرح سرائیکی شناخت بھی ایک اہم عنصر ہے، تاہم پورے سرائیکی ووٹ کو کسی ایک امیدوار کا ووٹ سمجھنا درست نہیں ہوگا۔ بہاولپور میں برادری، خاندان، ذاتی تعلق، جماعتی وابستگی اور امیدوار کی انتخابی رسائی بھی انتہائی اہم ہیں۔ چنڑ خاندان کی طاقت اس کے مقابلے میں بالکل مختلف نوعیت کی ہے۔ مرحوم اقبال چنڑ کا 122 ہزار سے زائد ووٹ، ان کے صاحبزادے منیر اقبال چنڑ کی امیدواری، ان کے بھائی ملک ظہیر اقبال چنڑ کی صوبائی سطح پر اہم سیاسی حیثیت اور مسلم لیگ ن کی حکومتی و تنظیمی مشینری ایک مضبوط انتخابی مجموعہ بناتے ہیں 2024 کا نتیجہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ن لیگ اس حلقے میں مضبوط بنیاد رکھتی ہے۔ دوسری طرف طارق بشیر چیمہ کی سیاست کو نظرانداز کرنا بھی آسان نہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ چیمہ خود این اے 168 سے امیدوار نہیں بلکہ اپنے صاحبزادے ولی داد چیمہ کو میدان میں لائے ہیں۔ اس لیے اصل امتحان یہ ہے کہ طارق بشیر چیمہ کا ذاتی سیاسی اثر ولی داد کے ذاتی ووٹ میں کس حد تک تبدیل ہوتا ہے۔ طارق چیمہ کا بہاولپور کی سیاست میں پرانا تعلق اور انتخابی تجربہ چیمہ گروپ کی بڑی طاقت ہے مگر ضمنی انتخاب میں صرف نام کافی نہیں پولنگ ڈے پر ووٹر کو گھر سے نکالنا فیصلہ کن ہوگا۔ میرے تجزیے میں آج کی صورتحال میں ملک منیر اقبال چنڑ کو معمولی برتری حاصل ہے مگر یہ مقابلہ یکطرفہ نہیں۔ اگر پی ٹی آئی کا ووٹر بائیکاٹ کی وجہ سے گھر بیٹھتا ہے، پی پی پی کا بڑا حصہ چنڑ گروپ کے ساتھ رہتا ہے اور ن لیگ اپنی پولنگ مشینری پوری قوت سے استعمال کرتی ہے تو چنڑ فیورٹ رہیں گے۔ لیکن اگر پی ٹی آئی کا بڑا ناراض ووٹ ولی داد چیمہ کو مل گیا، جماعت اسلامی اور جمعیت علمائے اسلام ف کے قابل ذکر ووٹر بھی پولنگ میں شریک ہوئے، بہاولپور صوبہ بحالی کا جذباتی بیانیہ چلا اور چیمہ گروپ نے شہر میں اپنا پرانا نیٹ ورک دوبارہ متحرک کردیا تو نتیجہ انتہائی قریب ہوسکتا ہے۔ آخرکار این اے 168 کا فیصلہ صرف یہ نہیں کرے گا کہ چنڑ جیتے یا چیمہ یہ فیصلہ کرے گا کہ بہاولپور شہر میں آئندہ سیاسی طاقت کا مرکز مسلم لیگ ن کا تنظیمی و خاندانی نیٹ ورک ہوگا یا طارق بشیر چیمہ کی ذاتی سیاست، مخالف ووٹ اور بہاولپور صوبہ بحالی کا بیانیہ اہم ہے۔ اس الیکشن میں سب سے قیمتی ووٹ وہ ہوگا جو 2024 میں کسی امیدوار کو ملا تھا مگر 2026 میں اپنا رخ بدلنے کا فیصلہ کرے گا۔ ملکی سطح پر نئے صوبوں کے قیام اور پاکستان تحریک انصاف کی سیاست کی طرف اشارہ ہوگا؟

تمباکو نوشی صحت کیلئے مضر ہے

لاٹھی چارج
زوار
غلام عباس
0300-6454370

سگریٹ نوشی پھیپھڑوں کے کینسر کی ایک بڑی وجہ ہے' یہ ایک ایسی لعنت ہے جس نے سارے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے جس سے چھٹکارا حاصل کئے بغیر ایک صحت مند معاشرے کا قیام ناممکن ہے۔ سگریٹ نوشی سے ہارٹ اٹیک اور دیگر بیماریاں بھی جنم لیتی ہیں اور اس کے استعمال سے ہارٹ اٹیک کے خطرات میں تیس فیصد تک اضافہ ہوجاتا ہے۔ بلا شبہ تمباکو نوشی اس وقت ایک خطرناک صورت اختیار کرچکی ہے' ٹی بی' دمہ' کینسر' السر' ہارٹ اٹیک' فالج کے مریضوں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ایک سروے کے مطابق دنیا میں اس وقت تقریباً 15 کھرب سے زائد افراد سگریٹ پیتے ہیں۔ دنیا میں ایک منٹ کے اندر اندر ایک کروڑ سگریٹ خرید لئے جاتے ہیں۔ چین میں ہر منٹ میں 25 لاکھ افراد سگریٹ پیتے ہیں اور سگریٹ کے اسی دھوئیں کی بدولت لاکھوں افراد سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہورہے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق ہر سال تقریباً ایک کروڑ افراد سگریٹ نوشی کے باعث مختلف بیماریوں میں مبتلا ہوکر موت کا شکار ہوجاتے ہیں۔ دنیا میں ہر سال کار ایکسیڈنٹ، خودکشی، قتل، الکوحل اور ایڈز کی نسبت سگریٹ کے باعث بیماریاں زیادہ ہوتی ہیں۔ دنیا میں ہر 8 منٹ کے بعد سگریٹ کے استعمال کے باعث کئی اموات واقع ہوتی ہیں سگریٹ پینے والے مردوں میں موت کی شرح 22 فیصد بڑھ جاتی ہے۔ سگریٹ اور اس کے دھوئیں کے اثرات۔ سگریٹ سے خارج ہونے والے دھوئیں کے مطابق تجزیے سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ اس میں چار ہزار سے زائد کیمیائی مادے ہوتے ہیں جن میں سے 43 طاقتور قسم کے Carcinogens ہیں۔ یہ وہ کیمیکلز ہیں جن سے کینسر ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ چار سو زہریلے مادے بھی سگریٹ کے دھوئیں میں شامل ہوتے ہیں جو انسانی صحت کیلئے نقصان دہ ہوتے ہیں۔ سگریٹ کے دھوئیں میں نشہ آور نکوٹین، ٹار، خارمل، ڈی ہائیڈ (لاشوں کو محفوظ کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے) کاربن مونو آکسائیڈ (زہریلا دھواں) ڈی ڈی ٹی (کرم کش دوا) امونیا (ٹوائلٹ کی صفائی میں استعمال ہونے والا کیمیکل) ہائیڈروجن سائنائیڈ (مہک زہر) شامل ہوتا ہے۔ نکوٹین تمباکو سب سے ضروری کیمیکل ہے۔ ایک سگریٹ میں تقریباً 8 ملی گرام جبکہ سگار میں سو سے دوسو ملی گرام نکوٹین ہوتا ہے۔ نکوٹین انتہائی خستہ آور ہونے کے باعث انسان کو سگریٹ کا عادہ بناتی ہے جو کہ کینسر کا باعث بنتی ہے۔ ایک سگریٹ سے تقریباً 10 کش لئے جاتے ہیں باقاعدہ سگریٹ پینے والے افراد ایک دن میں نکوٹین کے تقریباً 200 کش لیتے ہیں۔ یہ مقدار مسلسل لینے پر جسمانی اور ذہنی طور پر سگریٹ کے Dependent ہوجاتے ہیں جس کے باعث اسے چھوڑنا مشکل ہوجاتا ہے۔

سگریٹ پینے والے افراد میں کئی اعضاء متاثر ہوتے ہیں اور اس کا مسلسل استعمال جسم کے نظام پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے جو جلدی یا دیر سے محسوس کئے جاتے ہیں۔ جن میں پھیپھڑے سرفہرست ہیں اور سگریٹ کے استعمال سے پھیپھڑوں میں سوش ہوجاتی ہے جو مسلسل کھانسی کا باعث بنتی ہے۔ سگریٹ میں موجود اجزا کون کی نالیوں کو تنگ کرتے ہیں اور دل کے دورے کا باعث بنتے ہیں۔ سگریٹ پینے والے جوان افراد کو اگر دل کا دورہ پڑے تو ایک گھنٹے کے اندر موت واقع ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ پھیپھڑوں کا کینسر، سانس میں مشکل، ٹی بی، دمہ، نمونیا، بار بار فلو، نزلہ زکام، بلڈ پریشر، دل کا دورہ، فالج، سونگھنے کی حس، یادداشت اور سماعت کا متاثر ہونا، تھائی رائیڈ گلینڈ، جھریاں، دانت بے رنگ، مسوڑھوں پر چھالے، زبان، گلے اور ہونٹ کا کینسر، دماغ کا کینسر جیسی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ جہاں سگریٹ پینے والے شخص کو نقصان پہنچتا ہے وہاں اس کے آس پاس کے لوگوں کی صحت پر بھی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ تمباکو جلنے سے اور سگریٹ پینے والے شخص کے سانس باہر نکالنے سے یہ مضر اجزا ہوا میں شامل ہوجاتے ہیں تمباکو سے ہونے والی فضائی آلودگی سے بھی ہوا میں تمباکو کے تقریباً چار ہزار اجزاء شامل ہوجاتے ہیں جو کہ 50 کے قریب مختلف کینسر پیدا کرتے ہیں۔ صحت مند آدمی اگر 25 سے 30 منٹ ایسی فضا میں سانس لے تو یہ اس کے جسم میں داخل ہوجاتے ہیں۔ مختلف ممالک میں لوگوں کو اس بری عادت سے بچانے کیلئے مختلف تدابیر کا استعمال کیا گیا ہے جن میں چند یہ ہیں۔ عالمی ادارہ صحت نے دنیا کی تمام حکومتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے اپنے ملکوں میں تمباکو سے بنی مصنوعات کی اشتہار بازی پر مکمل پابندی عائد کردیں تاکہ نوجوان افرد کو اس بری عادت میں مبتلا ہونے سے روکا جاسکے۔ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں قائم ایک رفاہی تنظیم نے سعودی نوجوانوں کو سگریٹ نوشی سے باز رکھنے کیلئے ایک دلچسپ اور اچھوتی مہم شروع کی ہی۔ تنظیم کا کہنا ہے کہ نوجوان اگر یہ بری لت ترک کردین تو ان کی مفت میں شادی کروائی جاسکتی ہے۔ شادی کے تمام اخراجات تنظیم خود برداشت کرے گی۔ سگریٹ نوشی کے خلاف اس مہم میں شریک ہونے کیلئے سینکڑوں افراد نے دلچسپی ظاہر کی ہے کیونکہ عرب دنیا میں شادی بیاہ کے تمام اخراجات دولہا برداشت کرتا ہے اور اکثر یہاں کے نوجوان اس وقت تک شادی موخر کرتے رہتے ہیں جب تک کہ دیگر اخراجات کے علاوہ دلہن کے والدین کو دینے کے لئے ان کے پاس معقول رقم جمع نہیں ہوجاتی۔ اس کے علاوہ ایک جاپانی کمپنی ایسی وینڈنگ مشین تیار کررہی ہے جو سگریٹ کے خریدار کی عمر جانچنے کیلئے اس کے چہرے پر جھریوں اور جلد کے ڈھیلے پن کی شناخت کرسکے گی جس کی عمر 20 سال سے کم ہوگی وہ سگریٹ خرید ہی نہیں کرسکے گا۔ سگریٹ پینے والے افراد کے خیال میں کئی سگریٹ کے لائٹ برانڈ موجود ہیں جن میں نکوٹین اور ٹار کی مقدار بھی بہت معمولی ہے۔ سوچا جائے تو اگر نہ پییں اور صرف آلودہ فضا میں سانس لینے پر اگر اتنے مضر اثرات ہوسکتے ہیں تو باقاعدہ سگریٹ پینے پر کیا کچھ ہوسکتا ہے۔ ایسی کوئی ریسرچ نہیں جو یہ ثابت کرے کہ لائٹ سگریٹ پینے والے افراد میں مضر اثرات بہت کم یا نہیں ہوتے کیونکہ جناب زہر تو زہر ہی ہوتا ہے چاہے مقدار میں تھوڑا ہی سہی۔ سگریٹ نوشی ایک خاموش قاتل کا کردار ادا کررہی ہے جو کہ سالانہ لاکھوں افراد کی جان لے رہی ہے لہٰذا اس بری عادت کو ترک کرنے میں ہی ہم سب کی بھلائی ہے۔ آخر پر ایک شعر

اس کے دل میں بھی کوئی چور چھپا بیٹھا ہے
ورنہ یوں مجھ سے نگاہیں نہ چراتا کوئی

☆☆☆☆☆

پٹرول بحران اور مجوزہ سمارٹ لاک ڈاؤن

صدابصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

پٹرول مہنگا ہو جائے تو اصولی طور پر سب سے پہلے توجہ اس کی قیمت پر جانی چاہیے، لیکن ہم قیمت کی بجائے واویلا کرنے کی طرف زیادہ توجہ دیتے ہیں۔ شاید اصل مسئلہ صرف قیمت نہیں بلکہ ہماری معیشت، شہری منصوبہ بندی، ٹرانسپورٹ کے نظام اور اجتماعی رویوں کا بھی ہے۔ پٹرول کی قیمتیں بلند ہوتی ہیں، شور بھی بہت ڈالا جاتا ہے مگر اس کے باوجود سڑکوں پر گاڑیوں کا ہجوم کم نہیں ہوتا۔ بڑے شہروں میں ٹریفک کی صورت حال دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ مہنگے پٹرول نے سفر کی ضرورت کو ذرا بھی کم نہیں کیا۔

سوال یہ ہے کہ آخر ایسا کیوں ہے؟

پاکستان میں پٹرول ہماری روزمرہ زندگی کا بنیادی حصہ بن چکا ہے۔ دفتر جانا ہو، بچوں کو اسکول چھوڑنا ہو، کاروبار کرنا ہو، مریض کو اسپتال لے جانا ہو یا کسی عزیز کے ہاں جانا ہو، ذاتی گاڑی یا موٹر سائیکل لاکھوں خاندانوں کی مجبوری بن چکی ہے۔ اس لیے محض پٹرول مہنگا کر دینے سے اس کی کھپت میں خاطر خواہ کمی آنا آسان نہیں۔ اس کی ایک بڑی وجہ گورننس کی کمزوری بھی ہے۔ ملک میں قیمتوں کی نگرانی اور پرائس کنٹرول کے لیے ادارے موجود ہیں، قوانین موجود ہیں اور افسران بھی تعینات ہیں، لیکن عام آدمی کا تجربہ یہ ہے کہ بازار میں قیمتوں کا تعین اکثر سرکاری نرخ نامے سے زیادہ طاقتور مارکیٹ فورسز کرتی ہیں۔ ایک ہی چیز مختلف دکانوں پر مختلف قیمتوں میں ملتی ہے اور صارف کے پاس شکایت کرنے کے باوجود فوری اور مؤثر دادرسی کا نظام ہمیشہ نظر نہیں آتا۔ ہر بندے کا اپنا ریٹ ہوتا ہے۔ آپ پٹرول کی قیمت بڑھاتے جائیں، دکان دار اس سے دگنے تناسب سے اشیاء مہنگی کرتے جائیں گے۔ اگر پرائس کنٹرول کا نظام مؤثر ہو تو پٹرول کی قیمت میں اضافے کو بنیاد بنا کر ہر شے کی قیمت بڑھانے کا رجحان بھی کسی حد تک قابو میں آ سکتا ہے۔

پٹرول بحران کے پس منظر میں یہ اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں کہ حکومت ''سمارٹ لاک ڈاؤن'' کے ذریعے ایندھن کی بچت کے امکانات پر غور کر رہی ہے۔ مجوزہ اقدامات میں بعض دن دفاتر کی بندش، سرکاری ملازمین کی روٹیشن، بازاروں کے اوقات کار میں کمی اور سرکاری گاڑیوں کے استعمال کو محدود کرنا شامل بتایا گیا ہے۔ تاہم وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے ایسی تجویز پر وزیراعظم کے اجلاس میں بحث کی تردید کی ہے۔ اس لیے اس مرحلے پر کسی تجویز کو حتمی حکومتی فیصلہ سمجھنے کے بجائے اسے زیرِ بحث پالیسی امکان ہی تصور کیا جانا چاہیے۔ تاہم اگر حکومت واقعی پٹرول کی بچت کے لیے کاروباری اور دفتری سرگرمیوں کو محدود کرنے پر غور کر رہی ہے تو اس کے ممکنہ معاشی اثرات کا بھی جائزہ ضروری ہے۔ تین دن دفاتر بند کرنے سے جو پٹرول بچایا جائے گا، کیا اس کے مقابلے میں کاروبار، دکانداروں، مزدوروں، ٹرانسپورٹ اور روزانہ اجرت پر کام کرنے والے افراد کو ہونے والا نقصان کم ہوگا؟ دیہاڑی دار مزدور جو روزانہ کنواں کھود کر اپنے بچوں کا پیٹ پالتے ہیں ان کی مشکلات اس اقدام سے بہت بڑھ جائیں گی۔ ایک دوسرا پہلو یہ بھی ہے کہ اگر شہری ان چھٹیوں میں تفریح، خریداری یا رشتہ داروں سے ملاقات کے لیے طویل سفر شروع کر دیں تو مطلوبہ ایندھن کی بچت کس حد تک حاصل ہو سکے گی؟ پالیسی بنانے سے پہلے ان سوالات کے اعداد و شمار پر مبنی جوابات بہت ضروری ہیں۔ پٹرول کی بچت کرنے کے لیے معاشی سرگرمیوں میں کمی معیشت کو بڑا نقصان پہنچا سکتی ہے۔

اس مسئلے کا ایک بہتر راستہ عوام کو پابندی کا پابند بنانے کے بجائے انہیں متبادل فراہم کرنا ہے۔ حکومت کو بڑے شہروں میں میٹرو بس، الیکٹرک بس، فیڈر روٹس اور دیگر پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید مؤثر بنانا چاہیے۔ اگر پبلک ٹرانسپورٹ محفوظ، آرام دہ، باقاعدہ اور نسبتاً سستی ہو تو بہت سے لوگ اپنی ذاتی گاڑی استعمال کرنے کے بجائے اجتماعی سفری سہولت بڑے شوق سے اختیار کر سکتے ہیں۔ اگر حکومت محدود مدت کے لیے پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں رعایت بھی دے دے تو اس اقدام کا فائدہ صرف پٹرول کی بچت تک محدود نہیں ہوگا بلکہ ٹریفک کے دباؤ، فضائی آلودگی اور شہریوں کے سفری اخراجات میں بھی کمی کا باعث بنے گا۔

اسی طرح الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر ایک وسیع قومی آگاہی مہم شروع کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ شہریوں کو بتایا جائے کہ غیر ضروری سفر سے گریز، ایک ہی سمت جانے والے افراد کا مشترکہ سفر، گاڑی کی بروقت ٹیوننگ، ٹائر پریشر درست رکھنا اور غیر ضروری طور پر انجن چلتا نہ چھوڑنا بھی ایندھن کی بچت میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ دیکھنے میں بظاہر معمولی اقدامات لگتے ہیں لیکن جب کروڑوں افراد اختیار کرتے ہیں تو ان کا مجموعی اثر بہت بڑا ہو سکتا ہے۔

اس سلسلے میں حکومت کو اپنے طرزِ عمل سے بھی مثال قائم کرنا ہوگی۔ سرکاری گاڑیوں کے غیر ضروری استعمال، اضافی پروٹوکول اور غیر ضروری سرکاری نقل و حرکت میں کمی لا کر ایندھن کی بچت کی جائے۔ اگر عوام سے قربانی مانگی جائے تو حکمران طبقے اور سرکاری اداروں کو بھی اپنی سطح پر بچت کا عملی نمونہ پیش کرنا چاہیے۔ قومی بحران میں عوامی اعتماد اسی وقت پیدا ہوتا ہے جب قربانی کا احساس یک طرفہ نہ ہو۔

اس کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنے شہری نظام پر بھی غور کرنا ہوگا۔ اگر ایک شخص کو روزانہ روزگار کے لیے گھر سے پچاس یا ساٹھ کلومیٹر دور جانا پڑتا ہے تو پٹرول کی کھپت کم کرنے کا مطالبہ اس وقت تک مؤثر نہیں ہوگا جب تک شہری منصوبہ بندی میں رہائش اور روزگار کے فاصلے کو کم کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ مستقبل کے شہروں کو ایسے منصوبوں کی ضرورت ہے جہاں تعلیم، صحت، روزگار، خریداری اور رہائش کی بنیادی سہولتیں نسبتاً قریب ہوں۔ یہ اقدام آنے والے بحرانوں کی شدت کو کم کرنے کا باعث بنے گا۔

پٹرول کے بحران نے ہمیں ایک بڑے سوال کے سامنے بھی کھڑا کر دیا ہے کہ کیا ہم ہر بحران کا حل پابندی میں تلاش کریں گے یا اپنے نظام کو بہتر بنانے کی کوشش کریں گے؟ عارضی پابندیاں بعض حالات میں ضروری ہو سکتی ہیں، لیکن مستقل حل بہتر گورننس، مؤثر پبلک ٹرانسپورٹ، ذمہ دارانہ شہری رویے، سرکاری اخراجات میں کفایت اور توانائی کے متبادل ذرائع میں سرمایہ کاری سے ہی نکلے گا۔ ہمارا ملک مسلسل بحرانوں میں گھرا ہوا ہے، ہمیں عارضی اقدامات کے ساتھ مستقل حل کی کوششوں کی بھی ضرورت ہے۔ ضرورت اس امر کی بھی ہے کہ حکومت عوام کو صرف یہ نہ بتائے کہ پٹرول کم استعمال کریں بلکہ یہ بھی بتائے کہ پٹرول کے بغیر یا کم پٹرول کے ساتھ سفر کیسے ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ بحران کے وقت قوموں کی اصل طاقت صرف حکومتی فیصلوں میں نہیں بلکہ عوامی تعاون میں ظاہر ہوتی ہے۔ اگر حکومت سہولت فراہم کرے، ادارے اپنی ذمہ داری پوری کریں اور شہری اپنی قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے غیر ضروری اخراجات اور سفر میں کمی کریں تو پٹرول کا بحران ایک عارضی مشکل سے آگے بڑھ کر ہمارے نظام کی اصلاح کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔

ہمیں تین دن کی چھٹی سے زیادہ تین چیزوں کی ضرورت ہے یعنی بہتر گورننس، بہتر متبادل اور بہتر قومی سوچ۔ یہی پٹرول بحران کا زیادہ پائیدار جواب ہوسکتا ہے۔

ایک سواری

Jamhoor Ki Aawaz
جمہور کی آواز
ایم سرور صدیقی
Jamhoor.news@gmail.com

خلقِ خدا پریشان ہے حکومتی پالیسیوں کے سائیڈ ایفکٹ سامنے آرہے ہیں کیا دلوں سے رحم، ہمدردی اور صلہ رحمی رخصت ہوگئی ہے سوشل میڈیا پر اتنی ہولناک اور خوفناک خبریں ہوتی ہیں کہ یقین جانیے کھانا کھانے کو جی نہیں کرتا ہر دن جو گذر جاتا ہے یقین جانئے لی اپنے پیچھے اتنے سوال چھوڑ جاتا ہے کہ ہر آنے والے دن کی آمد کے خوف سے اتنے ہول آنے لتے ہیں کہ سکون برباد ہوجاتا ہے اور کیا اینکر پرسن، یوٹیوبر اور سوشل میڈیا کے سیانے مریم نواز کے جہاز کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اب ان کی دوسری صاحبزادی کی شادی کے چرچے ہیں کچھ جامے میں رو کر کچھ گھٹے مٹے انداز میں اور کچھ جامے سے باہر ہوکر عجیب وغریب تبصرے کر رہے ہیں غریب کا دل تو پہلے ہی دکھا ہوا ہے وہ اس کو روٹی کی فکر ہے، اپنے بچوں کے سکولوں میں فیس کی فکر ہے، ٹریفک چالانوں کی فکر ہے، سرکاری اداروں، سڑکوں چوک کچہری میں ان کے ساتھ روا ہونے والے سلوک کی فکر ہے جگہ جگہ عزتِ نفس کی پامالی اور مجروح ہونے کی فکر ہے اسے اس بات سے کوئی غرض نہیں کہ بلاول بھٹو کی شادی ایک غیر ملکی شہزادی سے ہورہی ہے یا مریم نواز کی بیٹی نے 4 ارب سے زائد خطیر رقم کا سونے کا نیکلس پہ ناہے غریبوں کو تو چاند بھی روٹی جیسا لگتا ہے کیونکہ حکمرانوں کا اندازِ حکمرانی ایک سوالیہ نشان ہے پمز ہسپتال میں آگ لگے، گل پلازا جل کر خاکستر ہوجائے، بلدیہ ٹاؤن میں گارمنٹس کی فیکٹری میں مزدور زندہ جل جائیں تصور کی آنکھ سے دیکھیں جب ایسے مقامات پر آگ بجھی ہے تو وہاں قیامت کے سے مناظر ہوتے ہیں گوست پوست کے چلتے پھرتے زندہ جل کر بھسم ہوگئے ہیں یہ کہنا اور سننا آسان ہے جن کے پیاروں کی وہاں سے جلی ہوئی ہڈیاں، بے نور کھوپڑیاں اور مسخ لاشیں ملی ہیں وہی جانتے ہیں کہ صبر، بے بسی اور گھر کے واحد کفیل کو کھونے کا مطلب کیا ہوتا ہے؟ توسیع کے نام پر بننے والی عمارات، انڈر پاسز سے سینکڑوں ہزاروں افراد کو جائز روزی کمانے سے محروم کردینا کیا یہ معاشی دہشت گردی نہیں؟ یا حکمران اس سے بے خبر ہیں کہ پھر پیرا فورسز اہلکاروں کے ہاتھوں دکانداروں کی گرفتاریاں، دکانوں کی بندش کیا گل کھلارہی ہے غریب لقموے لقمے کو ترس رہے ہیں روز ہولناک خبریں سن کر پاکستانی لرگ لرز جاتے ہیں اور حکمرانوں کو مطلق اس کا احساس نہیں آج سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو سامنے آئی جس میں ایک رکشہ ڈرائیور ضبط باندھے کھڑا تھا لیکن اچانک وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔ سسکیوں کے درمیان کہنے لگا اللہ گواہ ہے پہلے روزگار نہیں تھا بھرپور کوشش کرکے کرائے پر رکشہ لیا اور ابھی ایک سواری بھی نہیں بٹھائی کہ ٹریفک والوں نے دو ہزار کا چالان کردیا۔ میں نے بہت منت سماجت کی کہ میرے بچے بھوکے ہیں آپ ہزار کا چالان کردو تاکہ کچھ پیسے تو بچ جائیں لیکن وارڈن والے نے ایک نہ سنی کہا ابھی 2000 جمع کرواؤ ورنہ تمہارا رکشہ بند ہوجائے گا آپ بھی ذرا تصور کی آنکھ سے اس بندے کی آنکھوں کو دیکھیں وہ کتنی بے بسی محسوس کر رہا ہوگا اور وہ رو رہا ہے اسے دیکھ کر اس کے بیوی بچے یا بہن بھائی، بوڑھے ماں باپ بھی رو رہے ہوں گے۔ گل پلازہ کے تاجر تو زندہ جل گئے یہ جانے کتنے سینکڑوں، ہزاروں لاکھوں میرے ہم وطن روز زندہ درگور ہورہے ہیں اور حکمرانوں کے دل میں رحم کی ایک بھی رمق نہیں یہ احساس دل کو کچوکے لگاتا ہے کہ دکھ لگتا ہے کہ ہمارے محافظ ہی ہمیں تکلیف دے رہے ہیں پہلے چالان دوسو روپے کا ہوتا ہے ہر بندہ کہتا تھا چلو کوئی بات نہیں وارڈن والوں کا بھی ٹارگیٹ پورا ہوجائے گا حکمرانوں کے نزدیک ہم ریونیو جنریٹ کرنے والی کوئی چیز ہیں یہی وجہ ہے کہ سرکاری اہلکار عوام کو مال بٹورنے کا ذریعہ سمجھنے لگے ہیں لیکن حکومت سمجھتی ہے کہ عام آدمی کو تن کے رکھو اب سب سے کم چالان ہی دو ہزار کا ہے۔ آپ کا اگر دو ہزار کا چالان ہوجائے تو یقین مانیں آپ بھی پریشان ہوجائیں لے لیکن وہ انسان جس کی حیثیت ہی نہیں ہے جس کے رکشے کا کرایہ ہی 1500 روپے ہے وہ کہاں جائے؟ پلیز خدارا لوگوں پہ رحم کریں حکمرانوں کو اندازہ ہی نہیں کہ لوگ بھوکے مر رہے ہیں کب تک بیچارے جبر برداشت کریں عوام کو جینے دیں عزت سے روٹی روزی کمانے دیں آپ کی ''بادشاہت'' سلامت رہے عوام روتے ہیں تو ظالم رونے بھی نہیں دیتے اور آواز اٹھاتے ہیں تو آواز بھی اٹھانے نہیں دیتے غریب جائے تو کہاں جائے یہی بے بسی ہر جگہ ہوئی پڑی ہے قسم سے خون کھولتا ہے جو حال کیا ہوا انہوں نے جو بیچارے ہر روز کا کماتے ہیں کیا کریں وہ جن کو انہوں نے روڈز سے ہٹا کے روزگار ہی چھین لیا ان کا ہر شخص پریشان حال ہے ان کی وجہ سے کہاں سے گھر چلائے یعنی ذبح کرکے بھی ظالم نے بڑے کس کس کے پر باندھے روزانہ کمائی کرکے اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے والے سخت مشکل میں ہیں یہی حال ہے آمدنی ہے نہیں بجلی کے ہوشربا بل، مکان کا کرایہ، بچوں کی تعلیم، گھریلو اخراجات، غمی خوشی، بیماری کے اخراجات کے بعد بچتا ہی کیا ہے مہینہ ختم ہوجاتا ہے مسئل ختم نہیں ہوتے اور ٹریفک اہلکار چالان تو ایسے کرتے ہیں جیسے بہت بڑا روزگار دیا ہے جو لوگ روز کے ہزاروں کمارہے ہیں بیچارے جو روپیہ روپیہ اکٹھا کرتے ہے یا تو چالان کی نظر ہوجاتا ہے یا پھر بلوں کرائیوں میں نکل جاتا ہے اور بچے پھر بھوکے روکھی سوکھی کھا کر گزارہ کر رہے ہیں بیچارہ مزدور اور غریب بندہ روئے نہ تو پھر کیا کریں جب آگے کچھ نظر نہیں آتا تا پھر بے بس ہی ہونا ہے بس اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک سب کے لیے آسانیاں کریں خلقِ خدا پریشان ہے حکومتی پالیسیوں کے سائیڈ ایفکٹ سامنے آرہے ہیں کیا دلوں سے رحم، ہمدردی اور صلہ رحمی رخصت ہوگئی ہے۔ بات کریں تو کئی لوگ ایسے پھٹ پڑتے ہیں جیسے پریشر ککر پھٹتا ہے اب سوال یہ ہے کہ غریب مرجائے اور کہاں جائے تو کہاں جائے اتنی پریشانی ہوئی ہے بے بسی ہے قسم سے خون کھولتا ہے جو بندہ کمائے نہ تو کھائے کہاں سے حکومت کو چالان کے معاملے میں غور کرنا چاہیے زیادہ سے زیادہ رکشے یا بائیک کا چالان 500 ہونا چاہیے۔ حکمرانوں سے بس اتنی سی التجا ہے کہ آپ ایک اور آئینی ترمیم کرکے تاحیات بادشاہ بن جائیں لیکن غریبوں پر رحم کھائیں، عوام کو جینے دیں عزت سے روٹی روزی کمانے دیں آپ کی ''بادشاہت'' سلامت رہے عوام کا تو سب سے بڑا مسئلہ پیٹ کا دوزخ بھرنا ہے بے رحم حکومتی پالیسیوں کے سائیڈ ایفکٹ سامنے آرہے ہیں آج تو چہرہ چہرہ سوالی ہے خدارا رحم کھائیں۔۔ غریبوں پر رحم کھائیں دعا ہے آپ کی بادشاہت سلامت رہے۔

عالیہ بھٹ ہجوم میں پھنس گئیں، سیکیورٹی گارڈ کی مداح کو دھکیلنے کی ویڈیو وائرل

بالی ووڈ اداکارہ عالیہ بھٹ کی نئی فلم 'ڈونٹ بی شائی' کے ٹریلر لانچ کے موقع پر ایک مداح کو سیکیورٹی گارڈ کی جانب سے پیچھے ہٹانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ تقریب سے باہر نکلتے وقت عالیہ بھٹ کے گرد مداحوں کی بڑی تعداد جمع ہوگئی۔ اسی دوران ایک مداح اداکارہ کے قریب پہنچنے کی کوشش کرتا ہے، بظاہر وہ ان کے ساتھ سیلفی لینا چاہتا تھا۔ عالیہ کے باڈی گارڈ نے مداح کو پیچھے کردیا، لیکن وہ دوبارہ اداکارہ کے قریب جانے کی کوشش کرتا ہے۔ سیکیورٹی اہلکار نے ایک مرتبہ پھر اسے روک دیا۔ اس دوران عالیہ بھٹ نے مداحوں کے ساتھ تصاویر بنوانا جاری رکھیں اور ویڈیو میں ان کے چہرے پر کسی خاص ردعمل کا اظہار نظر نہیں آیا۔

سڈنی سوینی کے بولڈ اسپورٹس اشتہار پر کھلاڑیوں کا اعتراض، خواتین کی نمائندگی پر نئی بحث

ہالی ووڈ اداکارہ سڈنی سوینی کی امریکی اسپورٹس پریڈکشن پلیٹ فارم نووگ کے لیے بنائی گئی نئی تشہیری مہم نے خواتین کے کھیلوں کی نمائندگی پر بحث چھیڑ دی ہے۔ مہم کی تصاویر میں سڈنی سوینی کو نیم عریاں حالت میں باسکٹ بال اور فٹ بال سمیت مختلف کھیلوں کے سامان کے ساتھ پوز کرتے دکھایا گیا ہے۔ ان اشتہارات پر اعتراض صرف عام صارفین کی جانب سے نہیں بلکہ کئی پیشہ ور خواتین کھلاڑیوں نے بھی کیا ہے۔ چار مرتبہ کی اولمپک گولڈ میڈلسٹ آرین ٹمٹس نے مہم پر ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ برسوں کھیلوں میں محنت کرنے والی خواتین کی صلاحیت، تربیت اور کامیابی کے بجائے ان کے جسم کو تشہیر کا ذریعہ بنانا مناسب نہیں۔ برطانوی اسپرنٹر ایمی ہنٹ نے بھی مہم پر تنقید کی اور خواتین کے کھیلوں کی اصل حقیقت کی جانب توجہ دلائی، جس میں سخت ٹریننگ، پسینہ، مقابلہ اور برسوں کی محنت شامل ہوتی ہے۔ تیراک لینی پیلسٹر اور اسپرنٹر بری ریزو نے بھی اپنی ٹریننگ اور مقابلوں کی ویڈیوز شیئر کر کے خواتین کے کھیلوں کی ایک مختلف تصویر پیش کی۔ اولمپک سلور میڈلسٹ واٹر پولو کھلاڑی ٹلی کیئرنز اور عالمی چیمپئن باکسر اسکائی نکلسن سمیت دیگر اتھلیٹس نے بھی مہم کے تصور پر سوال اٹھائے۔ نکلسن نے خاص طور پر خوبصورتی اور جنسی کشش کو بطور تشہیری حربہ استعمال کرنے کے درمیان فرق کی نشاندہی کی۔ تنقید کا بنیادی نکتہ سڈنی سوینی کا بولڈ انداز نہیں بلکہ یہ ہے کہ خواتین کے کھیلوں کو اسپورٹس کی محنت اور کامیابی کے بجائے جنسی انداز میں کیوں پیش کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب نووگ نے سوینی کو محض برانڈ ایمبیسیڈر کے بجائے کمپنی کا اسٹریٹجک پارٹنر قرار دیا ہے اور انہیں کمپنی میں حصص بھی حاصل ہیں۔ نووگ 2021 میں قائم ہونے والا امریکی اسپورٹس پریڈکشن پلیٹ فارم ہے، جس نے 2026 میں 75 ملین ڈالر کی سیریز بی فنڈنگ بھی حاصل کی۔ مہم پر جاری بحث کا بنیادی سوال یہی ہے کہ خواتین کو اپنی مرضی سے خود کو پیش کرنے کی آزادی کہاں تک ہے اور کھیلوں کی تشہیر میں خواتین کے جسم کو جنسی انداز میں پیش کرنا کہاں سے ایک الگ مسئلہ بن جاتا ہے۔



ایمیز ایوارڈ میں سیلینا گومز کی نئی تصاویر وائرل، سرجری کی افواہیں پھر گردش میں

امریکی گلوکارہ اور اداکارہ سیلینا گومز نے 15 ستمبر 2026 کو ہونے والی ایمیز ایوارڈز کی تقریب میں سنہری لباس پہن کر شرکت کی، لیکن تقریب کے بعد ان کی تصاویر سوشل میڈیا پر ایک نئی بحث کا موضوع بن گئیں۔ بعض صارفین نے سیلینا کی ظاہری شکل میں تبدیلی محسوس کرتے ہوئے قیاس آرائیاں شروع کر دیں کہ شاید انہوں نے کاسمیٹک سرجری یا دیگر بیوٹی ٹریٹمنٹس کروائے ہیں۔ کچھ افراد نے تو انہیں 'نا قابلِ شناخت' قرار دیا، جبکہ چند سوشل میڈیا صارفین نے غیر معمولی دعوے بھی کیے۔ یہ پہلی بار نہیں کہ سیلینا گومز کو ایسی افواہوں کا سامنا کرنا پڑا ہو۔ اس سے قبل بھی ان کی شکل اور وزن میں تبدیلی کو لے کر مختلف قیاس آرائیاں سامنے آتی رہی ہیں۔ 2017 میں گردے کی پیوند کاری کے بعد بھی بعض لوگوں نے ان کے انداز اور آواز میں فرق محسوس کرنے کا دعویٰ کیا تھا۔ سیلینا گومز اس حوالے سے پہلے بھی وضاحت کر چکی ہیں۔ ایک موقع پر انہوں نے مزاحیہ انداز میں کہا تھا کہ انہوں نے بوٹوکس کروایا ہے، تاہم بعد میں بتایا کہ لوپس بیماری کے باعث ان کے جسم میں پانی جمع ہو جاتا ہے، جس سے وزن اور چہرے کی ساخت میں وقتی تبدیلی آ سکتی ہے۔ اپریل 2026 میں انہوں نے 'کلون' سے متعلق افواہوں کا جواب بھی ایک مزاحیہ ویڈیو کے ذریعے دیا تھا۔ سیلینا کا مؤقف رہا ہے کہ صحت کی پیچیدگیوں کے باعث ان کی جسمانی ساخت میں اتار چڑھاؤ آنا ایک فطری عمل ہے۔

بقیہ سحر 1

مجموعی مالیت 9 لاکھ 70 ہزار روپے ہیکرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں جبکہ مزید ان سے مزید برآمدگی متوقع ہے۔ اس موقع پر ایس ایچ او عرفان ڈھلو کا کہنا ہے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رہیں گی گرفتار ملزمان کو قانون کے مطابق عدالت سے سخت سزا دلوائی جائے گی علاقہ مکینوں نے موٹر سائیکل چور گینگ کی گرفتاری پر اطمینان کا اظہار کیا اور ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 2

جدید سائنسی و تکنیکی ذرائع استعمال کرتے ہوئے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کیں اور بالآخر تینوں بچوں کا سراغ لگا لیا۔ پولیس تحقیقات کے مطابق اغوا کا معاملہ دراصل گھریلو حالات کے باعث بچوں کے خود گھر سے جانے کا نکلا۔ پولیس کے مطابق تینوں بچے اپنی سوتیلی والدہ سے مبینہ طور پر تنگ آ کر گھر سے چلے گئے تھے اور ڈسکہ میں اپنی حقیقی والدہ کے پاس پہنچ گئے تھے۔ پولیس نے تینوں بچوں کو بحفاظت تلاش کر کے ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد ان کی حقیقی والدہ کے حوالے کر دیا۔

بقیہ سحر 3

کرتے ہوئے کہا کہ یہ اسکیم چھوٹے تاجروں کے لیے نہایت محفوظ اور فائدہ مند ہے، اس لیے چھوٹے تاجروں کو چاہیے کہ وہ اس اسکیم سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے کاروبار کو باقاعدہ ٹیکس نظام کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی ٹیکس اسکیم کے ذریعے چھوٹے تاجروں کو آسان طریقے سے ٹیکس نظام میں شامل ہونے کا موقع فراہم کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر فریدی چپل سٹور کے مالک عابد فریدی نے ایف بی آر حکام کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ سحر 4

ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹی ایچ کیو ہسپتال پسرور منتقل کر دیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، جبکہ حادثے میں ملوث رکشہ ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔

بقیہ سحر 5

کے تحفظ کے لیے پولیس، تعلیمی اداروں، والدین اور معاشرے کے مشترکہ کردار پر بھی زور دیا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے خواتین و بچوں کے تحفظ کے لیے سیالکوٹ پولیس کی آگاہی مہم کو سراہتے ہوئے اس کاوش کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے طالبات کے لیے ایسے آگاہی سیشنز کی ضرورت و اہمیت پر زور دیا اور ان کا سلسلہ جاری رکھنے کے لیے یونیورسٹی کی جانب سے پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انسپکٹر خرم شہزاد نے ڈیجیٹل و سائبر سکیورٹی پر پریزنٹیشن دیتے ہوئے آن لائن ہراسگی، بلیک میلنگ اور فشنگ سے بچاؤ، مضبوط پاس ورڈز، ٹو اسٹیپ آتھنٹیکیشن اور محفوظ سوشل میڈیا استعمال کے بارے میں رہنمائی دی۔ متاثرہ ہونے کی صورت میں شواہد محفوظ رکھنے اور متعلقہ اداروں کو بروقت رپورٹ کرنے کی اہمیت بھی بیان کی گئی۔ انچارج ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن سب انسپکٹر سعدیہ نایاب نے طالبات کو ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن، ویمن سیفٹی ایپ، سیفٹی پینک بٹن اور کیو آر کوڈ پینک بٹن کے ذریعے مدد حاصل کرنے کے طریقہ کار سے آگاہ کیا۔ یہ سیمینار آر پی او گوجرانوالہ خرم شہزاد حیدر روڈ انچ کی ہدایات پر جاری ہفتہ برائے آگاہی و تحفظ خواتین و بچوں کی کڑی ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی زیرِ نگرانی ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور دیگر پولیس افسران مختلف اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور دیگر اداروں میں آگاہی لیکچرز دے رہے ہیں، تاکہ خواتین اور بچوں کو حفاظتی تدابیر اور مدد کے دستیاب ذرائع سے آگاہ کیا جا سکے۔

بقیہ سحر 6

کہا کہ کچہری بازار سمیت ضلع بھر میں انسداد تجاوزات مہم کو مؤثر انداز میں جاری رکھا جا رہا ہے، دکاندار مقررہ حدود میں رہتے ہوئے کاروباری سرگرمیاں انجام دیں۔ اصغر علی نے مزید کہا کہ تجاوزات کے باعث شہریوں کی آمد و رفت متاثر ہوتی ہے، اس لیے دکاندار اپنی دکانوں کے سامنے سامان مقررہ حدود سے باہر رکھنے سے گریز کریں اور انتظامیہ سے تعاون کریں۔ انسداد تجاوزات مہم شہریوں کی سہولت کے لیے ہے، خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ سحر 7

مقصد چھوٹے تاجروں کو با آسانی ٹیکس نظام کا حصہ بنانا ہے۔ انہوں نے طریقہ کار کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے واضح کیا کہ اس سکیم کے ذریعے تاجروں کو ٹیکس معاملات کو آسان انداز میں سمجھنے اور سہولت کے ساتھ اپنی قومی ذمہ داریاں پوری کرنے کا موقع ملے گا, دورانِ بریفنگ تاجر نمائندوں نے سکیم کے حوالے سے مختلف سوالات کیے اور اپنے تحفظات کا کھل کر اظہار کیا، جس پر ایف بی آر حکام نے انہیں تفصیلی اور تسلی بخش جوابات دے کر ان کے شکوک و شبہات دور کیے۔ تقریب کے اختتام پر مرکزی انجمن تاجران کے عہدیداران نے تاجروں کے مسائل سننے اور مؤثر رہنمائی فراہم کرنے پر ایف بی آر افسران کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

بقیہ سحر 8

کے نرخ بڑھنے کو جواز بنا کر قیمتوں اور کرایوں میں مزید اضافہ کر رہے ہیں اس صورتحال کا سب سے زیادہ نقصان محدود آمدنی رکھنے والے طبقے کو برداشت کرنا پڑ رہا ہے

بقیہ سحر 9

کا اعلان کیا اور اسی لیے ہر سال کی طرح پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن منایا جاتا ہے جس کا مقصد دنیا بھر کے کروڑوں ناخواندہ افراد کی تعلیم کو اہمیت سے روشناس کرانا ہے

بقیہ سحر 10

نے شرکت کرتے ہوئے ADIG ساہیوال سید احمد رضا شاہ DSP، اور سید علی اویس بابر کے والد گرامی قدر، نور احمد نوری جنرل سیکرٹری شیر گڑھ پریس کلب کے انکل سید تجمل شاہ مرحوم کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ و رنج کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی، لواحقین کیلئے صبر جمیل کی خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ سحر 11

اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے نیو بس ٹرمینل کا دورہ کرتے ہوئے ٹرمینل میں مسافروں کے لیے دستیاب سہولیات، صفائی ستھرائی، ٹریفک مینجمنٹ، پارکنگ اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ٹرمینل میں مسافروں کو صاف ستھرا، محفوظ اور منظم ماحول فراہم کیا جائے، صفائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنایا جائے اور ٹریفک و پارکنگ کے حوالے سے مو ?ثر انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو سفری سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بعد ازاں کمشنر لاہور ڈویژن نے بلدیہ چوک اور اپروچ روڈ پر حالیہ دنوں مکمل ہونے والے فوڈ کورٹس کا دورہ کیا۔ انہوں نے منصوبے کے مختلف حصوں، صفائی، خوبصورتی، شہریوں کے بیٹھنے اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ فوڈ کورٹس کو بہترین صفائی، مناسب ٹریفک مینجمنٹ اور شہریوں کے لیے سازگار ماحول کے ساتھ فعال رکھا جائے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ منصوبے کی خوبصورتی اور افادیت کو برقرار رکھنے کے لیے مسلسل نگرانی کی جائے اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات میں مزید بہتری لائی جائے۔ فوڈ کورٹ اور اپروچ روڈ منصوبہ شہریوں کے لیے بہتر تفریحی، تجارتی اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے مکمل کیا گیا ہے۔ کمشنر نعمان یوسف نے مزار حضرت بابا بلھے شاہ ? کا بھی دورہ کیا اور مزار کمپلیکس میں زائرین کو فراہم کی جانے والی سہولیات، صفائی ستھرائی، سکیورٹی، آمد و رفت اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مزار پر آنے والے زائرین کو بہترین سہولیات فراہم کی جائیں، صفائی کے خصوصی انتظامات برقرار رکھے جائیں اور مزار کے تقدس و روحانی ماحول کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ مزار کمپلیکس میں جاری و مکمل ہونے والے مختلف ترقیاتی و تزئینی کاموں کے معیار اور رفتار پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی گئی۔ مزار کمپلیکس میں ترقیاتی کاموں میں بیرونی و اندرونی تزئین، فرش، نکاسی آب، شجرکاری اور دیگر سہولیات شامل رہی ہیں۔ دورے کے دوران کمشنر لاہور ڈویژن نے رورل ہیلتھ سنٹر گنڈا سنگھ والا کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، ایمرجنسی اور دیگر شعبہ جات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دیہی مراکز صحت میں ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری یقینی بنائی جائے، مریضوں کو بروقت علاج اور مفت ادویات کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ آنے دی جائے جبکہ صفائی کے معیار کو بھی مزید بہتر بنایا جائے۔ اس موقع پر کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق شہریوں کو جدید، معیاری اور بروقت سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کا مقصد صرف انفراسٹرکچر کی تعمیر نہیں بلکہ عوام کو بہتر ماحول، سہولیات اور معیارِ زندگی فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع قصور میں جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کی مو ?ثر نگرانی کی جائے گی اور منصوبوں کے معیار، رفتار اور افادیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ میں متحرک رہیں، عوامی سہولیات سے متعلق مسائل کی نشاندہی کر کے ان کا فوری ازالہ یقینی بنائیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں۔ ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا نے کمشنر لاہور ڈویژن کو ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں، شہری سہولیات، صفائی ستھرائی، صحت عامہ اور دیگر انتظامی امور کے حوالے سے بریفنگ دی۔ کمشنر نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید مو ?ثر بنانے اور تمام منصوبوں کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھنے کی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 12

رہیں، تاہم لڑکی کی حالت غیر ہونے اور خوف و ہراس کا شکار ہونے کے باعث والد اپنی بیٹی کو لے کر تھانے پہنچے۔ متاثرہ کے والد نے اعلیٰ حکام اور پولیس سے انصاف، طبی معائنے اور ملزم کی فوری گرفتاری کی اپیل کی ہے۔

بقیہ سحر 13

بھی تنازعات کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ اس رجحان پر قابو پانے کے لیے ضروری ہے کہ بچوں کو ابتدائی عمر ہی سے صبر، برداشت، دوسروں کی رائے کا احترام اور اختلافِ رائے کو مثبت انداز میں قبول کرنے کی تربیت دی جائے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ اور والدین بچوں کی کردار سازی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ اگر تعلیمی اداروں میں نصابی تعلیم کے ساتھ اخلاقی تربیت کو بھی اہمیت دی جائے تو ایک باشعور، ذمہ دار اور برداشت کرنے والی نسل کی تشکیل ممکن ہے۔

رائے خالد سرور کھرل ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کو یہ شعور دینا ضروری ہے کہ اختلافِ رائے دشمنی نہیں بلکہ معاشرتی زندگی کا فطری حصہ ہے۔ ہمیں ایک دوسرے کے نظریات اور جذبات کا احترام کرتے ہوئے محبت، بھائی چارے اور امن کو فروغ دینا ہوگا۔

انہوں نے متعلقہ حکام اور تعلیمی اداروں کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ بچوں اور نوجوانوں میں برداشت، رواداری اور مثبت معاشرتی رویوں کو فروغ دینے کے لیے سکولوں اور دیگر تعلیمی اداروں میں خصوصی تربیتی ورکشاپس اور کوچنگ سیشنز کا اہتمام کیا جائے تاکہ ایک پُرامن، مہذب اور باہمی احترام پر مبنی معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکے

بقیہ سحر 14

کو خراج تحسین پیش کیا، معروف روحانی شخصیت پیر قاری غیاث القمر حسین سجادہ نشین آستانہ عالیہ الوردی شریف نے دعا کی کہ اللہ تعالی پاکستان کو ہمیشہ قائم و قائم رکھے اور ہمیں اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھانے کی توفیق عطا فرمائے

بقیہ سحر 15

سرٹیفکیٹ ایوارڈ حاصل کرنے پر انچارج پٹرولنگ پوسٹ چوک مرلے سب انسپکٹر چوہدری سہیل برکت کمبوہ کو مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ سحر 16

بطور ایس ڈی او تعینات ہونے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے قابل آفیسر کی تعیناتی سے صارفین واپڈا کے مسائل ہونگے اور لیسکو انکی خداداد صلاحیتوں سے حقیقی استفادہ کریگا الحاج عبدالجبار بھٹی کی جانب سے محمد عثمان بھٹیSDO اور عمائدین علاقہ کے اعزاز میں پروقار عشائیہ بھی دیا اور مٹھائی تقسیم کی۔

بقیہ سحر 17

کرنے کی ہدایات بھی دیں۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے باعث شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے بازاروں میں مقررہ حدود کی پابندی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ انسداد تجاوزات مہم کا مقصد شہریوں کے لیے بہتر اور کشادہ راستوں کی فراہمی اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنا ہے۔ سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر نے کہا کہ کچہری بازار سمیت ضلع بھر میں انسداد تجاوزات مہم کو مؤثر انداز میں جاری رکھا جا رہا ہے، دکاندار مقررہ حدود میں رہتے ہوئے کاروباری سرگرمیاں انجام دیں۔ اصغر علی نے مزید کہا کہ تجاوزات کے باعث شہریوں کی آمد و رفت متاثر ہوتی ہے، اس لیے دکاندار اپنی دکانوں کے سامنے سامان مقررہ حدود سے باہر رکھنے سے گریز کریں اور انتظامیہ سے تعاون کریں۔ انسداد تجاوزات مہم شہریوں کی سہولت کے لیے ہے، خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ سحر 18

کونسلر، چوہدری علی نواز، محمد عباس پرسنل اسسٹنٹ، آصف خان سابق چیئرمین، شفاقت علی شالی، رائے صدی احمد، ملک محمد آصف نوناری، محمد اکبر وٹو، محمد اقبال وٹو، محمد اظہر بھٹہ چوہدری محمد منشاء، علی شیر بوبی،، ودیگران نے شیر گڑھ میں 1122 کے سنٹر اور ماڈل سپورٹس کمپلیکس کیلئے عملی تحرک کرنے اور آغا نثار علی چوک سے گھاراپل تک براستہ سبزی منڈی حجرہ، چونیاں روڈ، ڈھلیانہ اڈہ فلاحی والا دربار اٹاری روڈ حجرہ اسٹیڈیم سے ہوتا ہوا گھارا والی پل حویلی روڈ تک سڑک کی منظوری، مختلف مقامات کا سیور یج انتہائی خوش آئند ہے ایسے اجتماعی اقدامات سید عاشق حسین شاہ کرمانی صوبائی منسٹر لائیوسٹاک، زراعت اور راؤ سعد اجمل خان کی عوام دوستی کا حقیقی ثبوت ہیں شہریوں نے سید عاشق کرمانی اور راؤ سعد اجمل کے حق میں نعرے لگائے سید عاشق کرمانی منسٹر، راؤ سعد اجمل خان نے شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ کے قلم کاران سے گفتگو میں کہا کہ الیکشن کے دوران کئے وعدوں کی تکمیل کا سفر طوفانی اسپیڈ سے جاری ہے انشاءاللہ ایک ایک وعدہ پورا کریں گے کیونکہ سیاست ہمارے نزدیک عبادت کے مترادف ہے۔

بقیہ سحر 19

دستیابی یقینی بنانے اور تعلیمی معیار میں مزید بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے تعلیمی اداروں کی باقاعدہ مانیٹرنگ، اساتذہ و طلباء کی حاضری اور محکمہ تعلیم سے متعلق امور پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 20

کے دوران مبینہ طور پر رشوت کی رقم برآمد کر لی گئی۔ واقعہ کا مقدمہ نمبر 12/2026 تھانہ اینٹی کرپشن چنیوٹ میں درج کر لیا گیا ہے جبکہ مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ سحر 21

کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ریونیو ریکوری کے اہداف کے حصول کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے اور زیر التوا امور کو بروقت نمٹانے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو افسران محنت، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنے فرائض سرانجام دیں، عوام کو ریونیو سے متعلقہ امور میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور حکومتی منصوبوں کے ثمرات شہریوں تک پہنچانے کے لیے فیلڈ میں فعال کردار ادا کیا جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات کی بروقت تکمیل ہماری ذمہ داری ہے، اپنا کھیت اپنا روزگار اور پلس پراجیکٹ سے متعلق امور کو مقررہ اہداف کے مطابق آگے بڑھایا جائے۔ فیصل شہزاد چیمہ نے مزید کہا کہ ریونیو افسران محنت اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں، ریونیو ریکوری کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے

بقیہ سحر 22

دیا کہ پولیس سے متعلقہ کسی بھی قسم کے مسائل یا شکایات کی صورت میں وہ بلا جھجک اور کسی بھی سفارش کے بغیر براہ راست ان کے دفتر تشریف لائیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تھانہ کی سطح پر عام شہریوں کو بلا تاخیر اور شفاف انصاف کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ضلع بھر میں امن و امان کے قیام، بلاتفریق قانون کے برابر نفاذ اور شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل اور صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں گی تاکہ عوام کا پولیس کے نظام پر اعتماد مزید مضبوط ہو سکے۔

بقیہ سحر 23

مقصد خواتین اور بچوں کو اپنے حقوق، حفاظتی تدابیر اور مدد کے دستیاب ذرائع سے آگاہ کرنا ہے۔

بقیہ سحر 24

پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ اپنی ذمہ داری کو عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ ادا کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ اللہ تعالیٰ مزید کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ سحر 25

گے۔ انہوں نے سینیئر ممبر بورڈ آف ریونیو اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ RCMS کے حوالے سے جاری نوٹیفکیشن فوری طور پر واپس لیا جائے اور وکلاء کے تحفظات دور کیے جائیں۔ وکلاء کی ہڑتال کے باعث آج ریونیو سے متعلق عدالتی امور متاثر ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ سحر 26

کا نذرانہ پیش کیا، جس پر پوری قوم انہیں خراج عقیدت پیش کرتی ہیحاجی راؤ محمد اجمل خاں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور متعلقہ ادارے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں اور متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن مدد کی جائیپاکستان کی عوام دہشت گردی کے خلاف متحد ہے اور ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے عزائم کامیاب نہیں ہونے چاہئیں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کی مؤثر کارروائی اور قومی سطح پر اتحاد و یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کوہاٹ میں کلیئرنس آپریشن کے دوران اہلکاروں نے جس بہادری اور عزم کا مظاہرہ کیا وہ قابلِ تحسین ہے انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبرِ جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ سحر 27

حوالے سے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کرنے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ سرکاری واجبات کی بروقت وصولی کے لیے فیلڈ میں عملی اقدامات کیے جائیں اور ریونیو ریکوری کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔ انہوں نے زیر التوا کیسز اور دیگر معاملات کو بلاوجہ طول دینے کے بجائے مقررہ مدت کے اندر نمٹانے پر بھی زور دیا فیصل شہزاد چیمہ نے کہا کہ ریونیو افسران ریاستی امور میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ محنت، دیانت داری، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنے فرائض سرانجام دیں۔ عوام کو فرد، انتقال، رجسٹری، ریونیو ریکارڈ اور دیگر متعلقہ معاملات میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور شہریوں کے مسائل کو سنجیدگی سے سن کر ان کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں اپنا کھیت اپنا روزگار منصوبے سے متعلق پیش رفت کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات حقیقی معنوں میں مستحق اور متعلقہ شہریوں تک پہنچانے کے لیے فیلڈ میں مؤثر نگرانی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے سے متعلق تمام امور مقررہ اہداف اور حکومتی ہدایات کے مطابق آگے بڑھائے جائیں تاکہ اس کے مطلوبہ نتائج حاصل کیے جا سکیں اجلاس میں پلس پراجیکٹ کے حوالے سے بھی متعلقہ افسران نے بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے منصوبے سے متعلق امور کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ حکومتی منصوبوں پر عملدرآمد میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ متعلقہ افسران فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مربوط انداز میں کام کریں حکومت پنجاب کے عوامی فلاحی اقدامات کا بنیادی مقصد شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنا اور سرکاری نظام میں شفافیت، رفتار اور بہتری لانا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ محکموں اور افسران کو اپنی ذمہ داریاں پوری توجہ اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ ادا کرنا ہوں گی انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے ریونیو افسران اپنے دفاتر کے ساتھ ساتھ فیلڈ میں بھی فعال کردار ادا کریں اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کو ریونیو امور کے حوالے سے واضح رہنمائی فراہم کی جائے تاکہ انہیں بار بار دفاتر کے چکر نہ لگانا پڑیں انہوں نے کہا کہ ریونیو ریکوری کے اہداف کے حصول، زیر التوا امور کے بروقت فیصلوں اور حکومتی منصوبوں کی مؤثر تکمیل کے لئے تمام افسران کو اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنانا ہوگی انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر اپنے متعلقہ امور کی نگرانی کریں اور مقررہ اہداف کے حصول میں کسی قسم کی غفلت کا مظاہرہ نہ کریں اجلاس کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے ایک بار پھر افسران کو ہدایت کی کہ اپنا کھیت اپنا روزگار، پلس پراجیکٹ اور ریونیو ریکوری سمیت تمام حکومتی اقدامات کو مقررہ اہداف کے مطابق آگے بڑھایا جائے اور عوام کو ریونیو سے متعلقہ معاملات میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات کی بروقت اور مؤثر تکمیل انتظامیہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوتاہی کی گنجائش نہیں۔

بقیہ سحر 28

اختتامی تقریب میں کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈائریکٹر سکولز سیل آصف چوہان، پرنسپل یاسین مرزا، دیگر اداروں کے پرنسپلز، اساتذہ اور طالب علم شریک تھے۔ کمشنر نے شاندار کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر سکول انتظامیہ اور منتظمین کو مبارکباد دی اور کھلاڑیوں میں انعامات وٹرافیز تقسیم کیں۔ انہوں نے کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت مند رہنے کے لئے کھیلوں میں شرکت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کے میدان میں سپورٹس مین سپرٹ کو یقینی بنائیں اور ہار کے خوف کو پس پشت رکھ کر صحت مند مقابلوں کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ پبلک سکولز کے زیر اہتمام مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا تسلسل سے انعقاد کرایا جائے گا۔ دریں اثناء کمشنر فیصل آباد نے ڈویژنل پبلک سکول و کالج پریمیر کیمپس میں جونیئر سپر لیگ 2026ء فٹبال ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور کھلاڑیوں کا حوصلہ بڑھایا۔ انہوں نے شاندار افتتاحی تقریب کے انعقاد پر منتظمین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے طالب علموں پر زور دیا کہ وہ اپنی صحت برقرار رکھنے کے لئے ایسے مقابلوں میں لازمی حصہ لیں۔ اختتامی تقریب میں کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈائریکٹر سکولز سیل آصف چوہان، پرنسپل یاسین مرزا، دیگر اداروں کے پرنسپلز، اساتذہ اور طالب علم شریک تھے۔ کمشنر نے شاندار کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر سکول انتظامیہ اور منتظمین کو مبارکباد دی اور کھلاڑیوں میں انعامات وٹرافیز تقسیم کیں۔ انہوں نے کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت مند رہنے کے لئے کھیلوں میں شرکت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کے میدان میں سپورٹس مین سپرٹ کو یقینی بنائیں اور ہار کے خوف کو پس پشت رکھ کر صحت مند مقابلوں کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ پبلک سکولز کے زیر اہتمام مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا تسلسل سے انعقاد کرایا جائے گا۔ دریں اثناء کمشنر فیصل آباد نے ڈویژنل پبلک سکول و کالج پریمیر کیمپس میں جونیئر سپر لیگ 2026ء فٹبال ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور کھلاڑیوں کا حوصلہ بڑھایا۔ انہوں نے شاندار افتتاحی تقریب کے انعقاد پر منتظمین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے طالب علموں پر زور دیا کہ وہ اپنی صحت برقرار رکھنے کے لئے ایسے مقابلوں میں لازمی حصہ لیں۔

بقیہ سحر 29

علاوہ دیگر ڈویژنل اور ضلعی سطح کے محکموں کے سربراہان کے علاوہ فیصل آباد چیمبر آف کامرس کے سربراہان اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محتسب پنجاب عائشہ حامد نے دفتر محتسب پنجاب کے قیام کے مقاصد، دائرہ کار اور عوام کو سرکاری اداروں سے متعلق شکایات کے ازالے کے لئے فراہم کی جانے والی سہولیات پر روشنی ڈالی۔ محتسب پنجاب نے ادارے کی گزشتہ 30 سالہ کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دفتر محتسب پنجاب کا بنیادی مقصد شہریوں کو سرکاری محکموں کے خلاف شکایات کے ازالے کے لئے ایک مؤثر، آسان، مفت اور قابلِ رسائی فورم فراہم کرنا ہے۔ ادارے کی کوشش ہے کہ عوام کو غیر ضروری دفتری پیچیدگیوں اور تاخیر سے نجات دلاتے ہوئے ان کے مسائل کا بروقت حل یقینی بنایا جائے۔ محتسب پنجاب نے گزشتہ تین دہائیوں کے دوران عوامی شکایات کے ازالے، انتظامی امور میں بہتری اور شہریوں کو مہیا کردہ ریلیف کی خوبصورت اجمالی تصویر پیش کی اور اس روایت کو اسی جوش و جذبے، ثابت قدمی اور پیشہ وارانہ لگن کے ساتھ آئندہ بھی جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ تقریب کے شرکاء نے دفتر محتسب پنجاب کی 30 سالہ خدمات کو دل کھول کر سراہا اور اس امر پر زور دیا کہ عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور شفاف طرزِ حکمرانی کے فروغ کے لئے ایسے اداروں کا کردار نہایت اہم ہے۔ سیکرٹری محتسب پنجاب قیصر سلیم، ایڈوائز ہیڈ کواٹر/سابق کمشنر فیصل آباد کیپٹن نسیم نواز، ایڈوائزر وفاقی محتسب سید شاہد حسین جیلانی، سٹی پولیس آفیسر تنویر حسین، چیف ٹریفک آفیسر رانا ناصر جاوید، سابق صدر چیمبر آف کامرس ڈاکٹر خرم طارق، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی راؤ عبدالکریم، چیئرمین پاور لومز وحید خالق رامے، صدر ومن چیمبر آف کامرس شاہدہ آفتاب، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ الائیڈ ہسپتال II فیصل آباد ڈاکٹر ظفر اقبال، ڈاکٹر عامر حسین (رجسٹرار فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی) ودیگر نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 1

یمن بھی ایک مسلم ملک ہے اور وہاں سے مکہ مکرمہ جیسے مقدس مقام کو نشانہ بنانے کی کوشش انتہائی افسوسناک ہے۔ مکہ معاہدے اور پاکستان کے ممکنہ عملی کردار سے متعلق سوال پر سردار محمد یوسف نے کہا کہ اگر حرمین شریفین پر حملہ ہوجائے تو اس سے آگے کوئی چیز باقی نہیں رہتی۔ معاہدہ بھی موجود ہے لیکن معاہدے سے ہٹ کر بھی ایک مسلمان کی حیثیت سے حرمین شریفین کا دفاع لازم ہے، عمومی طور پر پاکستانی قوم کا احساس یہی ہے کہ اب دفاع حرمین شریفین کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ ملکی سیاسی معاملات اور نئے صوبوں سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے سردار محمد یوسف نے کہا کہ موجودہ حالات میں پاکستان کو مزید صوبوں کی ضرورت ہے اور انہیں یقین ہے کہ صوبہ ہزارہ بھی بنے گا۔ صوبہ ہزارہ کی تحریک طویل عرصے سے جاری ہے تاہم 2010 کے بعد یہ متفقہ تحریک بن گئی جس میں پورے ہزارہ کے لوگ شامل ہوئے۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے کبھی صوبہ ہزارہ کی مخالفت نہیں کی بلکہ بل پیش کیا اور پی ٹی آئی حکومت کو یقین دلایا کہ اگر حکومت اسے آگے لائے گی تو مسلم لیگ (ن) حمایت کرے گی۔ سردار یوسف نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف سے بھی اس حوالے سے بات ہوچکی ہے، میری کوشش رہی ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف سے بھی ملاقات ہو اور صوبہ ہزارہ کے حوالے سے ایک وفد ان سے ملے تاہم ابھی ملاقات طے نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ پارلیمانی سیشن میں نئے صوبوں کے معاملے پر بحث ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 2

نادہندہ سرکاری محکموں کو کلیئرنس کے لئے مراسلہ بھی ارسال کیا گیا ہے۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ شہر لاہور میں 20 سے زائد ٹریفک خلاف ورزیوں پر اے این پی آر کیمروں کی مدد سے ای چالان جاری کیے جا رہے ہیں، شہری ای چالان سے بچنے کے لیے ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں، نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 3

ذہانت کے مؤثر استعمال کے حوالے سے باقاعدہ تربیت بھی دی جائے۔ ان خیالات کا اظہار سپیکر ملک محمد احمد خان نے پنجاب اسمبلی کی مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل گورننس سے متعلق خصوصی کمیٹی نمبر 13 کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اراکین پنجاب اسمبلی احمد اقبال، سارہ احمد، اویس خان دریشک، محمد احمد خان لغاری، عدنان افضل اور ذوالفقار علی شاہ، سیکرٹری جنرل چوہدری عامر حبیب، ایڈوائزر برائے سپیکر اسامہ خاور، اسمبلی افسران اور مصنوعی ذہانت کے ماہرین نے شرکت کی۔ اجلاس میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل گورننس کے قانون سازی، جمہوریت اور بنیادی حقوق پر بڑھتے ہوئے اثرات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹلائزیشن کے موضوع پر منعقدہ تین روزہ ورکشاپ کے نتائج کا بھی جائزہ لیا، جس کا مقصد ارکان اسمبلی کی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز اور ڈیجیٹل گورننس سے متعلق استعدادِ کار میں اضافہ کرنا تھا۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے مؤثر استعمال کے ساتھ ان کی پارلیمانی نگرانی بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون ساز اداروں کو مصنوعی ذہانت کے جمہوریت، بنیادی حقوق اور شہری زندگی پر مرتب ہونے والے اثرات کو سمجھتے ہوئے مؤثر قانون سازی اور نگرانی کا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اجلاس میں مصنوعی ذہانت کے جمہوریت اور انتخابی عمل پر ممکنہ اثرات، معلومات میں ردوبدل، غلط معلومات، جعل سازی، فراڈ اور ڈیجیٹل استحصال کے خدشات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ انسانی وقار، مساوات اور عدم امتیاز سمیت بنیادی حقوق پر مصنوعی ذہانت کے ممکنہ اثرات بھی زیر بحث آئے۔ کمیٹی نے پنجاب حکومت کے سماجی و معاشی رجسٹری سمیت مختلف ڈیجیٹلائزیشن منصوبوں کو مزید تحقیقات کے ممکنہ شعبوں کے طور پر زیر غور لاتے ہوئے ان کی مؤثریت، گورننس کے طریقہ؟ کار اور شہریوں پر اثرات کا جائزہ لینے پر بھی غور کیا۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کے محفوظ، ذمہ دارانہ اور عوامی مفاد میں استعمال کیلئے مسلسل تربیت، استعدادِ کار میں اضافہ، پارلیمانی نگرانی اور جامع گورننس فریم ورک ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 4

ترین چوک اور فلائی اوور کو بہتر، خوبصورت اور شہریوں کے لیے مزید سہولت بخش بنانا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ منصوبے پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے اور تعمیراتی سرگرمیاں دن رات کی بنیاد پر جاری رکھتے ہوئے مقررہ مدت سے پہلے مکمل کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ خیام چوک شہر کا ایک اہم ٹریفک پوائنٹ اور معروف داخلی راستہ ہے، فلائی اوور پر جاری کام کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے، اس لیے تعمیراتی کام میں غیر ضروری تاخیر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈی پی او نے فلائی اوور کے نیچے دونوں اطراف ٹریفک کی روانی اور موجودہ ٹریفک دباؤ کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ ٹریفک حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے اضافی نفری تعینات کی جائے اور ٹریفک مینجمنٹ کو مزید مؤثر بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 5

جاری رہیں گی اور غیرقانونی طریقے سے بجلی استعمال کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 6

جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ایڈیشنل ناظم اعلی علامہ سید سبطین شاہ نقوی، انٹرنیشنل ختم نبوت پنجاب کے صدر قاری احمد علی ندیم، مرکزی اتحاد العلما کیضلعی صدر قاضی نگاہ مصطفے جنرل سیکرٹری مولانا ملک ضیا الحق، نائب صدر چوہدری محمد ندیم، سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر، چیف آرگنائزر شفقت اقبال اللہ، رابعہ مسجد کے خطیب پروفیسر فضل الحق بندیالوی، مسجد حامد علی شاہ کے خطیب مولانا احمد حسن چشتی اور دیگر نے کہا کہ حرمین شریفین پر کسی جارحیت کو برداشت نہیں کیا جائے جس کا تحفظ ہمیں اپنی جانوں سے زیادہ عزیز ہے جس کی حفاظت کے لئے پوری امت مسلمہ متحد ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تحفظ ناموس رسالت واصحاب رسول اور تحفظ ختم نبوت ہمارے ایمان کا جز اول ہے۔ جس سے نونہالان وطن کو روشناس کرنا ہم سب کی زمہ داری ہے۔ انہوں نے قیام امن، بھائی چارے اتحاد واتفاق اور مکمل ہم آہنگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں امن قیام امن بھائی چارہ اور ہم آہنگی وقت کا تقاضا اور ضرورت ہےجس کا درس ہمیں دین اسلام سے ملتا ہے اس لئے ہمیں چاہیے کہ ملک اور علاقہ میں قیام امن، اتحاد واتفاق اور بھائی چارے کے لئے عملی مظاہرہ کریں۔ انہوں نے صبرو تحمل۔ قومی اتحاد و اتفاق اور جذبہ حب الوطنی کو خاص اہمیت دے کر ملک میں قران وسنت کے تابع نظام شریعت کے نفاذ پر زور دیا۔ انہوں نے اجتماعات میں ملک میں امن وامان اور بھائی چارے کے ساتھ مکمل ہم آہنگی، اسلام کی سربلندی، ملک کی سلامتی امت مسلمہ کے اتحاد اور باران رحمت کے لئے دعا کروائی۔

بقیہ نمبر 7

سہولت میں توسیع اور امریکہ سے ممکنہ مالی معاونت وقتی طور پر زرمبادلہ کی ضروریات پوری کرنے میں مددگار ہوسکتی ہے تاہم پائیدار معاشی استحکام کے لیے ملک کو بیرونی فنانسنگ سے آگے بڑھ کر اپنی پیداواری اور برآمدی صلاحیت مضبوط کرنا ہوگی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کو طویل المدتی معاشی حکمت عملی کے تحت برآمدات میں اضافے، صنعتی پیداوار کے فروغ اور غیرملکی سرمایہ کاری کے لیے کاروباری ماحول بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ مسلسل بیرونی قرضوں اور مالی سہولیات پر انحصار سے ادائیگیوں کا دباؤ مکمل طور پر ختم نہیں ہوگا بلکہ معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے بنیادی اصلاحات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتوں کو مسابقتی توانائی، آسان ٹیکس نظام، کم کاروباری لاگت اور پالیسیوں میں تسلسل فراہم کیا جائے تاکہ مقامی پیداوار میں اضافہ اور نئی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہو۔ حکومت کو برآمدی شعبوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرکے نئی عالمی منڈیوں تک رسائی کے لیے نجی شعبے کو سہولت دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات اور بلند توانائی قیمتوں کے تناظر میں پاکستان کے لیے درآمدی بل کم کرنا اور مقامی پیداواری صلاحیت بڑھانا مزید اہم ہوگیا ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ بیرونی مالی معاونت کو صرف فوری مالی دباؤ کم کرنے کے بجائے ایسے منصوبوں سے منسلک کیا جائے جو برآمدات، صنعتی پیداوار اور روزگار میں اضافے کا باعث بنیں۔ حکومت اور نجی شعبہ مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے معیشت کو بیرونی سہاروں کے بجائے مضبوط داخلی بنیادوں پر استوار کرسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 8

دوپہر 2 بج کر 43 منٹ پر شروع اور شام 4 بج کر 51 منٹ تک جاری رہنے کی توقع ہے۔ اسلام آباد میں گرہن تقریباً 3 بج کر 14 منٹ پر شروع، 3 بج کر 47 منٹ پر عروج اور 4 بج کر 19 منٹ پر ختم ہوگا۔ کراچی میں جزوی سورج گرہن تقریباً 3 بجے شروع ہونے اور 4 بج کر 48 منٹ تک جاری رہنے کی توقع ہے۔ پاکستان کے علاوہ یورپ، افریقہ اور مشرق وسطی کے بڑے علاقوں میں بھی جزوی سورج گرہن دیکھا جاسکے گا، جبکہ مکمل گرہن کا مرکزی راستہ متعدد ممالک سے گزرے گا۔ مصر کو مکمل گرہن کے اہم مقامات میں شمار کیا جارہا ہے، جہاں اس کا دورانیہ تقریباً 6 منٹ 19 سیکنڈ رہنے کی توقع ہے۔ سوہاج اور بحیرہ؟ احمر کے بعض علاقوں میں مکمل گرہن 6 منٹ سے بھی زیادہ جاری رہ سکتا ہے، جبکہ مکہ مکرمہ میں مکمل گرہن کا دورانیہ تقریباً 5 منٹ 10 سیکنڈ رہنے کی توقع ہے۔ مکمل سورج گرہن اس وقت ہوتا ہے جب چاند زمین اور سورج کے درمیان آکر سورج کی پوری قرص کو عارضی طور پر ڈھانپ لیتا ہے، جس کے نتیجے میں مکمل گرہن کے راستے میں دن کے وقت تاریکی چھا جاتی ہے۔

بقیہ نمبر 9

خالد فوڈ سیفٹی آفیسر کی مدعیت میں مقدمہ پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کی دفعات 22، 23 اور 27 کے تحت درج کر کے تفتیش شروع کر دی ابھی تک ملزم گرفتار نہیں ہوسکا۔

بقیہ نمبر 10

روپے مالیت کا موبائل لیکر فرار ہوگئے۔ القریش ٹاؤن 86 میں رب نواز کو اس کے چک 56 جی ڈی سے بلوا کر ظہیر عباس، بشیر احمد، عمر اقبال تین نوسر بازوں نے حصہ داری کا جھانسہ دے کر ڈرائیو عمر اقبال سے بیوپاری کا ٹریکٹر نمبر 1171 ایس ایل ایف مالیت 20 لاکھ روپے لیکر رفو چکر ہوگئے۔ شیریں موڑ چک 107 نوایل میں محمد عثمان کا چھوٹا بھائی دلشاد احمد بینک سے رقم لینے گیا تو دو نقاب پوش عورتوں اور ایک نوجوان نے دلشاد کو گھیر لیا اس سے 42 ہزار روپے نقدی لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس تھانہ سٹی ساہیوال، فرید ٹاؤن، اور ڈیرہ رحیم نے انصاف حسین انجم، روبینہ اشرف، رب نواز، اور محمد عثمان کی مدعیت میں چار مقدمات 420 پ درج کر کے تفتیش شروع کردی اور تین نوسر بازوں کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ نمبر 11

لائنز کے ساتھ بارود سے بھری گاڑی ٹکرائی گئی، دھماکے کے بعد ایک اور خودکش حملہ؟ ورنے سپیشل برانچ بلڈنگ کے قریب خود کو دھماکے سے اڑایا، 5 اہلکار اور 11 شہری شہید ہوگئے۔ آئی جی نے مزید بتایا کہ ہاٹ پولیس لائنز کی مسجد پر دھماکے کے بعد 7 مسلح دہشتگردوں نے پولیس لائنز میں دراندازی کی، پولیس اور سی ٹی ڈی نے دہشتگردوں کا بھرپور مقابلہ کیا، ابتدا میں دہشتگردوں کے سنائپر کو جہنم واصل کردیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس لائنز کے احاطے میں پولیس اور سی ٹی ڈی کا فتنۃ الخوارج سے مقابلہ جاری ہے، اب تک خودکش حملہ؟ آور سمیت 7 دہشت گرد جہنم واصل کیے جاچکے ہیں، کلیئرنس آپریشن آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ پولیس کے مطابق زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا جارہا ہے، کوہاٹ ہنگو روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کردیا گیا ہے، دھماکے کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے۔ حکام کے مطابق جائے وقوعہ پر اس وقت ریسکیو 1122 کی 14 ایمبولینس، ریسکیو اور ریکوری وہیکلز اور 40 سے زائد اہلکار امدادی کارروائیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ ریسکیو آپریشن کی نگرانی ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نورالامین خود کر رہے ہیں، ریسکیو آپریشن مکمل ہونے تک امدادی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ آئی جی پی نے کہا ہے کہ خیبرپختونخوا پولیس دہشتگردی کے خلاف آہنی دیوار بن کر کھڑی ہے، بزدلانہ حملے حوصلہ پست نہیں کر سکتے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے حملہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ فتنۃ الخوارج اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کوہاٹ کی پرانی پولیس لائن میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کی ہے اور زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام سے دھماکے کی نوعیت اور وجوہات کے بارے میں رپورٹ طلب کرلی۔ ادھر وزیراعلی خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کوہاٹ اولڈ پولیس لائنز میں دھماکے کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس حکام سے رپورٹ طلب کرلی۔ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے کہا کہ دہشت گردی کا یہ بزدلانہ واقعہ انتہائی افسوسناک اور ناقابل قبول ہے، زخمیوں کو فوری طبی امداد کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہسپتالوں میں زخمیوں کے فوری علاج اور ضروری طبی سہولیات کی دستیابی یقینی بنائی جائے، شدید زخمیوں کو ضرورت کے مطابق دیگر ہسپتالوں میں منتقل کرنے کے انتظامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 12

شکر ادا کرتے ہوئے اسے معاشی استحکام کی جانب ایک اور تاریخی سنگ میل قرار دیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی جانب سے جمعہ کو جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے مجموعی زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنا معاشی ٹیم کی دن رات محنت اور درست سمت میں کیے گئے اقدامات کا ثبوت ہے۔ ترسیلاتِ زر اور خدمات کی برآمدات میں نمایاں بہتری، کرنٹ اکاؤنٹ کی بہتر صورتحال اور مالیاتی نظم و ضبط نے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹس تک پاکستان کی دوبارہ کامیاب رسائی بھی ملکی معیشت پر عالمی اعتماد کی بحالی کا مظہر ہے، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ نہ صرف ملکی بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت کو مضبوط بنائے گا بلکہ عالمی معاشی مشکلات کا مقابلہ کرنے کی ہماری استعداد بھی کئی گنا بڑھائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ مستحکم معاشی پوزیشن ملک میں بیرونی اعتماد، سرمایہ کاری اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے دروازے کھولے گی۔ وزیراعظم نے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گورنر اسٹیٹ بینک، حکومت کی معاشی ٹیم اور بالخصوص بیرون ملک پاکستانی عوام کو اس اہم کامیابی پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ماضی کے برعکس، زرمبادلہ کے ان ذخائر میں اضافہ بیرونی قرضوں میں اضافے کے ذریعے نہیں بلکہ بنیادی طور پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے زرمبادلہ کی خریداری کے باعث ہوا ہے۔ مزید برآں، اسٹیٹ بینک نے اپنی زرمبادلہ سے متعلق واجبات میں بھی نمایاں کمی کی ہے۔

بقیہ نمبر 13

کوہاٹ پولیس لائن دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید ہونے والے 15 بیگناہ شہریوں اور پولیس اہلکاروں کا خون رائیگاں نہیں جائیگا۔ انہوں نے زخمی ہونے والوں کی فوری طبی امداد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ جمعہ کے مقدس روز انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، دہشت گرد کا کوئی مذہب نہیں ہوتا بلکہ ان عفریت کو ختم کرنا ہوگا۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے پس پردہ محرکات سامنے لائیں کیونکہ کے پی میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال ساری قوم کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور اسکی قیادت دھماکہ کے متاثرین کیساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 14

میں سیکورٹی فورسز کو کامیاب کارروائیوں پرخراج تحسین پیش کیا۔ جمعہ کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شمالی وزیرستان اور ہنگو میں کامیاب کارروائیوں کے دوران 10 خوارج کی ہلاکت سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظہر ہے۔ مادروطن کے امن و سلامتی کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے والے 6 بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ قوم اپنے عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی شہدا کے درجات بلند اور انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

بقیہ نمبر 15

سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو بیان میں انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیاں سیکورٹی فورسز کے عزم اور پیشہ ورانہ مہارت کی عکاسی ہیں۔ سپیکر قومی اسمبلی نے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران شہید ہونے والے سیکورٹی فورسز کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں۔ وطن کے دفاع اور امن کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کی قربانیاں قوم کے لیے مشعل راہ ہیں، شہدا کی قربانیاں دہشت گردی کے خلاف قومی عزم اور حوصلے کو تقویت دیتی ہیں۔ سیکورٹی فورسز کے بہادر جوان ملک کے امن اور سلامتی کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی شہیدا کے اہل خانہ سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 16

معاہدے سے انکار نا قابل فہم ہے۔ غیر ملکی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے شیری رحمان کا کہنا تھا کہ سندھ طاس معاہدہ سرحد پار پانی کی تقسیم کیلئے ایک اہم عالمی مثال ہے، سندھ طاس معاہدہ پانی کی تقسیم معلومات کے تبادلے اور تنازعات کے حل کا واضح نظام دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطلی یا اسے غیر فعال قرار دینے کی کوئی شق موجود نہیں، معاہدے کو یک طرفہ طور پر معطل یا نظرانداز کرنا سنگین قانونی سوالات پیدا کرتا ہے۔ ثالثی عدالت اور غیر جانبدار ماہر کا طریقہ کار تنازعات کے حل کے لئے دو الگ راستے ہیں۔ پاکستان سندھ طاس معاہدے کے تحت دستیاب قانونی راستوں کا جائزہ لے رہا ہے۔ رہنما پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ ہم تنازع کا پرامن حل چاہتے ہیں، پانی کسی نئے تنازع کا سبب نہیں بننا چاہیے، پاکستان جنوبی ایشیاء سے آگے علاقائی استحکام میں کردار ادا کر رہا ہے۔ شیری رحمان نے مزید کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی تعاون کسی مخصوص ملک کے خلاف نہیں، پاکستان تنازع کے بجائے باہمی مفاد اور علاقائی تعاون کو ترجیح دیتا ہے۔

بقیہ نمبر 17

نے جمعہ کو ملاقات کی۔ وزارت خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں بات چیت کا محور پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات، نائب وزیراعظم کے اگست 2026 کے دورہ برطانیہ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تعاون مزید مستحکم بنانا تھا۔ نائب وزیراعظم نے اعلی سطح کی پائیدار بات چیت کی اہمیت اور عالمی اور علاقائی امور پر ہونے والی باہمی دلچسپی کی پیش رفت پر روشنی ڈالی۔

بقیہ نمبر 18

جبکہ حوثیوں کے زیرانتظام میڈیا نے تعز میں سعودی حمایت یافتہ فورسز کے حملوں میں 3 بچوں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا ہے۔ بین الاقوامی ادارہ برائے مہاجرت کے مطابق تازہ لڑائی کے باعث ایک لاکھ سے زائد افراد بےگھر ہوچکے ہیں، حوثیوں نے بحیرہ احمر کے ساحلی علاقوں میں اپنی پیش قدمی بھی جاری رکھی ہے، جس سے خطے میں اہم بحری راستوں کی سلامتی پر تشویش بڑھ گئی ہے۔ حوثی رہنما عبدالملک الحوثی نے سعودی عرب سے حملے اور ناکہ بندی ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، دوسری جانب سعودی فضائی کارروائیاں جاری رہنے کی اطلاعات ہیں، جبکہ حوثیوں نے سعودی ایف 15 طیارہ مار گرانے کا بھی دعویٰ کیا ہے، جس کی آزادانہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ یمن میں بڑھتی ہوئی لڑائی کا اثر عالمی توانائی اور بحری تجارت پر بھی پڑ رہا ہے، آبنائے ہرمز میں پہلے ہی بحری آمدورفت متاثر ہے، جبکہ حوثیوں کے زیر اثر باب المندب میں صورتحال مزید پیچیدہ ہونے سے خلیجی تیل کی عالمی منڈیوں تک ترسیل کے متبادل راستے بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

اور نہ ہی انسان ہیں، معصوم جانوں کا قتل اسلام کی بنیادی تعلیمات کے سراسر منافی ہے، دہشتگردی اور انتہا پسندی کے ذریعے ملک میں بدامنی اور خوف پھیلانے والے عناصر کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ مرکزی چیئرمین حافظ محمد طاہر محمود اشرفی، مولانا نعمان حاشر، مولانا طاہر عقیل، مولانا ابوبکر صابری، مولانا اسلم صدیقی، مولانا انوار الحق مجاہد اور دیگر علماء و مشائخ نے اپنے بیان میں کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہوکر مقابلہ کرنا ہوگا، فتنہ خوارج بے گناہ انسانوں کو قتل کر کے پاکستان میں بدامنی پیدا کرنے اور پاکستان و اسلام دشمن قوتوں کے ایجنڈے کو تقویت دینے کے علاوہ کچھ نہیں کر رہا۔ پاکستان علماء کونسل کے قائدین نے حملے میں شہید ہونے والے افراد کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور شہداء کے لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں امن واستحکام کے قیام کے لیے قوم، علماء، مشائخ اور ریاستی اداروں کو متحد ہوکر دہشتگردی کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام دہشتگردی کے خلاف متحد ہیں اور ملک کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

بقیہ نمبر 20

مریم نواز شریف نے بم دھماکے میں شہید پولیس اہلکاروں اور شہریوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور غمزدہ خاندانوں کے ساتھ اظہار ہمدردی بھی کیا۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے بم دھماکے میں زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی۔

بقیہ نمبر 21

جانب سے لکھے گئے خط کی کاپیاں وفاقی وزیرخزانہ، آئی ایم ایف سربراہ اور عالمی بینک کے صدر کو بھی ارسال کی گئی ہیں۔ خط میں وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کی مالی خودمختاری کے معاملے پر ذاتی توجہ دینے اور ان کی مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے خصوصی انتظامات کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ خط کے مطابق مالی خودمختاری نہ ہونے کے باعث شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، اس لیے صوبوں کی طرح قومی مالیاتی کمیشن میں اپنائے گئے مالی مساوات کے اصول مقامی حکومتوں تک بھی توسیع دیے جائیں۔ ایم کیو ایم نے مطالبہ کیا کہ میٹروپولیٹن شہروں کے لیے ”میٹروپولیٹن سروس برڈن“ کو بھی قومی مالیاتی کمیشن میں وسائل کی تقسیم کا معیار بنایا جائے۔ نسرین جلیل نے کہا کہ مالی اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی وزیراعلی کے دروازے پر ختم نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 22

کے علاقہ ہاڈر میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران 2 دہشت گرد مارے گئے۔ متعدد دہشت گردوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ سیکورٹی فورسز بلوچستان میں دہشت گردوں کے مکمل خاتمے اور امن وامان کے قیام کیلئے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ دوسری طرف آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ شمالی وزیرستان میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر سیکورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، کارروائی کے دوران سیکورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 6 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ ہنگو میں ایک اور جھڑپ کے دوران 4 خوارج مارے گئے جبکہ 17 ستمبر کو فورسز کے قافلے پر بارودی سرنگ سے دھماکا کیا گیا، آئی ای ڈی دھماکے میں 6 بہادر جوان شہید ہوگئے۔ آپریشن کے دوران سیکورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر طریقے سے نشانہ بنایا، ہلاک ہونے والے بھارت کے حمایت یافتہ خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 23

ریڈیو فارما سیوٹیکل پروڈکشن لیب، فارمیسی ہاٹ لیب کا دورہ کیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے نشتر ہسپتال میں 100 بیڈ پر مشتمل کینسر سنٹر کا بھی دورہ کیا۔ او پی ڈی، آئی سی یو اور دیگر وارڈز کے علاوہ کیموتھراپی، ریڈیو تھراپی رومز کا جائزہ لیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے ڈیجیٹل اور سی ٹی سیمولیٹر روم کا معائنہ کیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے فور کسڈ ریڈیو تھراپی لینئر ایکسلیٹر روم کا بھی معائنہ کیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے ملتان کینسر سنٹر میں جدید ترین چائنز کرایو ایبلیشن مشین کا بھی تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ چین میں رائج کرایو ایبلیشن مشین کے ذریعے محض سوئی استعمال کرکے کینسر سیلوں کو ختم کر دیا جاتا ہے۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے ایبلیشن مشین سے کینسر کا علاج کرانے والی پہلی مریضہ مسرت ارشد سے ملاقات کی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف سے ملاقات کے دوران کمالیہ 55 سالہ مسرت ارشد کینسر کے کامیاب علاج پر فرط جذبات سے رونے لگیں۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے مریضہ کو دلاسہ دیا اور کینسر سے بچاؤ پر مبارکباد پیش کی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے میاں چنوں کی 24 سالہ نسرین کی عیادت بھی کی اور پیار کیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے نسرین کی والدہ سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ چین سے کینسر کے علاج کے لئے ایبلیشن مشین لائی ہیں۔ اب آپ فکر کی ضرورت نہیں، انشاء اللہ نسرین مکمل طور پر کینسر سے شفایاب ہوجائے گی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے ڈاکٹرز سے بات چیت کی اور عوام کی خدمت کی تلقین کی۔ ڈاکٹرز کی خواہش پر فوٹو بنوائے۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نشتر ہسپتال میں عوام کو دیکھ کر پاس پہنچ گئیں، عوام سے بات چیت کی اور شکریہ ادا کیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو راجہ جہانگیر انور اور سیکرٹری ہیلتھ عظمت محمود نے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ ملتان کینسر سنٹر میں بچوں کے لئے الگ کینسر وارڈ قائم کیا گیا ہے۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے کینسر وارڈ کو جلد از جلد مکمل طور پر فنکشنل کرنے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ نمبر 24

کانفرنس کے موقع پر پنجاب اسمبلی کو کامن ویلتھ پارلیمانی ایسوسی ایشن (سی پی اے) کا گرین میس اعزاز دے دیا گیا۔ پنجاب اسمبلی یہ اعزاز حاصل کرنے والی پہلی صوبائی اسمبلی بن گئی ہے، جبکہ مسلسل تین برس میں تین سی پی اے اعزازات حاصل کرنے والی خطے کی پہلی قانون ساز اسمبلی بھی بن گئی ہے۔ پنجاب اسمبلی کے وفد کے سربراہ سید علی حیدر گیلانی نے اسمبلی کی نمائندگی کرتے ہوئے گرین میس اعزاز وصول کیا۔ یہ اعزاز ماحولیاتی پائیداری، قابلِ تجدید توانائی، ڈیجیٹل تبدیلی اور ذمہ دار پارلیمانی طرزِ عمل کے لیے پنجاب اسمبلی کے عملی اقدامات کے اعتراف میں دیا گیا۔ پنجاب اسمبلی میں 655 کلوواٹ کا سولر نظام نصب کیا گیا ہے، جس میں 1,111 سولر پینلز شامل ہیں۔ پیپر لیس پارلیمانی نظام کے تحت بجٹ سیشن 2026-27 میں ایجنڈے کی پرنٹنگ تقریباً 70 ہزار سے کم کر کے 8 ہزار صفحات تک لائی گئی، جبکہ بجٹ بکس کے 600 مطبوعہ سیٹس کی ضرورت بھی ختم کردی گئی۔ ماحولیاتی تحفظ کے لیے اسمبلی میں 15 لاکھ گیلن گنجائش کا بارشی پانی کو محفوظ کرنے کا نظام قائم کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ گرین اور ڈیزاسٹر رسک ریڈکشن کاکس تشکیل دیا گیا اور اسمبلی کے احاطے کو پلاسٹک سے پاک بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے گئے ہیں۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ گرین میس اعزاز پنجاب اسمبلی کی ماحولیاتی پائیداری کے لیے عملی اقدامات کا اعتراف ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعزاز اسمبلی میں جاری ادارہ جاتی اور انتظامی اصلاحات کی بھی عکاسی کرتا ہے، جبکہ پنجاب اسمبلی کو جدید، ڈیجیٹل اور ماحول دوست پارلیمان بنانے کا عمل جاری رہے گا۔ سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چودھری عامر حبیب نے کہا کہ گرین میس اعزاز پنجاب اسمبلی میں جاری ادارہ جاتی اصلاحات اور ماحولیاتی اقدامات کی عالمی سطح پر پذیرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی کو جدید، ڈیجیٹل اور ماحول دوست پارلیمان بنانے کے لیے اصلاحات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 25

معاشی حکمت عملی پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر خزانہ نے میکرو اکنامک استحکام کے حصول میں پاکستان کی پیش رفت اور سرمایہ کاری، سرمایہ تشکیل، برآمدات اور نجی شعبے کی قیادت میں ترقی کی جانب حکومت کی ترجیحات پر روشنی ڈالی۔ کانفرنس میں پاکستان کے حوالے سے معروف عالمی ادارہ جاتی سرمایہ کاروں اور بڑے منی مینیجرز کی جانب سے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ مجموعی طور پر 55 عالمی سرمایہ کاری فنڈز نے پاکستانی وفد کے ساتھ متعدد ون آن ون ملاقاتوں اور ایک مکمل سرمایہ کار سیشن میں شرکت کی۔ سرمایہ کاروں کی بھرپور دلچسپی کے پیش نظر تمام ملاقاتیں ایک ہی روز میں منعقد کی گئیں، جن میں پاکستان کے مستقبل کی معاشی سمت، سرمایہ کاری کے مواقع اور جاری معاشی تبدیلی کے پائیدار ہونے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جے پی مورگن پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کنٹری ہیڈ امین خواجہ بھی ملاقاتوں کے دوران موجود تھے۔ حکومت کی معاشی سمت واضح کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ نے چھ اہم ترجیحات پر روشنی ڈالی، جن میں میکرو اکنامک استحکام کو پائیدار بنانا اور مالیاتی و بیرونی معاشی دباؤ کو برداشت کرنے کی صلاحیت مضبوط کرنا، استحکام سے پیداواری ترقی کی جانب منتقلی، سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی پائیدار اور ذمہ دارانہ ترقی کی جانب پیش رفت، ساختی اصلاحات کا سلسلہ جاری رکھنا، امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقلی، عوام اور معاشرے کے مختلف طبقات کے لیے مالی وسائل تک رسائی میں توسیع، اور ڈیجیٹلائزیشن، بلاک چین اور ویب 3.0 سمیت نئی معیشت کے لیے پاکستان کو موثر طور پر تیار کرنا شامل ہیں۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران پاکستان کی بنیادی ترجیح میکرو اکنامک استحکام کی بحالی اور معاشی ساکھ کی تعمیر نو تھی۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی استحکام، بیرونی شعبے کے استحکام، مہنگائی، قرضوں کے انتظام اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال 2026 میں جی ڈی پی کی شرح نمو 3.7 فیصد تک بحال ہوئی، جبکہ مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 2.6 فیصد تک کم ہوا، جو کئی برسوں کی کم ترین سطح ہے، جبکہ ملک نے مسلسل تیسرے سال پرائمری سرپلس بھی ریکارڈ کیا۔ اس موقع پر گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان، جمیل احمد نے پاکستان کی بیرونی پوزیشن میں بہتری کو اجاگر کرتے ہوئے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے، ذخائر میں ہونے والے اضافے کے معیار، ترسیلات زر میں بڑھتے ہوئے رجحان اور بیرونی شعبے کے بنیادی اشاریوں میں بہتری پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے ذریعے آنے والی رقوم کے بڑھتے ہوئے کردار، بیرونی شعبے میں اصلاحات اور مالیاتی شعبے کے بنیادی ڈھانچے میں مضبوطی کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے مہنگائی پر قابو پانے کے لیے گزشتہ برسوں کے دوران ہونے والی پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات سے میکرو اکنامک استحکام میں بہتری آئی ہے اور پائیدار ترقی و سرمایہ کاری کے لیے بنیاد مزید مضبوط ہوئی ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ اب مقصد یہ ہے کہ معاشی استحکام کو پائیدار بنایا جائے اور اسے ترقی کے ایک ایسے مختلف ماڈل کی بنیاد بنایا جائے جو قلیل مدتی کھپت پر مبنی توسیع کے بجائے تیزی سے سرمایہ کاری، پیداواری صلاحیت، برآمدات اور نجی شعبے کی سرگرمیوں سے تقویت حاصل کرے۔ پاکستان کے خودمختار قرضوں کی پوزیشن میں بہتری کو اجاگر کرتے ہوئے سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت نے فعال قرض انتظام کے ذریعے قرضوں کی مدت میں اضافہ اور ری فنانسنگ کے خطرات میں کمی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی استحکام کے ساتھ ہم آہنگ اقدامات مجموعی خود مختار مالیاتی پوزیشن کو مضبوط بنا رہے ہیں اور پاکستان کے معاشی مستقبل پر اعتماد میں اضافہ کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان نے متنوع مالیاتی ذرائع اور سرمایہ کاروں کے مختلف طبقات کے ذریعے عالمی کیپٹل مارکیٹس تک دوبارہ رسائی حاصل کی ہے۔ انہوں نے پاکستان کے پہلے ایوارڈ یافتہ پانڈا بانڈ اور اس کے بعد ریکارڈ 3 ارب امریکی ڈالر کی دو قسطوں پر مشتمل یورو بانڈ ٹرانزیکشن کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دونوں اجرا میں سرمایہ کاروں کی جانب سے بھرپور طلب سامنے آئی۔ انہوں نے واضح کیا کہ مقصد محض فنانسنگ حاصل کرنا نہیں بلکہ عالمی مارکیٹ تک مستقل رسائی برقرار رکھنا، سرمایہ کاروں کے دائرہ کار کو وسیع کرنا، قرضوں کی مدت میں اضافہ اور بتدریج بہتر شرائط پر فنانسنگ حاصل کرنا ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان میں وسیع تر سرمایہ تشکیل کے نمایاں امکانات پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ حکومت مقامی کیپٹل مارکیٹس اور کارپوریٹ ڈیبٹ مارکیٹس کو مضبوط بنانے، آئی پی او سرگرمیوں میں اضافہ اور مارکیٹ کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیرملکی سرمایہ کی زیادہ شمولیت کے ساتھ اسلامی فنانس اور صکوک مارکیٹس کی ترقی طویل مدتی سرمایہ کاری کے لیے دستیاب ذرائع کو مزید وسعت دے سکتی ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے نجی سرمائے کے لیے زیادہ گنجائش پیدا کرنے اور تجارتی سرگرمیوں میں ریاست کے کردار کو محدود کرنے کے لیے جاری اصلاحات پر بھی روشنی ڈالی۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ نجکاری کو ریاست کے کردار کی وسیع تر تنظیم نو کے حصے کے طور پر آگے بڑھایا جا رہا ہے، جس میں پی آئی اے، ڈسکوز، مالیاتی اداروں، دیگر سرکاری اداروں اور ہوائی اڈوں کے آپریشنز کے شعبوں میں پیش رفت شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نیشنل پرائیویٹ ایکویٹی فریم ورک بھی تشکیل دے رہی ہے، جس کا مقصد ادارہ جاتی سرمائے کو کاروباری اداروں اور منصوبوں کی جانب راغب کرنا اور پرائیویٹ ایکویٹی و وینچر کیپیٹل کے لیے سازگار ماحول کو مضبوط بنانا ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ ایس ایم ایز، زراعت اور ہاسنگ کے شعبوں میں بھی مالی وسائل تک رسائی کو وسعت دی جا رہی ہے تاکہ میکرو اکنامک استحکام کو زیادہ سے زیادہ قرضوں، سرمایہ کاری اور پیداواری سرگرمیوں میں تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کی ترقی کے اگلے مرحلے کی مالی ضروریات صرف سرکاری بیلنس شیٹس سے پوری نہیں کی جا سکتیں، لہٰذا نجی سرمائے کو مستقبل میں زیادہ بڑا کردار ادا کرنا ہوگا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے پاکستان کی بڑی داخلی مارکیٹ، نوجوان افرادی قوت اور تزویراتی جغرافیائی محلِ وقوع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی سرمایہ کاری کی کشش اصلاحات اور بڑے پیمانے پر موجود معاشی مواقع کے امتزاج پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس انتظامیہ، ٹیرف میں معقولیت، توانائی، سرکاری اداروں اور مالیاتی شعبے میں اصلاحات کا مقصد پیداواری صلاحیت میں اضافہ اور معیشت کو برآمدات، ٹیکنالوجی، مینوفیکچرنگ، معدنیات، زراعت اور ویلیو ایڈڈ خدمات کی جانب منتقل کرنا ہے۔ بیرونی معاشی روابط کے حوالے سے سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان روایتی طور پر امداد پر انحصار سے آگے بڑھتے ہوئے تجارت اور سرمایہ کاری کے مضبوط روابط کی جانب فیصلہ کن پیش رفت کر رہا ہے۔ انہوں نے دوطرفہ شراکت داری کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ اشیا اور خدمات کی تجارت کو مزید فروغ دینے اور باہمی مفاد پر مبنی معاشی تعلقات کے ذریعے طویل مدتی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کی ضرورت ہے۔ نئی معیشت کے مواقع کو اجاگر کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کو ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز، بالخصوص بلاک چین اور ویب 3.0 سے فائدہ اٹھانے کے لیے خود کو تیار کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان افرادی قوت اور تیزی سے پھیلتا ہوا ڈیجیٹل ایکو سسٹم عالمی معیشت کے نئے شعبوں میں مؤثر شرکت اور سرمایہ کاری و ترقی کے نئے مواقع پیدا کرنے کا اہم ذریعہ بن سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کی سرمایہ کاری کی کہانی اب صرف فوری معاشی دباؤ پر قابو پانے تک محدود نہیں رہی بلکہ اس میں اصلاحات اور معاشی ری ریٹنگ کے وسیع امکانات موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 26

منسلک ماہرین نے وزیراعلی مریم نواز شریف کے ویژن کو قابل تقلید قرار دیا۔ الیکٹرک وہیکل انڈسٹری کے نمائندوں اور انتظامی افسران نے گرین ٹیکسی، وزیراعلی بائیک سکیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ای وی انڈسٹری نمائندگان نے گرین ٹیکسی اور بائیک سکیم کو وزیراعلی مریم نواز شریف کا شاندار اقدام قرار دیا۔ ٹریکٹر ساز انڈسٹری کے نمائندگان اور مالکان نے وزیراعلی گرین ٹریکٹر سکیم کے اجرا کو سراہا۔ نمائندگان ٹریکٹر ساز کمپنی کا کہنا تھا کہ گرین ٹریکٹر سکیم سے ٹریکٹر سازی کی صنعت اپنے پاؤں پر کھڑی ہوگئی ہے۔ وزیراعلی مریم نواز شریف کی گرین ٹریکٹر سکیم سے لوکل ٹریکٹر سازی کو فروغ ملا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو کا افتتاح کرنے کے بعد مختلف سٹالز کا دورہ کیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے الیکٹرک گاڑیوں کا معائنہ کیا اور الیکٹرک ایمبولینس میں اظہار دلچسپی کیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے جدید ترین گاڑیوں، بائیکس، جنریٹرز کا جائزہ لیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے سوزوکی کی جاپانی کمپنی کے بائیکس ماڈل کا بھی معائنہ کیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف ہونڈا، سوزوکی اور دیگر سٹال پر غیر ملکی ماہرین سے بات چیت ہوئی، معلومات لیں۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے ”میڈان پاکستان“ مصنوعات کے معیار کو سراہا۔ PAAPAM کے چیئرمین عثمان اسلم ملک، چیف آرگنائزر سید نبیل ہاشمی اور دیگر نے تفصیلی بریفنگ دی۔ ایکسپو سنٹر کے چاروں ہالوں میں جاری پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 میں ملکی و غیر ملکی کمپنیوں نے بھرپور شرکت کی۔ آٹو شو میں 150 نمائش کنندگان، 44 بین الاقوامی اور 43 مقامی نمائش کنندگان شریک ہوئے۔ سوزوکی، کیا، جی اے سی، چیری، ساز گار، بی وائی ڈی، جی تور، ہنڈائی اور ہونڈا سمیت نمایاں آٹو برانڈز نے سٹال لگائے۔ آٹو شو میں کاریں، موٹر سائیکلیں، الیکٹرک اور سیمی الیکٹرک اور مقامی آٹو پارٹس نمائش کیلئے پیش کیے گئے۔

بقیہ نمبر 27

بنیادی حقوق متاثر ہوں وہ آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی۔ عدالتی حکم نامے میں لکھا ہے کہ اسلام آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی، ذمے دار افراد کو قانون کے مطابق کارروائی کا سامنا کرنا ہو گا۔ عدالتی حکم نامے کے مطابق کسی بھی سیاسی جماعت کو شاہراہوں اور راستے بند کرنے کا کوئی قانونی حق نہیں، صوبائی حکومتیں اسلام آباد مارچ کے لیے سرکاری وسائل اور فنڈز کا استعمال نہ کریں، سرکاری گاڑیوں اور مشینری کو لانگ مارچ کی سہولت کے لیے استعمال کرنے پر مکمل پابندی ہے۔ عدالتی حکم نامے میں لکھا ہے کہ غیر قانونی احکامات کی صورت میں سرکاری ملازمین کے لیے فوری ہیلپ لائن قائم کی جائے۔ عدالتی حکم نامے کے مطابق عدالتی احکامات کی خلاف ورزی اور شہریوں کے حقوق متاثر کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، سرکاری عہدہ رکھنے والا اگر آئین اور قانون کی خلاف ورزی کرے تو وہ اپنے حلف سے انحراف کا مرتکب ہوگا۔ عدالتی حکم نامے میں لکھا ہے کہ سرکاری عہدیدار کی وجہ سے بنیادی حقوق متاثر ہوئے تو اسے حلف کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا، آئین اور قانون کی خلاف ورزی پر ذمے دار سرکاری افراد کو نتائج کا سامنا کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 28

خراج عقیدت پیش کیا اور شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی واظہار تعزیت کیا ہے۔

بقیہ نمبر 29

کیور منٹ انور بریار، ڈائریکٹر مانیٹرنگ عتیق الرحمٰن و دیگر افسران بھی شریک ہوئے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ڈین جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور، ایم ایس پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور، ایم ایس نواز شریف کارڈیک سنٹر مری، ایم ایس ڈی جی خان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ایم ایس فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ایم ایس وزیر آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ایم ایس راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی و دیگر کارڈیک انسٹی ٹیوٹس کے ایم ایس حضرات نے شرکت کی۔ پاکستان پوسٹ کے حکام نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں متعلقہ حکام کو رجسٹرڈ مریضوں تک ادویات کی فراہمی بارے شکایات کا فوری طور پر ازالہ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ کینسر اور امراض قلب میں مبتلا مریضوں کو ان کے گھروں تک ادویات کی مفت فراہمی کا منصوبہ کامیابی سے جاری ہے۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کی جانب سے آن لائن ڈیش بورڈ کے ذریعے پارسلز کی لائیو ٹریکنگ بھی کی جا رہی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پاکستان پوسٹ کے ذریعے مریضوں تک ادویات کی مفت فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ جنوری 2025 سے ستمبر 2026 تک کینسر اور امراض قلب میں مبتلا رجسٹرڈ مریضوں کو 20 لاکھ ادویات کے پارسلز بھجوائے جا چکے ہیں۔ جنوری 2025 سے ستمبر 2026 تک کینسر اور امراض قلب میں مبتلا 7 لاکھ 50 ہزار سے زائد مریضوں کو رجسٹرڈ کر لیا گیا ہے۔ جنوری 2025 سے ستمبر 2026 تک کینسر اور امراض قلب میں مبتلا مریضوں کو 1 ارب 77 کروڑ 20 لاکھ روپے کی مفت ادویات کی فراہمی کی جا چکی ہے۔ وزیر صحت پنجاب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ گنجان آباد علاقوں میں بسنے والے مریضوں نے ادویات کی وصولی پر انتہائی خوشی کا اظہار کیا ہے۔ سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود خان نے کہا کہ دور دراز کے علاقہ جات میں کینسر اور امراضِ قلب میں مبتلا مریضوں کو ادویات کی مفت فراہمی کی جا رہی ہے۔ اس منصوبے کا دائرہ کار رورل ایریاز تک وسیع کیا گیا ہے۔ صوبائی سیکرٹری صحت نے کہا کہ پاکستان پوسٹ کو ادویات کی فراہمی کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور شکایات کا فوری طور پر ازالہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 30

آگاہ کیا۔ ترکیہ کے سفیر نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اعلیٰ سطحی رابطوں کے بعد تعاون میں پیشرفت جاری ہے۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ کے ساتھ ترجیحی شعبوں میں تعاون مزید گہرا کرنے کے لیے پرعزم ہے، مشترکہ کمیشن اور ہائی لیول اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل کے آٹھویں اجلاس کی تیاریوں پر توجہ دی جائے گی، متعلقہ ادارے مشترکہ کمیشن اور اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل کی تیاریوں کے لیے قریبی رابطہ رکھیں۔ قبل ازیں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی وزیرخارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات پر گفتگو ہوئی۔ وزیرخارجہ نے دورہ برطانیہ میں طے ہوئی مفاہمتوں پر عملدرآمد کے حوالہ سے بات کی، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم نے اسحاق ڈار نے اعلیٰ سطح روابط کی اہمیت پر زور دیا، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ نمبر 31

ذریعے پائیدار ترقی ممکن ہے۔ وہ لاہور کے مقامی ہوٹل میں عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77 ویں سالگرہ کے سلسلے میں چینی قونصلیٹ جنرل لاہور کے زیر اہتمام منعقدہ قومی دن کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے چینی حکومت اور عوام کو قومی دن پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ چین نے اقتصادی و سماجی ترقی کے ساتھ عالمی سطح پر امن، تعاون اور مشترکہ ترقی کے پیغام کو بھی فروغ دیا ہے۔ انہوں نے پنجاب اسمبلی کے وفد کے ہمراہ اپنے حالیہ دورۂ؟ چین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہیں دیہی علاقوں سے بڑے شہروں اور مختلف اداروں تک چین کے ترقیاتی ماڈل کا مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ چین کے ایک پہاڑی دیہی علاقے میں پسماندگی سے خودکفیل اور خوشحال کمیونٹی تک کا سفر اس امر کی مثال ہے کہ مقامی آبادی کو فیصلہ سازی، معاشی سرگرمیوں اور ترقی کے عمل میں شریک کیا جائے تو دیرپا نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین میں مقامی کاروبار، روایتی مصنوعات اور عوامی صلاحیتوں کو معاشی مواقع میں تبدیل کیا گیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پاکستان کو بھی اپنے ترقیاتی عمل میں عوام کو با اختیار بنانے، مقامی اداروں کو مؤثر بنانے اور انسانی ترقی پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔ پاک چین تعاون کو صنعت، زراعت، ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل معیشت، تعلیم، تحقیق اور ہنرمندی سمیت دیگر شعبوں تک مزید وسعت دی جاسکتی ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے پنجاب اور چین کے صوبوں اور مقامی اداروں کے درمیان روابط مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ قانون ساز ادارے پاک چین دوستی کے تسلسل اور اس تعلق کو نئی نسل تک منتقل کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ نوجوان پارلیمنٹیرینز، طلبہ، محققین، جامعات اور کاروباری افراد کے درمیان روابط بڑھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی دو ریاستوں کے درمیان محض تعلق نہیں بلکہ دونوں اقوام کے درمیان اعتماد، احترام اور مشترکہ مستقبل کا رشتہ ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ 75 برس دونوں ممالک کے لیے مزید ترقی، خوشحالی، امن اور باہمی تعاون کا دور ثابت ہوں گے۔

بقیہ نمبر 32

تیل کی قیمت جو عالمی مارکیٹ میں کم ہوئی اسے پاکستان میں کم نہیں کیا گیا، حکومت نے مجرمانہ کام یہ کیا کہ جب عالمی مارکیٹ میں تیل مہنگا تھا تو انہوں نے مزید کمانا شروع کر دیا اور اس کا سارا کا سارا اثر پاکستان کی صنعت اور عوام پر پڑا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ فروری میں ایران پر امریکی حملے کے فوری بعد ریفائنریوں سے بات کرنا چاہیے تھی، بھارت، بنگلادیش، چین میں ریفائنریز سے بات کر کے لوگوں کو ریلیف پہنچایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جو پیکیج دے رہی ہے وہ ناکافی ہے، اکثریت کو سبسڈی نہیں مل رہی، حکومت نے مشکل حالات میں بھی لوگوں کی جیبوں پر ڈاکا ڈالا ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پاکستان کے عوام کے ایشوز ان بڑی پارٹیوں کے ایشوز نہیں ہیں، اور پاکستان کے عوام کے خلاف بڑی سیاسی جماعتوں اسٹیبلشمنٹ اور بیوروکریسی کا اتحاد ہے جبکہ ہمارا پی ٹی آئی والوں سے بھی رابطہ ہے انہوں نے ہمیں سپورٹ کیا، ہم ان کے احتجاج کو سپورٹ کرتے ہیں اور تحریک انصاف اور کسانوں نے جماعت اسلامی اور ہم نے ان کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب آئی ایم ایف کہتا ہے کہ جاگیرداروں پر ٹیکس لگاؤ تو ہمیں نہیں لگاتے، بلکہ غریب کسانوں پر ٹیکس لگاتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ چھوٹی گاڑیاں زیادہ تر مڈل کلاس لوگ استعمال کرتے ہیں، ڈیزل سے معاشی پہیہ چلتا ہے اس میں کوئی ریلیف نہیں دیا گیا، تنخواہ دار طبقے سے 700 ارب روپے سے زائد ٹیکس لیا گیا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ لیوی کم کرتے تو سب کو ریلیف مل جاتا، ہماری حکومت نے ٹارگٹ سے زیادہ لیوی اکٹھی کر لی، ہمارا ایک ہی مطالبہ ہے کہ لیوی ختم کرو۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے سود ختم کرنے سمیت 6 نکات پیش کیے ہیں، آئین میں سود ختم کرنے کا کہا گیا ہے، سود کو جاری رکھنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں، سود کو پہلے مرحلے پر 9 فیصد تک لایا جائے، اگر یہ 3 فیصد سود کم کردیں تو لیوی لگانے کی ضرورت ہی نہیں رہے گی جبکہ 1 فیصد سود کم کرنے سے 594 ارب روپے کی بچت ہو گی۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ایم ڈی کیٹ کے طلبہ کے لیے واضح پیغام ہے کہ ہم ساتھ ہیں ان کا ٹیسٹ ہو، کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی، ہم راستے بند نہیں کریں گے، 20 ستمبر کو یہاں کچھ نہیں ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ مکہ المکرمہ اور مدینہ منورہ ہمارے ایمان کا حصہ ہیں، مکہ مکرمہ پر حملہ قابل مذمت ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ہمارے احتجاج کا مذاق اڑانے والے اب یہ حکومتی ظلم پر سنجیدہ ہوگئے ہیں، جماعتِ اسلامی کے لانگ مارچ کے اخراجات جماعتِ اسلامی خود برداشت کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 33

مسلسل دوسرے سال ویزا نہ دیے جانے کے فیصلے کے بعد اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے خطاب کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطینی وزارت خارجہ نے اس بات پر زور دیا کہ ویزا پابندیوں میں توسیع امریکہ کے ساتھ تعلقات کو فروغ دینے کی کوششوں کے منافی اور غیر منصفانہ ہے۔ اس سے پہلے فلسطینی اتھارٹی نے مسلسل دوسرے سال نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے فلسطینی صدر کو داخلے کا ویزا دینے سے امریکی وزارت خارجہ کے انکار کو مسترد کر دیا تھا اور اسے ایک غیر منصفانہ اقدام قرار دیا تھا۔ فلسطینی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں فلسطینی ریاست کی جانب سے اس فیصلے کو مسترد کرنے کا اظہار کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ وہ اسے ایک غیر منصفانہ اقدام سمجھتی ہے جو اعتماد بحال کرنے، فلسطینی۔ امریکی تعلقات کو فروغ دینے اور دو ریاستی حل کو نافذ کرنے اور خطے میں امن و استحکام کے حصول کے لیے ضروری سیاسی فضا سازگار بنانے کی کوششوں کے منافی ہے۔

بقیہ نمبر 34

ارب ڈالر ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق پیکیج میں 48 ایف 35 طیاروں کے ساتھ 49 انجن، مواصلاتی و الیکٹرانک جنگی نظام، اسپیئر پارٹس، تربیتی سامان، سمیولیٹرز اور دیگر معاون آلات شامل ہوں گے۔ تاہم معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے امریکی کانگریس کی منظوری بھی درکار ہے۔ F-35 اسٹیلتھ ٹیکنالوجی سے لیس جدید لڑاکا طیارہ ہے اور اسرائیل اس وقت مشرق وسطیٰ کا واحد ملک ہے جو یہ طیارے آپریٹ کر رہا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا تھا کہ مجوزہ فروخت سعودی عرب کی دفاعی صلاحیت اور امریکی واتحادی افواج کے ساتھ باہمی تعاون کو بہتر بنائے گی جبکہ واشنگٹن کے مطابق اس سے خطے میں فوجی توازن تبدیل نہیں ہوگا۔ مجوزہ معاہدہ امریکا اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعلقات میں مزید وسعت کی نشاندہی کرتا ہے، تاہم کانگریس میں اس پر جانچ پڑتال متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 35

ابوزر سلیمان خان نیازی ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ انسداد دہشت گردی ترمیم بل 2026ء غیر قانونی ہے ٹرائل میں جج پراسیکیوشن، گواہ کے نام اور چہرے سامنے نہیں ہوں گے یہ شق خلاف آئین ہے، استدعا ہے کہ عدالت پنجاب اسمبلی سے منظور شدہ ترمیم بل کو غیر قانونی قرار دے۔ عدالت نے وکیل درخواست گزار سے استفسار کیا کہ آپ یہ بتائیں کہ بادی النظر میں بل کس طرح غیر آئینی ہے؟ آپکی درخواست قابل سماعت کیسے ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ آپ مجھے پانچ منٹ دیں میں آپکی معاونت کرتا ہوں۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری نے کہا کہ آپ آئندہ سماعت پر درخواست کے قابل سماعت ہونے پر دلائل دیں۔

بقیہ نمبر 36

باڑ اور حفاظتی انتظامات کے ساتھ جدید مرکزی ڈاکر سکیننگ نظام بھی شامل ہے۔ 1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا۔ بندرگاہوں سے کنٹینرز ریلوے کے ذریعے لاجسٹکس پارک لا کر ٹریلرز سے اپ کنٹری بھیجے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 37

نہاد اسنیپ بیک میکانزم پر اپنے شدید تحفظات اور مخالفت کا اظہار کیا تھا۔ واضح رہے کہ 2015 کے ایران جوہری معاہدے جسے جوائنٹ کمپری ہینسو پلان آف ایکشن (JCPOA) بھی کہا جاتا ہے کے تحت تشکیل دیا گیا یہ میکانزم اس معاہدے کے کسی بھی فریق کو یہ اختیار دیتا ہے کہ اگر اسے یقین ہو کہ ایران معاہدے کی کسی شق کی خلاف ورزی کر رہا ہے تو وہ پابندیوں کی بحالی کی اس شق کو نافذ کر سکتا ہے۔ تاہم روس اور چین نے یہ دلیل پیش کی ہے کہ اسنیپ بیک میکانزم اب غیر مؤثر ہو چکا ہے کیونکہ جے سی پی او اے اور اقوام متحدہ کی قرارداد 2231 کی میعاد گزشتہ سال کے آخر میں ختم ہو چکی ہے۔

بقیہ نمبر 38

چھوٹی اور بڑی صنعتوں کے لئے 5 ارب روپے تک کے آسان قرضے دیے جائیں گے۔ پروگرام کے تحت 10 کروڑ روپے تک بلاسود قرض ہوگا، 10 کروڑ روپے سے ایک ارب روپے تک کے قرض پر 3 فیصد جبکہ 5 ارب روپے تک کے قرض پر 5 فیصد مارک اپ ہوگا۔ پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے ایکٹ میں ترامیم کے ذریعے پنجاب سیک کے قرض کی فراہمی کی حد بڑھائی جائے گی۔ ایکٹ میں ترامیم کے مسودے کی پنجاب کابینہ سے منظوری کے بعد پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ بورڈ نے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ قصور میں کینسل پلاٹوں کی الاٹیز کیلئے مراعاتی پیکیج میں توسیع کی منظوری دی۔ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ منڈی بہاؤالدین میں پلاٹوں کی بکنگ کیلئے قواعد و ضوابط پر نظرثانی کی بھی منظوری دی گئی۔ بورڈ نے پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کو قومی اور بین الاقوامی نمائشوں، تجارتی میلوں، ثقافتی ایونٹس اور دیگر سرگرمیوں میں 20 فیصد تک خصوصی ڈسکاؤنٹ کے ساتھ شرکت کی اجازت بھی دی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت صنعت و تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پنجاب صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور برآمدات بڑھانے کیلئے رواں سال ایک بڑا پروگرام شروع کر رہا ہے۔ پروگرام کے تحت چھوٹی اور بڑی صنعتوں کے فروغ کیلئے 5 ارب روپے تک کا آسان قرض دیا جائے گا۔ آسان قرضوں کا یہ بڑا پروگرام بنک آف پنجاب کے اشتراک کے ساتھ آگے بڑھایا جائے گا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے انڈسٹریل اسٹیٹس کے حوالے سے لینڈ لیز پالیسی کی منظوری دی ہے۔ اب صنعتی مراکز میں صنعتی یونٹس لگانے کیلئے 30 سے 50 سال کی لیز پر بھی پلاٹ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ وزیر صنعت و تجارت نے کہا کہ منڈی بہاؤالدین میں نئی انڈسٹریل اسٹیٹ بنائی جا رہی ہے جس کا سنگ بنیاد اکتوبر کے پہلے ہفتے میں رکھا جائے گا، اس انڈسٹریل اسٹیٹ میں اوورسیز پاکستانیز کیلئے 20 فیصد کوٹہ مختص ہوگا۔ منڈی بہاؤالدین کی سمال انڈسٹریل اسٹیٹ میں سوشل سیکورٹی کا ہسپتال بھی بنایا جائے گا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب کی 23 سمال انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتی انفراسٹرکچر کی بہتری کا بڑا پروگرام شروع کیا جا رہا ہے۔ سپیشل سیکرٹری انڈسٹریز، ایم ڈی پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے ڈائریکٹرز اور بورڈ ممبران نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 39

مارٹم سے لے کر شواہد جمع کرنے تک آپ کا کوئی کردار نظر نہیں آیا، آپ تھانے میں بیٹھے رہے اور دوسروں کی تیار کردہ دستاویزات پر دستخط کرتے رہے۔ آپ افسران کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کمیشن نے کہا کہ پولیس نے یہ کیس ہی کو خراب کیا ہے، دنیا بھر میں اس کیس ہے جو حل نہیں ہوا لوگ ورثا پولیس کی شکایت نہیں کرتے۔ جوڈیشل کمیشن نے میر رضا کے بزنس پارٹنر احمد کو مشورہ دیا کہ آپ کے پاس ہے کہ راز ہیں تو میر رضا کی روح کو خوش کر اور حلف نامے کے ساتھ تحریری صورت میں ان کے سوالوں کے جواب دیں۔ میڈیا سے گفتگو میں میر رضا کے والد کے وکیل جبران ناصر نے کہا کہ 33 میں سے 23 گواہوں کے بیان تفتیشی افسر کے بجائے دیگر پولیس افسران نے لیے، کمیشن کے روبرو کیس کے تفتیشی افسر نے یہ بات تسلیم کی، نئی تحقیقاتی ٹیم کا مقصد صرف پٹی بند بھائیوں کو بچانا ہے۔

بقیہ نمبر 40

غیر مشروط ہے، یہ دونوں ممالک کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، حرمین شریفین کی حفاظت کیلئے وہاں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سیکیورٹی کے لیے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، یہ دونوں ممالک کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ سعودی عرب کا دفاع کرتے رہیں گے، سعودی عرب کا دفاع کرنے کے لیے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان ہر قسم کی قربانی دینے اور کسی جارحیت کی صورت میں بھرپور دفاع کرنے کے عزم پر کاربند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کی حفاظت کے حوالے سے پاکستانی عزم غیر متزلزل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی کے تحفظ کے لیے پاکستان ہر سطح پر تعاون جاری رکھے گا اور کسی بھی جارحانہ اقدام کے خلاف سعودی بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ دوطرفہ دفاعی تعلقات اور معاہدوں کی بنیاد پر دونوں ممالک باہمی اعتماد کے ساتھ خطے میں امن اور استحکام کے قیام کیلئے کوشاں ہیں۔ اس سے قبل ایک اور انٹرویو میں مکہ معاہدے کے کسی ایک فریق پر حملے پر پاکستان کے ردِعمل سے متعلق سوال پر ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا تھا کہ دفاعی وعدوں پر عمل درآمد کے طریقہ کار کو کبھی بھی عوامی سطح پر ظاہر نہیں کیا جاتا، کسی حملے کا ردِعمل کیا ہوگا، تینوں ممالک لائحہ عمل طے کریں گے اور اسی کے مطابق اس پر عمل درآمد کریں گے۔ انہوں نے کہا تھا کہ مکہ معاہدے پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں، سب سمجھتے ہیں کہ یہ اقدام دفاعی نوعیت کا ہے اور اس کا مقصد خطے میں استحکام اور امن برقرار رکھنا ہے، دفاع سے متعلق دوسرے معاہدے بھی ہیں، جن میں ایک دوسرے کو تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانیاں ہیں، آپ دراصل یہ پوچھ رہے ہیں کہ معاہدے کے تحت کیسے کارروائی کی جائے گی، فوجی کارروائیوں اور سیکیورٹی سے متعلق معلومات خفیہ ہوتی ہیں، کسی بھی کارروائی کا فیصلہ ان تینوں ممالک نے کرنا ہے۔

پی ٹی آئی کے ساتھ رابطے ہیں، حکومت نے حالات پیدا کیے تو سب اکٹھے ہو سکتے ہیں' لیاقت بلوچ

محسن نقوی بہت اہمیت رکھتے ہیں، ہم چاہیں گے وہ اس معاملے میں اپنا کردار ادا کریں' نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (آئی این پی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطے ہیں اور حافظ نعیم الرحمان نے تمام جماعتوں کو احتجاج میں شرکت کی دعوت بھی دی ہے تاہم فی الحال ہماری تمام تر توجہ 20 ستمبر کے اسلام آباد مارچ پر ہے، سیاسی جماعتوں کے احتجاج کی حمایت کی جا سکتی ہے اگر حکومت نے مشکل حالات پیدا کر دیئے تو سب کچھ پیچھے رہ جائے گا اور سب اکٹھے ہو سکتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ محسن نقوی سے حالیہ دنوں میں احتجاج کے حوالے سے کوئی رابطہ نہیں ہوا البتہ چند روز قبل ایک ہسپتال میں ان سے مختصر ملاقات ہوئی تھی۔

افغان میڈیکل طلباء کی پی ایم ڈی سی رجسٹریشن کا معاملہ، مزید دلائل طلب

لاہور ہائیکورٹ کی فریقین کو عدالتی معاونت اور افغان طلباء سے متعلق خارجہ پالیسی پر معاونت کی ہدایت

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے ایم بی بی ایس مکمل کرنے والے افغان طلباء کی پی ایم ڈی سی میں رجسٹریشن نہ کرنے سے متعلق درخواست کے قابل سماعت ہونے سے متعلق مزید دلائل طلب کر لیے، عدالت نے سرکاری وکیل اور درخواست گزار کے وکیل کو عدالتی معاونت کی ہدایت کی اور فریقین کو افغان طلباء سے متعلق خارجہ پالیسی پر بھی معاونت کی ہدایت کی ہے۔ جسٹس خالد اسحاق نے نذرانہ بی بی سمیت دیگر افغان ڈاکٹرز کی درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ درخواست گزاروں نے شیخ زید میڈیکل کالج سے میڈیکل کی تعلیم مکمل کی، پی ایم ڈی سی میں بطور ڈاکٹر رجسٹریشن کے لئے درخواست دی گئی،

پیٹرولیم مصنوعات کی مسلسل بڑھتی قیمتیں، گڈز ٹرانسپورٹ کا کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان

پچھلے 7 دن میں ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 26 روپے، پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 20 روپے اضافہ ہوا' ملک شہزاد اعوان

لاہور (آئی این پی) ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی مسلسل بڑھتی قیمتوں کے پیش نظر گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کے کرایوں میں بھی بڑا اضافہ کر دیا۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے 7 فیصد بڑھا رہے ہیں کیونکہ گزشتہ 7 روز کے دوران ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 26 روپے 88 پیسے اور پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 20 روپے اضافہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر تبدیلی اور مسلسل اضافے کی پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز مذمت کرتے ہیں،

جنرل ہسپتال میں ڈاکٹر کے بھیس میں نوسر باز گرفتار، مقدمہ درج

مریضوں کے علاج کے نام پر خود کو ڈاکٹر ظاہر کرنے والے عناصر سے کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی' ایم ایس پروفیسر فریاد حسین

لاہور (آئی این پی) جنرل ہسپتال میں خود کو ڈاکٹر ظاہر کر کے مریضوں اور ان کے لواحقین سے رابطہ کرنے والے نوسر باز حسن اعجاز کو ہسپتال انتظامیہ نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا جس کے خلاف تھانہ کوٹ لکھپت میں تعزیراتِ پاکستان کی دفعات 419/420 کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے ملزم شالیمار ٹاؤن، کاہنہ کا رہائشی نکلا۔ ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین کے مطابق ڈیوٹی ڈی ایم ایس (ایمرجنسی) نے جعلی ڈاکٹر کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی ہے۔ ایم ایس کا کہنا تھا کہ مریضوں کے علاج کے نام پر خود کو ڈاکٹر ظاہر کرنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی

پارلیمانی معلومات، اسمبلی ریکارڈ تک تیز، آسان محفوظ رسائی کیلئے اے آئی مبنی پلیٹ فارم قائم کرنیکی ہدایت

سپیکر ملک احمد خاں کی زیرصدارت خصوصی کمیٹی کا اجلاس، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل گورننس، قانون سازی اور بنیادی حقوق پر اے آئی کے اثرات کا جائزہ

ٹیکنالوجی کا استعمال صرف ڈیجیٹلائزیشن تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اسے مؤثر گورننس، شفافیت، عوامی سہولت اور بہتر پارلیمانی خدمات کیلئے بروئے کار لایا جانا چاہیے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں

لاہور (آئی این پی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو پارلیمانی نظام کا مؤثر حصہ بنایا جائے تاکہ قانون سازوں اور شہریوں کو اسمبلی کی معلومات اور خدمات تک تیز، آسان اور محفوظ رسائی فراہم کی جا سکے، انہوں نے ہدایت دی کہ پنجاب اسمبلی میں مصنوعی ذہانت پر مبنی ایک خصوصی پلیٹ فارم قائم کیا جائے، جس کے ذریعے اسمبلی کے ریکارڈ اور پارلیمانی معلومات تک اے آئی کی مدد سے رسائی ممکن ہو۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کا استعمال صرف ڈیجیٹلائزیشن تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اسے مؤثر گورننس، شفافیت، عوامی سہولت اور بہتر پارلیمانی خدمات کیلئے بروئے کار لایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے استعمال کے ساتھ معلومات کی درستگی، سیکیورٹی، رازداری اور ذمہ دارانہ استعمال کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے ہدایت کی کہ مجوزہ پلیٹ فارم کی تیاری اور فعال بنانے کیلئے ضروری تکنیکی وسائل اور ادارہ جاتی معاونت فراہم کی جائے، جبکہ ارکانِ اسمبلی اور اسمبلی اسٹاف کو مصنوعی (بقیہ نمبر 3)

PUNJAB SMALL INDUSTRIES CORPORATION

لاہور صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لودھراں، نجی اسکول کی لیب میں تیزاب کی بوتل ٹوٹنے سے 14 بچے زخمی

اسکول مالک کیخلاف مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کی جارہی ہیں، ڈپٹی کمشنر محمد اشرف

لودھراں (آئی این پی) اڈہ پرمٹ کے قریب نجی اسکول کی لیب میں حادثہ پیش آیا جس میں بچے زخمی ہوگئے۔ ڈپٹی کمشنر محمد اشرف کے مطابق نجی اسکول کی لیب میں تیزاب کی بوتل ٹوٹنے سے لیب میں موجود 14 بچے زخمی ہو گئے۔ ڈی سی نے بتایا کہ واقعہ کے بعد بچوں کو فوری ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں بچوں کو فرسٹ ایڈ دینے کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق ایک بچے کو انڈر آبزرویشن رکھا گیا ہے تاہم اس کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسکول مالک کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کی جارہی ہیں۔

کاروباری برادری کے معتبر ناموں کی حمایت ویژن الائنس پر اعتماد کا اظہار ہے' علی حسام اصغر

لاہور کی مجموعی معاشی گروتھ کیلئے بھی عملی اقدامات کرینگے' ایسوسی ایٹ امیدواروں کے اعزاز میں تقریب سے خطاب

لاہور (آئی این پی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدارتی امیدوار علی حسام اصغر نے کہا ہے کہ لاہور چیمبر کے انتخابات میں تاجر برادری کے بڑے اور معتبر ناموں کا ویژن الائنس کا حصہ بننا اس امر کا مظہر ہے کہ کاروباری برادری صنعت و تجارت کے مسائل کے حل اور معاشی ترقی کے لیے ایک مشترکہ اور مضبوط پلیٹ فارم کی ضرورت محسوس کرتی ہے، ان شاء اللہ تاجر برادری کی حمایت سے کامیابی حاصل کرنے کے بعد خدمت کا ایسا معیار متعارف کرائیں گے

جامعہ نعیمیہ میں 13 ویں محفل میلاد مصطفیٰؐ برائے خواتین (آج) ہوگی

محفل میلادِ میں طالبات بارگاہِ رسالت مآب میں گلہائے عقیدت پیش کریں گی

لاہور (آئی این پی) دارالعلوم جامعہ نعیمیہ کے زیرِ اہتمام 13 ویں سالانہ محفل میلادِ مصطفیٰ ﷺ برائے خواتین آج (19 ستمبر 2026ء بروز ہفتہ) محدث اعظم لائبریری ہال میں منعقد ہوگی۔ محفل کا باقاعدہ آغاز دن ایک بجے تلاوتِ کلام پاک سے ہوگا، جبکہ محفل کا اختتام شام 5 بجے خصوصی دعا کے ساتھ کیا جائے گا۔ محفل میلادِ مصطفیٰ ﷺ میں دینی مدارس کی طالبات بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں گلہائے عقیدت پیش کریں گی، جبکہ طالبات کی جانب سے اسلامی ٹیبلو بھی پیش کیا جائے گا، جس کے ذریعے اسلامی تعلیمات، سیرتِ طیبہ ﷺ اور خواتین کے دینی و معاشرتی کردار کو اجاگر کیا جائے گا

لاہور: مینجنگ ڈائریکٹر ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید زیر تعمیر منصوبے کا معائنہ کر رہے ہیں

ایف بی آر اپنے سسٹم کی اپ گریڈیشن پر سرمایہ کاری کرے' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

ٹیکس نظام کا سارا ڈھانچہ از سر نو ترتیب دینے کی ضرورت ہے' سینئر ممبر امانت بشیر کی وفد سے گفتگو

لاہور (آئی این پی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے سینئر ممبر چودھری امانت بشیر نے آئرس سسٹم کی ناکامی کی وجہ سے گوشوارے جمع کرانے والوں کو درپیش مشکلات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایف بی آر کو اپنے سسٹم کی اپ گریڈیشن پر بڑی سرمایہ کاری کرنا ہوگی ٹیکس نظام کا سارا ڈھانچہ ہی از سر نو ترتیب دینے کی ضرورت ہے تاہم اس منصوبے کو مرحلہ وار آگے بڑھایا جائے۔ ٹیکس بار کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹیکس دینے والوں کی تعداد ایک سطح پر منجمد اور لوگ رضا کارانہ ٹیکس نیٹ میں کیوں شامل نہیں ہوتے

حرمین شریفین پر کسی جارحیت کو برداشت نہیں کیا جائے گا، علماء و مشائخ

عظمت ناموس رسالت و اصحاب رسول اور تحفظ ختم نبوت کا دفاع ہمارے ایمان کا جزاول ہیں

سرگودھا (آئی این پی) علما و مشائخ نے کہا کہ حرمین شریفین پر کسی جارحیت کو برداشت نہیں کیا جائے گا اس کا تحفظ ہمیں اپنی جانوں سے زیادہ عزیز ہے جس کی حفاظت کے لئے پوری امت مسلمہ متحد ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عظمت ناموس رسالت و اصحاب رسول اور تحفظ ختم نبوت کا دفاع ہمارے ایمان کا جزاول ہیں۔ جس سے نونہالان وطن کو روشناس کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے اس لئے بچوں کو دین اور دنیا کی تعلیم سے آراستہ کر کے انہیں اچھا شہری بنایا جائے۔ ذرائع کے مطابق جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے صوبائی راہنما علامہ عطا اللہ بندیالوی، مرکزی (بقیہ نمبر 6)

خانیوال شہر میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے گرینڈ آپریشن

غیر قانونی اسٹالز اور عارضی دکانوں کیخلاف ایکشن لیا، خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں پر جرمانے

خانیوال (آئی این پی) پنجاب سہولت بازار اتھارٹی اور پیرا فورس خانیوال کی جانب سے شہر میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے گرینڈ آپریشن کیا گیا۔ انفورسمنٹ آفیسر پیرا سفیر حسن نے سہولت بازار انتظامیہ انجینئر عبدالرحمٰن قلزم اور انجینئر ثاقب سرفراز کے ہمراہ مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی اسٹالز اور عارضی دکانوں کے خلاف ایکشن لیا اور خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں پر جرمانے عائد کیے۔ کارروائی کے دوران دکانداروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ شہر کی مختلف شاہراہوں اور علاقوں میں جمعہ بازار کی دکانیں لگانے کے بجائے اپنی دکانیں سہولت بازار میں قائم جمعہ بازار میں لگائیں،

بیرونی فنانسنگ کے بجائے برآمدات بڑھانے کی جامع پالیسی بنائی جائے' خادم حسین

معاشی استحکام کیلئے قرض نہیں، پیداواری معیشت مضبوط کرنا ہوگی' سینئر ممبر فاؤنڈرز گروپ

لاہور (آئی این پی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے حکومت کی جانب سے زرمبادلہ ذخائر کے استحکام اور قرضوں کی ادائیگیوں کے لیے بیرونی فنانسنگ پر مسلسل انحصار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چین کی سواپ (بقیہ نمبر 7)

VERDICTS OF THE SUPREME COURT
FREE THE ENSLAVED

لاہور: بانڈڈ لیبر لبریشن فرنٹ پاکستان کی جنرل سیکرٹری سیدہ غلام فاطمہ مقامی ہوٹل میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں

کم عمر لڑکے کی تھیٹر میں ڈانس پرفارمنس دیکھنے کی ویڈیو وائرل، عظمیٰ بخاری کی ہدایت پر تھیٹر سیل

لاہور (آئی این پی) کم عمر لڑکے کی تھیٹر میں ڈانس پرفارمنس دیکھنے کی ویڈیو وائرل پر وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری کی ہدایت تھیٹر کو سیل کر دیا گیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں ایک کم عمر لڑکا پنجاب کے ایک تھیٹر میں ڈانس پرفارمنس دیکھتے ہوئے نظر آیا۔

شیخوپورہ، مسجد کی چھت پر صفائی کے دوران کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق

شیخوپورہ (آئی این پی) مسجد کی چھت پر صفائی کے دوران کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ واقعہ کھکھی روڈ ٹبہ والا قبرستان کے قریب پیش آیا۔ بتایا گیا ہے کہ سالہ محبوب ولد اشرف مسجد کی چھت پر صفائی کر رہا تھا جو کرنٹ لگنے سے موقع پر ہی دم توڑ گیا۔

سندھ میں 40 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچیاں اسکولوں سے باہر ہیں: صنفی مساوات رپورٹ میں انکشاف

کراچی (آئی این پی) سندھ صنفی مساوات رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ صوبے میں 40 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچیاں اسکولوں سے باہر ہیں۔ ترجمان کے مطابق وزیراعلیٰ سندھ کو صوبے کی پہلی صنفی مساوات سے متعلق رپورٹ پیش کر دی گئی جو معاون خصوصی برائے انسانی حقوق راجویر سنگھ سوڈھا نے پیش کی۔

سرگودھا، فلائی اوور کی بحالی و تزئین و آرائش کے منصوبہ پر کام شروع کر دیا گیا

فلائی اوور پر جاری کام کے باعث شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا ہے

سرگودھا (آئی این پی) سرگودھا شہر میں 6 کروڑ روپے کی لاگت سے فلائی اوور کی بحالی و تزئین و آرائش کے منصوبہ پر کام شروع کر دیا گیا جس سے فلائی اوور کی نئی کارپٹنگ، خستہ حال حصوں اور پلرز کی مرمت، پرانی ریلنگ کی تبدیلی و مرمت، لائٹس کی بحالی و بہتری سمیت دیگر ضروری تعمیراتی کام کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے ڈی پی او توقیر محمد نعیم کے ہمراہ خیام چوک فلائی اوور پر تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا اور بتایا گیا کہ خیام چوک کی مجموعی تزئین و آرائش اس منصوبہ کا حصہ ہے، جس کا مقصد شہر کے اس اہم اور مصروف (بقیہ نمبر4)

برکی میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، 3 ملزمان گرفتار

لاہور (آئی این پی) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر شہر بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا گیا۔ ایس ایچ او برکی عمران نواز نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے خفیہ اطلاع پر دورانِ پٹرولنگ مختلف مقامات سے منشیات کی سپلائی میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔

میانوالی، نامعلوم چور گھر سے نقدی اور طلائی زیورات لے اڑے

میانوالی (آئی این پی) میانوالی کی تحصیل عیسیٰ خیل کے علاقہ کلور شریف میں رات گئے چوری کی واردات عمران ولد غلام رسول کانجو کے گھر سے نامعلوم چور کمرے کو سند لگا کر نقدی اور طلائی زیورات لے اڑے، متاثرہ غریب شخص نے ایک ایک روپیہ جمع کر کے اپنی بیوی کے علاج و معالجہ کے لئے رکھے ہوئے تھے، نامعلوم چور جمع پونجی کے ساتھ زیورات بھی لے گئے،

میانوالی، پراسرار خاتون کے داخلے پر علاقے میں تھرتھلی مچ گئی

میانوالی (آئی این پی) میانوالی کی تحصیل عیسیٰ خیل شہر میں ایک پر اسرار خاتون داخل، پولیس ہائی الرٹ، مذکورہ خاتون اغوا کار ہے، اور مردانہ لباس اور جوتے وغیرہ استعمال کرتی ہے، اور کراچی پولیس کو ایک بچہ کو اغوا کرنے کے مقدمہ میں مطلوب چلی آ رہی ہے

مریدکے، گھریلو ناچاقی پر سسرالیوں کی مبینہ سفاکیت، 3 بچوں کی ماں کو تیزاب پلا دیا، حالت تشویشناک

کالا شاہ کاکو (آئی این پی) مریدکے کے علاقے شہزاد ٹاؤن میں گھریلو ناچاقی نے المناک رخ اختیار کر لیا، جہاں مبینہ تلخ کلامی اور جھگڑے پر سسرالیوں نے مبینہ سفاکیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے تین بچوں کی ماں کو تیزاب پلا دیا۔

برائلر گوشت کی قیمت میں مزید 7 روپے کلو کمی، فارمی انڈے مہنگے

لاہور (آئی این پی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 7 روپے کمی سے 447 روپے، زندہ برائلر کی قیمت 5 روپے کمی سے 308 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت مزید 2 روپے اضافے سے 253 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (آئی این پی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد ایک لاکھ 8 ہزار کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 35 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 19 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 19 ہزار 400 کیوسک، خیرآباد پل آمد ایک لاکھ 26 ہزار 800 کیوسک رہا۔

ای چالان نادہندہ سرکاری گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن، سرکاری گاڑی پکڑی گئی

ایک لاکھ 31 ہزار 515 روپے جرمانے کی نادہندہ سرکاری گاڑی پکڑی گئی، موقع پر جرمانہ ادا کرنے پر چھوڑ دی گئی

لاہور (آئی این پی) لاہور ٹریفک پولیس کی جانب سے ای چلان نادہندہ سرکاری و نیم سرکاری گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کر دیا گیا، اچھرہ میں 01 لاکھ 31 ہزار 515 روپے مالیت کی ای چالان نادہندہ سرکاری گاڑی پکڑی گئی۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق پٹرولنگ آفیسر قیصر کمال نے گاڑی کے ای چالان چیک کیے تو 22 چالان نکل آئے۔ ڈرائیور نے 22 مرتبہ ٹریفک سگنل کی خلاف ورزیاں کی جس پر 01 لاکھ 31 ہزار 515 روپے واجب الادو ہے۔ تاہم موقع پر جرمانہ ادا کرنے پر گاڑی کو چھوڑ دیا گیا۔ علاوہ ازیں لاہور ٹریفک پولیس کی طرف ای چالان (بقیہ نمبر2)

بزرگانِ دین نے برصغیر میں اسلام کے فروغ اور امن و محبت کے پیغام کو عام کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا' ڈاکٹر احسان بھٹہ

سیکرٹری/ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب کی حضرت بابا بلھے شاہ کے مزار پر حاضری، فاتحہ خوانی کی، ملک و قوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا

لاہور (آئی این پی) سیکرٹری /چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ بزرگانِ دین اور صوفیا کرام نے برصغیر میں اسلام کی تبلیغ و اشاعت اور دینی و روحانی اقدار کے فروغ کے ساتھ ساتھ امن، محبت، رواداری، اخوت اور انسانیت کا پیغام عام کرنے میں کلیدی اور گراں قدر کردار ادا کیا، ان کی تعلیمات آج بھی معاشرے کی فکری، اخلاقی اور روحانی رہنمائی کا موثر ذریعہ ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات اور وژن کے مطابق صوفیا کرام اور بزرگانِ دین کی اسلام کے لیے گراں قدر خدمات، ان کی حیات، تعلیمات اور تاریخی ورثے کو عوام بالخصوص نوجوان نسل کے سامنے اجاگر کرنے کے لیے بھرپور اقدامات جاری ہیں

سود کی تمام صورتیں اہلِ ایمان کیلئے حرام ہیں' ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

سود معاشی و معاشرتی مسائل میں اضافے کا سبب بنتا ہے' چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (آئی این پی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ سود کی تمام صورتیں اہلِ ایمان کے لیے حرام ہیں، لین دین کے معاملات میں اسلامی تعلیمات کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔ دین اسلام نے تجارت اور مالی معاملات میں واضح اصول و ضوابط مقرر کیے ہیں، جن کی پابندی ہر مسلمان پر لازم ہے، سود معاشی و معاشرتی مسائل میں اضافے کا سبب بنتا ہے، اس لیے مسلمان سودی معاملات سے مکمل اجتناب کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ نعیمیہ میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام ایک مکمل ضابطِ حیات ہے جو انسان کی انفرادی زندگی کے ساتھ ساتھ معاشی معاملات میں بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ قرآن و سنت میں سود کی واضح ممانعت بیان کی گئی ہے، لہٰذا اہلِ ایمان پر لازم ہے کہ وہ اپنے مالی معاملات کو اسلامی تعلیمات کے مطابق انجام دیں۔

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، چیئرمین ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور غزالی سلیم بٹ، ایم ڈی احمد عثمان جاوید اور دیگر ہارٹی کلچر ایجنسی حج قرعہ اندازی کے موقع پر ملکی سلامتی اور استحکام کے لیے دعا کر رہے ہیں

گوجرخان، بھیک مانگنے کے نت نئے انداز نے شہریوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا

ہم سڑکوں اور مصروف چوکوں پر اس انداز میں بھیک مانگنے والوں کی موجودگی کے معاملے کی باقاعدہ چھان بین کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

گوجرخان (آئی این پی) بھیک مانگنے کے نت نئے انداز نے شہریوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا، بعض خواتین اور جوان لڑکیاں ہاتھوں میں فوٹو اسٹیٹ شدہ کاغذات اٹھائے مختلف شاہراہوں، چوکوں اور بازاروں میں گھومتی دکھائی دیتی ہیں، جن پر ان کے مالی مسائل، گھریلو حالات اور مشکلات کی روداد تحریر ہوتی ہے۔ مذکورہ خواتین اور لڑکیاں یہ کاغذات راہگیروں، دکانداروں اور گاڑیوں میں سوار افراد کے سامنے پیش کر کے مالی مدد طلب کرتی ہیں۔ شہریوں کے مطابق بعض برقعہ پوش خواتین اور جوان لڑکیاں خاص طور پر ایسے مقامات کا انتخاب کرتی ہیں

لاہور: ڈی جی سوشل ویلفیئر و بیت المال ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم اہم محکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھاٹی گیٹ سب ڈویژن میں بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن

ہوٹل المدینہ منورہ کنڈا لگا کر بجلی چوری کرتے پکڑا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) بھاٹی گیٹ سب ڈویژن کے علاقے دربار مارکیٹ میلہ رام میں لیسکو ٹیم نے بجلی چوری کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ہوٹل المدینہ منورہ کو ڈائریکٹ کنڈا لگا کر بجلی چوری کرتے ہوئے پکڑ لیا۔ لیسکو حکام کے مطابق ایس ڈی او افضل حیدر اور میٹر انسپکٹر چنگیز خان نے کارروائی کرتے ہوئے موقع پر بجلی چوری پکڑی۔ بجلی چوری کا کنکشن منقطع کر کے لاکھوں روپے کا ڈیٹیکشن بل جاری کر دیا گیا، جبکہ بجلی چوری کے الزام میں ایف آئی آر بھی درج کروادی گئی۔ حکام کے مطابق کارروائی چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ کی زیرو ٹالرنس پالیسی (بقیہ نمبر5)

ٹریلر کی ٹکر، رکشہ سوار خاتون جاں بحق، ایک زخمی

حادثہ خراب رکشے کو سڑک پر دھکا لگاتے ہوئے پیش آیا، زخمی خاتون ہسپتال منتقل

حجرہ شاہ مقیم (آئی این پی) خراب لوڈر رکشہ کو دھکا لگاتے افراد کو ٹریلر نے ٹکر مار دی، جس کے نتیجے میں رکشہ میں سوار ایک خاتون جاں بحق جبکہ دوسری زخمی ہوگئی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے میں دیگر افراد محفوظ رہے۔ زخمی خاتون کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق خاتون کی نعش بھی ضروری کارروائی کے بعد ہسپتال منتقل کر دی۔ جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت 19 سالہ کومل دختر کاشف جبکہ زخمی کی شناخت 21 سالہ شازیہ زوجہ شمعون کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کی جانب سے مین جی ٹی روڈ کسان اڈہ کے قریب پیش آئے حادثے کے محرکات اور ذمہ دار ڈرائیور کے حوالے سے مزید کارروائی جاری ہے۔

سوشیالوجی اور سائیکالوجی کے طلباء کے اعزاز میں تقریب

پہلے پی ایچ ڈی سوشیالوجی بیچ کا آغاز خوش آئند ہے، وائس چانسلر سجاد مبین

حجرہ شاہ مقیم (آئی این پی) سوشیالوجی اور سائیکالوجی کے شعبہ جات میں نئے داخل ہونے والے طلباء کے لیے اورینٹیشن تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین نے کی، تقریب میں رجسٹرار جمیل عاصم، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر فیصل مجید، چیئرپرسن شعبہ سوشیالوجی و سائیکالوجی سہیل اصغر، فیکلٹی ممبران اور طلباء نے شرکت کی۔ اسسٹنٹ پروفیسر سوشیالوجی ڈاکٹر شہزاد فرید نے تقریب کی میزبانی کی۔ تقریب کے دوران یونیورسٹی میں پہلے پی ایچ ڈی سوشیالوجی بیچ کا بھی آغاز کیا گیا جبکہ بی ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی سوشیالوجی اور بی ایس سائیکالوجی پروگرامز میں داخلہ لینے والے طلباء نے اورینٹیشن میں شرکت کی۔

تنظیم اساتذہ کی پروموٹڈ افسران کے اعزاز میں تقریب

سیرت نبویؐ اور اساتذہ کے کردار پر مقررین کے خطابات، کتب اور دیگر تحائف تقسیم

حجرہ شاہ مقیم (آئی این پی) تنظیم اساتذہ پاکستان ضلع اوکاڑہ کے زیرِ اہتمام گورنمنٹ اشرف المدارس ہائی سکول میں ارکان تنظیم کا تنظیمی اجلاس اور ضلع اوکاڑہ کے پروموٹڈ افسران کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب منعقد ہوئی۔ اجلاس کے پہلے سیشن میں محمد شاہد نے درس قرآن دیا جبکہ تحصیل اوکاڑہ کے صدر محمد اشرف خالد نے ''توحید اور اخلاص'' کے موضوع پر درس حدیث پیش کیا جس کے بعد تحصیل دیپالپور کے صدر عطاءاللہ شاکر، تحصیل اوکاڑہ کے صدر محمد اشرف خالد اور تحصیل رینالہ خورد کے صدر عمران صدیق نے اپنی اپنی تنظیمی رپورٹس پیش کیں۔ دوسرے سیشن کا آغاز نگران ڈویژن ساہیوال زاہد سعید کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا جبکہ حافظ عتیق اظہر نے حمد و نعت پیش کی۔

مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش پوری امت مسلمہ پر حملے کے مترادف ہے' سردار محمد یوسف

دفاع حرمین کیلئے عملی کردار کا وقت آ گیا، حرمین شریفین کو نشانہ بنانیکی کوشش ہو تو اس سے بڑھ کر کوئی معاملہ باقی نہیں رہتا

موجودہ حالات میں پاکستان کو مزید صوبوں کی ضرورت ہے، یقین ہے صوبہ ہزارہ بھی بنے گا' وفاقی وزیر مذہبی امور کی گفتگو

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کو پوری امت مسلمہ پر حملے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اب دفاع حرمین شریفین کے لیے عملی کردار ادا کرنے کا وقت آ گیا ہے، جب حرمین شریفین کو نشانہ بنانے کی کوشش ہو تو اس سے بڑھ کر کوئی معاملہ باقی نہیں رہتا، مکہ مکرمہ مسلمانوں کے لیے محض ایک ریڈ لائن نہیں بلکہ اس سے بھی آگے کا معاملہ ہے، بیت اللہ شریف اور مدینہ منورہ میں روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسلمانوں کے ایمان کا حصہ ہیں اور ان مقدس مقامات کے دفاع کی ذمہ داری کسی ایک حکومت نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ پر عائد ہوتی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان معاہدہ اپنی جگہ موجود ہے لیکن اس معاہدے سے ہٹ کر بھی ایک مسلمان کی حیثیت سے پاکستان کی ذمہ داری بنتی ہے کہ دفاع حرمین شریفین کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر1)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کی تعیناتی نہ کرنے کا کیس، پنجاب فوڈ اتھارٹی کو ایک لاکھ روپے جرمانہ

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب فوڈ اتھارٹی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی آسامیوں پر تعیناتی نہ ہونے کے خلاف درخواست پر پنجاب فوڈ اتھارٹی کو ایک لاکھ روپے جرمانہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جرمانہ ادا نہ کرنے پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی ذاتی حیثیت میں پیش ہوں۔

ہائیکورٹ نے میڈیکل کالجز کی فیسیں بڑھانے کا پی ایم ڈی سی نوٹیفکیشن معطل کر دیا

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ایم ڈی سی کی جانب سے میڈیکل کالجز کی فیسیں بڑھانے کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ جسٹس خالد اسحاق نے سینٹرل پارک میڈیکل کالج کی درخواست پر سماعت کی۔

پنجاب بھر میں 1351 ٹریفک حادثات میں 15 افراد جاں بحق 1548 زخمی

لاہور (آئی این پی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1351 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 703 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 845 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔

وزیر تعلیم پنجاب نے تعلیمی اداروں میں سمارٹ لاک ڈاؤن کی تجاویز /افواہوں کو مسترد کر دیا

90 فیصد بچے واک کر کے سکول جاتے ہیں، لہٰذا تعلیمی اداروں کو تین روز تک بند رکھنے کا فیصلہ ٹھیک نہیں

میانوالی (آئی این پی) صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں سمارٹ لاک ڈاؤن کی تجاویز /افواہوں کو مسترد کر دیا ہے، انھوں نے کہا کہ تعلیمی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں گی، بازار کھلے ہیں تو تعلیمی ادارے بھی کھلے رہنے چاہئیں، پنجاب میں سکول 5 روز ہی کھلے رہنے دیں، وفاقی حکومت سے اپیل ہے 90 فیصد بچے واک کر کے سکول جاتے ہیں، لہٰذا تعلیمی اداروں کو تین روز تک بند رکھنے کا فیصلہ ٹھیک نہیں ہے طلبہ اور والدین بھی اس فیصلے سے ناخوش ہیں کیونکہ اس ان کی پڑھائی کا شدید نقصان ہوتا ہے

گوجرخان، سٹریٹ لائٹس کی خرابی کے باعث شہریوں کو شدید دشواری کا سامنا

جی ٹی روڈ سمیت شہر کی اہم شاہراہوں پر خاص کر رات کے اوقات میں خصوصی ناکہ بندی اور چیکنگ کا موثر نظام وضع کیا جائے، شہریوں کا مطالبہ

گوجرخان (آئی این پی) جی ٹی روڈ سمیت گوجرخان شہر کی مختلف شاہراہوں، گلی محلوں اور رابطہ سڑکوں پر رات کے اوقات میں بغیر ہیڈ لائٹس، ٹیل لائٹس، خراب بریک لائٹس اور نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلوں کی بڑھتی ہوئی آمد و رفت نے شہریوں میں تشویش پیدا کر دی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اندھیرے میں ایسی موٹر سائیکلیں دیگر ٹریفک کے لیے واضح طور پر نظر نہ آنے کے باعث حادثات کا خطرہ بڑھا دیتی ہیں، جس کے نتیجے میں بے قصور افراد بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔

مکہ مکرمہ اور مدینہ شریف مسلمانوں کی ریڈ لائن ہے، علامہ صاحبزادہ سید محمد منصور شاہ

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ پر حملہ عالم اسلام پر حملہ تصور ہوگا حوثی ہوں یا کوئی اور حملہ ہوا تو صفحہ ہستی سے مٹا دیں گے

میانوالی (آئی این پی) صوبائی مذہبی سکالر اور شہرت یافتہ خطیب حضرت علامہ صاحب زادہ سید محمد منصور شاہ اویسی قادری نے مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہیکہ مکہ مکرمہ اور مدینہ شریف مسلمانوں کی ریڈ لائن ہے اس کو کراس کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جا سکتی، انھوں نے جمعہ کے روز "میڈیا" سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہیکہ کسی نے بھی مکہ مکرمہ اور مدینہ پاک طرف میلی نگاہ سے دیکھا تو آنکھیں نکال دیں گے، کیونکہ مکہ مکرمہ اور مدینہ پاک ہمارے ایمان کا حصہ ہے، ہم مٹ سکتے ہیں مگر مکہ مکرمہ اور مدینہ پاک حفاظت ہمارا اولین فرض ہے

جماعت اسلامی کے دھرنوں کا 34 واں روز، 45 سے زائد مقامات پر عوام کی بھرپور شرکت

ہمارا لانگ مارچ پرامن اور عوام کے حقوق کے لئے ہوگا، حکومت اوچھے ہتھکنڈوں سے باز رہے' جاوید قصوری

لاہور (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ مہنگائی، پٹرولیم لیوی اور حکومت کی ناقص معاشی پالیسیوں کے خلاف جماعت اسلامی کے احتجاجی دھرنے لاہور سمیت ملک بھر میں 34 ویں روز بھی جاری ہیں، لاہور، پشاور، کراچی، کوئٹہ، چترال، راولپنڈی، سرگودھا، گجرات اور حیدرآباد سمیت 45 سے زائد مقامات پر جاری احتجاجی دھرنوں میں عوام الناس کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے جبکہ خواتین اور نوجوانوں کی بھرپور شرکت عوامی تشویش اور معاشی مسائل کے خلاف شعور کی عکاسی کرتی ہے۔

لاہور: ایک شخص پابندی کے باوجود کھلا پیٹرول فروخت کر رہا ہے

شادی شدہ خاتون کو تنگ کرنے پر تھانہ پپلاں میں مقدمہ درج

میانوالی (آئی این پی) شادی شدہ خاتون کو تنگ کرنے پر تھانہ پپلاں میں مقدمہ درج، تفصیلات کے مطابق میانوالی کی تحصیل پپلاں کے علاقہ حافظ والا کی رہائشی شادی شدہ خاتون فروا خالد اپنے بچوں کو علی اصبح سکول چھوڑنے کے لئے جاتی تھی، تو روزانہ راستے میں کھڑا اوباش نوجوان نجیب اللہ اس کا پیچھا کرتا تھا اور راستے میں اس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ اور دوستی کرنے پر مجبور کرتا تھا

دودھ فروش بھائی تین موٹر سائیکل سواروں نے گولی ماردی

ساہیوال (آئی این پی) نواحی چک 34 بارہ ایل میں ایک دودھ فروش کے بھائی محمد عمران کو تین موٹر سائیکل سواروں نے گولی ماردی جس سے وہ گر گیا تو محمد عمران کو شدید زخمی حالت میں ریسکیو 1122 نے ہسپتال منتقل کر دیا جہاں اسکی حالت نازک ہے۔

کراچی، ایف بی ایریا میں موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں کی شہریوں سے لوٹ مار

بلاک 9 میں ایک شہری سے بیگ، دوسرے سے نقدی اور موبائل فون چھین لیا، واردات کی ویڈیو سامنے آ گئی

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے ایف بی ایریا بلاک 9 میں موٹر سائیکل سوار ڈاکو متعدد شہریوں کو لوٹ کر فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے ایک شہری سے بیگ جبکہ دوسرے سے نقدی اور موبائل فون چھین لیا۔ واردات کی ویڈیو بھی سامنے آ گئی ہے جس میں ملزمان کو شہریوں سے لوٹ مار کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔

گودھا یونیورسٹی میں تعینات نئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر تصور حیات نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

سرگودھا (آئی این پی) سرگودھا یونیورسٹی میں تعینات نئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر تصور حیات نے اپنے عہدہ کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا۔ جنہوں نے قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد سے ریاضی میں پی ایچ ڈی اور جرمنی کی ٹیکنیکل یونیورسٹی سے پوسٹ ڈاکٹریٹ کیا جو 2,559 تحقیقی مقالات کے مصنف ہیں۔ جن کے 2,555 بین الاقوامی طور پر شائع ہوئیں۔

پنجن کسانہ میں دوہرا قتل، 6 نامزد اور 4 نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

لالہ موسیٰ (آئی این پی) پنجن کسانہ کے قریب فائرنگ کے واقعہ میں دو افراد حسنین سکندر اور شہروز علی کے جاں بحق ہونے پر تھانہ صدر کھاریاں میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق واقعہ 17 ستمبر 2026 کو صبح تقریبا 10:40 بجے پیش آیا،

کراچی میں مختلف پولیس مقابلے، ایک ڈاکو ہلاک، 6 زخمیوں سمیت 14 ملزمان گرفتار

کراچی (آئی این پی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلوں میں ایک ڈاکو ہلاک جبکہ 14 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، جن میں 6 زخمی حالت میں گرفتار کیے گئے۔ پولیس کے مطابق ایس آئی یو کی پولیس پارٹی کا صدر میں پارسی اسکول کے قریب مبینہ مقابلہ ہوا، جس میں عبید الرحمان نامی ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار ہوا، جسے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، منیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

2027 کا تاریخی سورج گرہن، پاکستان میں بھی فلکیاتی نظارہ ہوگا

2 اگست کو 21 ویں صدی کا طویل ترین مکمل سورج گرہن، پاکستان میں جزوی گرہن دوپہر سے شام تک دیکھا جا سکے گا

کراچی (آئی این پی) 2 اگست 2027 کو 21 ویں صدی کا طویل ترین مکمل سورج گرہن رونما ہوگا، جس کا جزوی نظارہ پاکستان میں بھی کیا جا سکے گا، تاہم ملک میں سورج مکمل طور پر چاند کے پیچھے نہیں چھپے گا۔ فلکیاتی حسابات کے مطابق مکمل سورج گرہن کا زیادہ سے زیادہ دورانیہ 6 منٹ 23 سیکنڈ تک رہنے کی توقع ہے۔ مکمل گرہن والے علاقوں میں دن کے وقت چند منٹ کے لیے رات جیسی تاریکی چھا جائے گی اور سورج کی بیرونی فضا، جسے کورونا کہا جاتا ہے، نمایاں ہو سکتی ہے۔ گرہن کا راستہ بحر اوقیانوس سے شروع ہو کر اسپین، شمالی مراکش، شمالی الجزائر، شمالی تیونس، شمال مشرقی لیبیا، مصر، سوڈان، سعودی عرب، یمن اور صومالیہ کے بعض علاقوں سے گزرتا ہوا بحر ہند میں چاغوس جزائر کے قریب اختتام پذیر ہوگا۔ پاکستان میں سورج گرہن 2 اگست 2027 کو تقریباً (بقیہ نمبر8)

جعلی کھویا اور پنیر بنانے کی فیکٹری سیل

پیداواری یونٹ بند کر دیے، مالک کے خلاف مقدمہ درج

ساہیوال (آئی این پی) اضافی آبادی کمیر میں جعلی کھویا اور پنیر بنانے کی فیکٹری پر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم کا چھاپہ، فیکٹری اور پیداواری یونٹ سیل کر دیے گئے مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کے فوڈ سیفٹی آفیسر محمد فرحان خالد کی قیادت میں 19 اگست کو ٹیم نے چھاپہ مارا اور ملاوٹی دودھ اور پنیر پاکر اس کے سیمپل لیبارٹری کو بھیج دیے جو کہ مضر صحت اور ملاوٹی غیر معیاری پائے گئے جس پر گزشتہ روز ریاض کی فیکٹری پر کھویا اور پنیر پیداواری یونٹس کو سیل کر دیا غیر معیاری کھویا اور پنیر کو تلف کر دیا گیا، فیکٹری مالک ریاض احمد کے خلاف پولیس کمیر نے محمد فرحان (بقیہ نمبر 9)

نوسر باز جیولر، بیوہ خاتون، بیوپاریوں

ٹریکٹر، نقدی 24 لاکھ 99 ہزار روپے کا چونا لگا کر فرار ہو گئے

ساہیوال (آئی این پی) نوسر باز جیولر، بیوہ خاتون، بیوپاریوں سے 24 لاکھ 99 ہزار روپے کی نقدی، اور ٹریکٹر لیکر فرار ہو گئے۔ صرافہ بازار میں انصاف حسین انجم جیولر سے نوسر باز ظفر اقبال 50 ہزار روپے میں سونے کی انگوٹھی خریدی اور دیگر سونے کا وزن بڑھا کر ایک لاکھ 17 ہزار روپے مالیت لیکر فرار ہو گیا۔ راشد منہاس روڈ پر گنج شکر کالونی کی بیوہ روبینہ اشرف بینک سے پیسے نکلوا کر نکلی تو چار نامعلوم خواتین اور ایک مرد نے گھیر لیا 50 ہزار روپے نقدی اور 90 ہزار (بقیہ نمبر10)

لاہور بزرگ کاریگر سائیکل مرمت کرنے میں مصروف ہے